

# رہنمائے اساتذہ

میری پہچان

# اردو

ابتدائی ۳

پانچ سال کے بچوں کے لیے

ایکولائن

# میری پہچان اُردو (ابتدائی 3)

## سالانہ منصوبہ بندی

| ٹرم | کُل تدریسی ایام | کُل ہفتے | ایام فی ہفتہ |
|---|---|---|---|
| 3 | 150 | 30 | 5 |

نوٹ: یہ سالانہ منصوبہ بندی "میری پہچان اُردو (ابتدائی 3) کی تدریس کا احاطہ کرتی ہے۔ یہ منصوبہ بندی کرتے ہوئے امتحانات کے ایام کو تدریسی ایام میں شامل نہیں کیا گیا۔ 150 ایام صرف تدریس کے لیے مختص ہیں۔ اساتذہ کرام بوقتِ ضرورت اپنے اسکول کے اوقات کار کی مناسبت سے اس منصوبہ بندی میں ترامیم واضافہ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

| | پہلی ٹرم | | کُل ہفتے: 10 |
|---|---|---|---|
| پہلا ہفتہ | تعارف (3 دن) ، مُرغا (نظم) (1 دن)، حروف تہجی کا اعادہ (1 دن) | چھٹا ہفتہ | مصوتہ "ا" کی مشق (الفاظ اور جملے) (5 دن) |
| دوسرا ہفتہ | حروف تہجی کا اعادہ (5 دن) | ساتواں ہفتہ | مصوتہ "و" کی مشق (کہانی، ارکان اور الفاظ) (5 دن) |
| تیسرا ہفتہ | حروف تہجی کا اعادہ (3 دن)، اچھا بچہ بنیے (1 دن)، نٹ کھٹ نو (1 دن) | آٹھواں ہفتہ | مصوتہ "و" کی مشق (الفاظ اور جملے) (5 دن) |
| چوتھا ہفتہ | نٹ کھٹ نو (1 دن)، رانی گُڑیا (نظم) (1 دن)، بصری حروف (یہ، وہ، ہے، ہیں) (3 دن) | نواں ہفتہ | مصوتہ "ی" کی مشق (کہانی، ارکان اور الفاظ) (5 دن) |
| پانچواں ہفتہ | مصوتہ "ا" کی مشق (کہانی، ارکان اور الفاظ) (5 دن) | دسواں ہفتہ | مصوتہ "ی" کی مشق (الفاظ اور جملے) (5 دن) |

| دوسری ٹرم | | کُل ہفتے: 12 | |
|---|---|---|---|
| پہلا ہفتہ | مصوتہ "ے" کی مشق (کہانی، ارکان اور الفاظ) (5 دن) | ساتواں ہفتہ | نون غنہ کے الفاظ (5 دن) |
| دوسرا ہفتہ | مصوتہ "ے" کی مشق (الفاظ اور جملے) (5 دن) | آٹھواں ہفتہ | ہمزہ کے الفاظ (5 دن) |
| تیسرا ہفتہ | مصوتہ "ے" بہ طور درمیانی حرف (3 دن)، اعادہ (2 دن) | نواں ہفتہ | گنتی (4 دن)، گنتی (نظم) (1 دن) |
| چوتھا ہفتہ | کھانے پینے کے آداب (2 دن)، ننھے مُنے نشان (نظم) (1 دن)<br>زبر کا تعارف (2 دن) | دسواں ہفتہ | بصری حروف (میں، ہوں) (2 دن)، مذکر مونث (3 دن) |
| پانچواں ہفتہ | زیر اور پیش کا تعارف (5 دن) | گیارھواں ہفتہ | واحد جمع (3 دن)، متضاد الفاظ (2 دن) |
| چھٹا ہفتہ | اعراب کی مشق (2 دن)، اعادہ (3 دن) | بارھواں ہفتہ | سردی (نظم) (1 دن)، اعادہ (4 دن) |

| تیسری ٹرم | | کُل ہفتے: 8 | |
|---|---|---|---|
| پہلا ہفتہ | شیر اور چُوہا(2 دن)، میرے جسم کے حصے (3 دن) | پانچواں ہفتہ | خرگوش اور کچھوا(2 دن)، میری پسند (1 دن)، میرا گھر (2 دن) |
| دوسرا ہفتہ | پیارے رنگ (4 دن)، سبزی کھایئے (1 دن) | چھٹا ہفتہ | سوچ کر لکھیے (2 دن)، تخلیقی لکھائی کی مشق (3 دن) |
| تیسرا ہفتہ | سبزی کھایئے (3 دن)، بوجھو تو میں کون ہوں؟ (2 دن) | ساتواں ہفتہ | کس نے بنایا؟ (5 دن) |
| چوتھا ہفتہ | بوجھو تو میں کون ہوں؟ (2 دن)، ریل (نظم) (1 دن) اعادہ (2 دن) | آٹھواں ہفتہ | مکمل قاعدے کا اعادہ (5 دن) |

# اساتذہ کرام کے لیے چند عمومی ہدایات

ایکولین پبلشر کا "میری پہچان اُردُو سلسلہ "پاکستانی بچوں کو اُردُو سے محبت کرنے اور زبان بہترین انداز میں سیکھنے کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔ یہ رہنمائے اساتذہ کے جی جماعت کے لیے مرتب کی گئی ہے۔ اس میں "میری پہچان اُردو ابتدائی 3" کی تدریسی منصوبہ بندی شامل ہے۔ ایکولائن پبلشرز کی جانب سے دیے گئے فلیش کارڈز کو بھی منصوبہ بندی کا حصہ بنایا گیا ہے۔ نیز اساتذہ کرام کی آسانی کے لیے ورک شیٹیں بھی دی جارہی ہیں۔ ذیل میں اساتذہ کرام کے لیے کچھ عمومی ہدایات دی جارہی ہیں۔

- چونکہ ہر جماعت کے ماحول اور طلبہ کی ذہنی استعداد میں فرق ہوتا ہے، اس لیے یہ منصوبہ بندی حتمی نہیں ہے۔ اساتذہ کرام اپنی سہولت اور وسائل کے مطابق منصوبہ بندی میں ترمیم واضافہ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔
- سبق کی تدریس سے پہلے پڑھائے جانے والے صفحات کا اچھی طرح جائزہ لیجیے اور تدریسی منصوبہ بندی کے ذریعے سے پڑھانے کا طریقہ سمجھیے۔ اگر ضرورت ہو تو اس منصوبہ بندی میں اپنی جماعت کے مطابق مناسب ردوبدل کر لیجیے۔
- مؤثر تدریس کے لیے منصوبہ بندی پڑھ کر ایک ہفتے کے تدریسی معاونات پہلے سے تیار کر لیجیے تاکہ موقع پر مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔
- اگلے سبق کی تدریس سے پہلے گزشتہ پڑھائے گئے سبق کا اعادہ لازمی کروائیے۔
- جن موضوعات / اسباق میں بچوں کو دقت پیش آرہی ہو، وہ دوبارہ پڑھائیے۔ اس کے بعد اگلے سبق کی تدریس شروع کیجیے۔
- چونکہ بچوں کو کہانیاں سُننا بے حد پسند ہوتا ہے، اس لیے اس کے جی قاعدے میں مصوتوں کی کہانیاں شامل کی گئی ہیں۔ کہانی سُناتے ہوئے اپنے لب ولہجے، آواز کے اُتار چڑھاؤ اور تلفظ کا خصوصی خیال رکھیے۔
- سبق پڑھاتے ہوئے، کوئی نظم یا کہانی سُناتے ہوئے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی لازمی کیجیے۔ اس سے بچوں کی تفہیمی صلاحیت پروان چڑھے گی اور وہ متوجہ بھی رہیں گے۔
- اس رہنمائے اساتذہ کو بہتر بنانے کے لیے اپنی تجاویز اور آرا ہمیں ارسال کیجیے۔ تدریس میں کسی قسم کی مشکل پیش آنے کی صورت میں ادارے سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ ہم آپ کی معاونت کے لیے ہر دم تیار ہیں!

# میری پہچان اُردو (ابتدائی 3)

کسی بھی زبان کو مؤثر انداز سے سِکھانے کے لیے اس کے بولنے میں زبان کی چار مہارتوں (سُننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا) بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ زیرِ نظر رہنمائے اساتذہ میں زبان کی چاروں مہارتوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

## سُننا، بولنا:

- اس عمر کے بچوں کے لیے سُننا، بولنا کی مہارت بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ اس لیے تدریسی منصوبہ بندی میں گفت و شنید کے موضوعات اور سوالات شامل کیے گئے ہیں۔ کوشش کیجیے کہ تمام بچے گفتگو میں حصہ لیں۔
- ہر سبق کے ساتھ دی گئی 'لسانی مشق' سُننے، بولنے کی مہارت پروان چڑھانے کے لیے شامل کی گئی ہے۔ یہ سوالات لازمی پوچھیے۔
- ایسے بچے جو بات چیت کرنے میں جھجک محسوس کرتے ہوں، انھیں گفتگو کا زیادہ سے زیادہ موقع دیجیے۔
- سُنانے کے صفحات کا اچھی طرح جائزہ لیجیے۔ بغور پڑھیے اور تدریس کا طریقہ سمجھیے۔
- اس قاعدے میں شامل نظمیں اور سُنانے کی کہانیاں خود پڑھیے۔ پڑھتے ہوئے ترنم، لَے اور آہنگ کا خاص خیال رکھیے۔ بچوں کو ساتھ ساتھ دُہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- یاد رکھیے! بچے ابھی مشکل متن نہیں پڑھ سکتے۔ البتہ ارکانی الفاظ (ا، و، ی، ے سے بننے والے سادہ الفاظ) پڑھ سکتے ہیں۔ بچوں کی آسانی کے لیے ان الفاظ کو رنگین کر دیا گیا ہے۔ نظم اور کہانی سُنانے کے بعد بچوں کو رنگین الفاظ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔

## نمونے کے صفحات

رنگین الفاظ کی تکنیک




سننے بولنے کی مہارت کی مشق

رنگین الفاظ کی تکنیک




سننے بولنے کی مہارت کی مشق

## پڑھنا:

- بچوں کو انگلی رکھ کر پڑھنے کی مشق کروایئے تاکہ وہ دیکھ کر نہ صرف لفظ پہچان سکیں، بلکہ زبان سے با آواز بلند ادا بھی کر سکیں۔
- اس سطح پر بچہ اصوات کو ملانا، یعنی ارکان اور الفاظ بنانا سیکھ رہا ہے۔ اس لیے صوتی طریقہ تدریس سے الفاظ پڑھنا سکھایئے۔
- تدریس کے لیے فلیش کارڈز بنایئے۔ ایسے فلیش کارڈز کے لیے الفاظ، تدریسی منصوبہ بندی کے ساتھ دیے گئے ہیں۔ ان کے پرنٹ لے لیجیے اور چارٹ کے ٹکڑوں پر چسپاں کر کے جماعت میں استعمال کیجیے۔
- کارڈ کا سائز 6x6 رکھیے تاکہ بچے لفظ با آسانی دیکھ سکیں اور پڑھ سکیں۔
- پڑھنے کے لیے 'دیکھنا' بہت اہم مہارت ہے۔ بچوں کو تصویر غور سے دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ تصویر کا نام پوچھیے۔ پھر لفظ میں موجود حروف کے آوازیں پوچھیے۔ یاد رکھیے! لفظ پڑھنے کے لیے حروف کی آوازوں کی پہچان بہت ضروری ہے۔ مثال کے طور پر لفظ 'بابا' بچہ تبھی پڑھ سکے گا، جب وہ اس میں موجود 'ب' کی چھوٹی شکل کو پہچان کر آواز / ب / ادا کر سکے گا۔ / ب / اور / ا / دو آوازیں مل کر 'با' بناتی ہیں۔
- اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ الفاظ فوراً پہچان لے اور لفظ روانی سے پڑھنے کے قابل ہو جائے، تو حروف کی چھوٹی اشکال اور آوازوں کی بار بار مشق کرایئے۔ مسلسل مشق ہی کامیابی کی کنجی ہے۔

## نمونے کے صفحات






## لکھنا:

- اس عمر کے بچوں کے لیے درست پنسل پکڑنے اور دباؤ سے لکھنے کی مشق بہت ضروری ہے۔ اکثر بچے اسی لیے حرف درست بناوٹ سے نہیں لکھ پاتے کیونکہ پنسل پر ان کی گرفت ٹھیک نہیں ہوتی۔ بچوں میں فائن موٹر کی مہارت (Fine Motor Skill) پروان چڑھانے کے لیے اس رہنمائے اساتذہ میں دی گئی تمام سرگرمیاں جماعت میں کروائیے۔
- پنسل پر گرفت مضبوط کروانے کے بعد بچوں کو حرف کی نقل (Tracing) اور پھر آزادانہ لکھائی کروائیے۔
- ایسی سرگرمیاں جن میں لکھنے اور پڑھنے کی سرگرمی ایک ساتھ دی گئی ہے، ان کے لیے پہلے لکھنے کا کام کروائیے اور بعد ازاں پڑھوائیے۔
- منصوبہ بندی کے ساتھ دی گئی ورک شیٹوں کا کام کروانے کے بعد ضائع مت کیجیے بلکہ بچوں کی کاپی میں چسپاں کر دیجیے۔۔


## نمونے کے صفحات






# نمونے کے صفحات (مشق)

مشق کے صفحات کا اچھی طرح جائزہ لیجیے۔ بغور پڑھیے اور ہر کام کی زبانی مشق کروانے کے بعد جوڑیوں یا گروپوں میں کام کروایئے۔




- بچوں کو روایتی جوڑ توڑ 'ب، الف با' ہر گز مت کروایئے۔ صوتی طریقۂ تدریس سے الفاظ پڑھنا سکھایئے۔ اگر حروف لکھے ہیں تو آوازیں الگ الگ ادا کروانے کے بعد ملا کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- ایک مثال خود دیجیے۔ پھر بچے اسی طریقے سے کام کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔ بورڈ پر مشق کے بعد قاعدے پر کام کروایئے۔
- دائیں سے بائیں اور اُوپر سے نیچے تیر کے نشان سمجھایئے اور سمت کی مشق کروایئے۔




- جملوں کی تکمیل کی سرگرمی کے لیے پہلے زبانی مشق کروایئے۔ بچوں سے بصری الفاظ پڑھوایئے اور درمیان میں موجود تصویر کا نام پوچھیے۔
- بورڈ پر تصویر کا نام لکھوایئے۔ اس مشق کے بعد بچوں کو قاعدے پر کام کرنے کی ہدایت دیجیے۔

# پہلی ٹرم (پہلا ہفتہ) مصوتہ "ا" کی مشق (کہانی، ارکان اور الفاظ)

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5<br><br>پیریڈ: 40 منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ اپنے استاد، اسکول اور جماعت کا تعارف جان سکیں گے۔<br>■ اپنا تعارف کروا سکیں گے۔<br>■ اپنے ساتھیوں کا تعارف کروا سکیں گے۔<br>■ نظم سن کر ساتھ ساتھ دہرا سکیں گے۔<br>■ حروف تہجی کے نام اور آوازیں ادا کر سکیں گے۔ |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: کے جی قاعدہ
- دوسرے دن کے لیے: فوٹو فریم بنوانے کے لیے رنگین چارٹ پیپر کے چوکور ٹکڑے، رنگین آئس کریم اسٹیکیں، گلو
- تیسرے دن کے لیے: کالے رنگ کا چارٹ، روئی اور گلو پیپر، سفید فومنگ شیٹ کے کٹے سٹار اور چاند
- چوتھے دن کے لیے: ورک شیٹ، مختلف رنگوں کا اونی دھاگا، گلو (صفحہ نمبر 4)
- پانچویں دن کے لیے: حروف تہجی کے کارڈ، طلبہ کی تعداد کے مطابق گُڈیز بیگ (فومنگ شیٹ کے بیگ تیار کیجیے اور ان میں چاکلیٹ، ٹافیاں وغیرہ ڈال کر انھیں ربن کی مدد سے بند کرے بیگ تیار کیجیے۔) (صفحہ نمبر 5)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا، بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- پہچاننا
- ترتیب دینا
- تلاش کرنا
- دوبارہ بیان کرنا
- منتخب کرنا

## پہلا دن: تعارف


- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- طلبہ کا اس جماعت میں پہلا دن ہے۔ انھیں اپنا تعارف اور اسکول کا تعارف مختلف اور ہلکے پھلکے انداز میں کروائیے۔
- طلبہ کو جماعت کے مختلف حصوں کی طرف لے جائیں اور انھیں جماعت میں موجود الماری اور لائبریری کارنر وغیرہ کے متعلق وضاحت سے بتائیے۔ ممکن ہو تو انھیں اسکول کا دورہ کروائیے اور اسکول کے مختلف حصوں کا مختصر تعارف کروائیے۔
- پھر انھیں بچوں سے متعلق کوئی آسان، دل چسپ اور نصیحت آموز کہانی سنائیے۔ قاعدے کے صفحہ نمبر 36 سے کہانی "میاں مٹھو" بھی سنائی جا سکتی ہے۔
- کہانی کے اختتام پر طلبہ سے پوچھیے کہ وہ کیسے اپنے بہن بھائیوں یا والدین کی کاموں میں مدد کرتے ہیں؟ وغیرہ۔
- اس درجے کے طلبہ کہانیاں اور نظمیں بہت شوق سے سنتے ہیں۔ انھیں بہت سی کہانیاں اور نظمیں ازبر یاد ہوتی ہیں۔ ان سے ان کی پسند کی نظم یا کہانی جماعت میں دیگر ساتھیوں کو سنانے کے لیے کہیے۔

جانچ: طلبہ کو پہلے اپنا نام اور پھر اسکول کا نام بتانے کے لیے کہیے۔ گھر کا کام: طلبہ کو اپنی ایک ایک فوٹو لے کر آنے کا کام دیجیے۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

## دوسرا دن: ذاتی تعارف

- تمام طلبہ کو گروہی صورت میں بٹھایئے۔ ان میں آئس کریم اسٹیکیں اور چارٹ کے ٹکڑے تقسیم کیجیے۔ طلبہ کے ساتھ گروہی صورت میں بیٹھیے اور ان کی مدد کرتے ہوئے درج ذیل طریقے کے مطابق فوٹو فریمICE CREAM STIKS PHOTO FRAME تیار کروایئے۔ پھر ہر طالب علم کی ایک ایک تصویر فریم میں چسپاں کروایئے۔




- سرگرمی مکمل ہو جانے پر تمام طلبہ باری باری اپنا فریم گروہی صورت میں ہی طلبہ کو دکھاتے ہوئے اپنا تعارف کروائیں۔ طلبہ اپنا نام، عمر اور پسندیدہ کھیل کا نام بتائیں۔ پھر تمام طلبہ سے یہ تصویری فریم لے کر ایک چارٹ پیپر پر چسپاں کریں اور اس چارٹ کو جماعت میں نمایاں جگہ پر آویزاں کیجیے۔
- جانچ: باری باری طلبہ کو چارٹ پیپر میں سے اپنی اپنی تصویر تلاش کر کے نشان دہی کرنے اور اپنا نام بتانے کی ہدایت دیجیے۔
- گھر کا کام: اپنی پسند کا کھلونے لے کر آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: استاد اور ایک دوسرے کا تعارف

- طلبہ کو جوڑیوں کی صورت میں بٹھایئے۔ انھیں ہدایت دیجیے کہ وہ ایک دوسرے کو اپنا تعارف کروائیں۔
- اپنا، نام، پسندیدہ کھلونے اور ناپسندیدہ اشیا کے بارے میں بتائیں۔ بعد ازاں طلبہ باری باری جماعت کے سامنے پیش ہوں اور ایک دوسرے کا تعارف کروائیں۔ اس سرگرمی کے تحت طلبہ ایک دوسرے سے اچھی طرح واقف ہو سکیں گے۔
- طلبہ سے سرگرمی FUN WITH SKY کروانے کے لیے انھیں گروہی صورت میں بٹھایئے اور درج ذیل طریقے کے تحت چارٹ تیار کروانے کے لیے تمام طلبہ میں ایک ایک سٹار تقسیم کریں۔
- ان سے باری باری ان کا نام اور نام کا پہلا حرف پوچھیے اور پھر یہ حرف سٹار پر لکھوایئے۔ تمام بچوں سے یہ سرگرمی کروانے کے بعد ان سٹارز کو چارٹ پر چسپاں کروائیں اور بادلوں میں روئی چسپاں کروانے کی سرگرمی بھی کروائیں۔
- اس چارٹ پیپر کو جماعت میں نمایاں جگہ پر آویزاں کر دیں۔



- جانچ: باری باری طلبہ کو چارٹ پیپر میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے نشان دہی کرنے اور اپنا نام بتانے کی ہدایت دیجیے۔
- گھر کا کام: اپنے نام کا پہلا حرف خوش خط لکھ کر لانے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: نظم "مرغا"

کمرہ جماعت میں چابی یا بیٹری کی مدد سے چلنے والا مرغا کھلونا لے جائیں۔

- طلبہ کو کھلونا دکھاتے ہوئے اس کا نام اور آواز پوچھیں۔
- میز یا زمین پر کھلونا چلا کر بچوں کو دکھائیں۔
- طلبہ سے مختصر سوالات پوچھیں: مرغے کی کتنی ٹانگیں ہیں؟ مرغا جانور ہے یا پرندہ؟ وغیرہ۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 4 کھلوایئے۔ صفحے پر انگلی رکھ کر مرغے کی تصویر کی نشان دہی کرنے کے لیے کہیے۔
- نظم "مرغا" ترنم اور لے سے پڑھیے اور ساتھ ساتھ بچوں کو دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں کو نظم دو سے تین بار پڑھوایئے۔
- طلبہ کو گروپوں کے صورت میں بٹھایئے۔ طلبہ کو ایک ایک ورک شیٹ اور رنگ برنگ کے اونی دھاگے دیجیے۔ ہر گروپ کے پاس باری باری جایئے اور ورک شیٹ پر دیے تصویری خاکے پر گلو کی مدد سے دھاگا چسپاں کروانے کی سرگرمی کروایئے۔
- طلبہ کو ایک بار پھر سے نظم پڑھوایئے۔
- طلبہ کو باری باری جماعت میں سامنے آکر اپنی ورک شیٹ دکھاتے ہوئے مرغے سے متعلق دو دو جملے بتانے کے لیے کہیے۔
- جانچ: طلبہ سے سولات پوچھیے: مرغے کی آواز نکالیے؟ مرغا کیا کہتا ہے؟ مرغا کب ککڑوں کوں کرتا ہے؟
- گھر کا کام: نظم "مرغا" یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## پانچواں دن: حروف تہجی


قاعدے کا صفحہ نمبر 5 کھلوایئے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دیے گئے حرف کے نام اور آوازیں بلند آواز سے پڑھوائیں۔

- حروف تہجی کے بے ترتیب کارڈ میز پر پھیلا دیں۔
- "ا" کا کارڈ تختہ تحریر پر چسپاں کریں۔ پھر باری باری ایک ایک بچے کو بلا کر اگلے سے اگلا حرف تلاش کر کے تختہ تحریر پر چسپاں کروانے کی سرگرمی کروائیں۔ سرگرمی مکمل ہو جانے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ان میں گُڈیز بیگ تقسیم کیجیے۔
- اب طلبہ کے ساتھ مل کر حروف کے پہلے نام اور پھر آوازیں تختہ تحریر سے دیکھتے ہوئے ادا کیجیے۔
- کچھ بچوں کو ایک ایک کر کے تختہ تحریر کے قریب بلایئے اور کسی ایک حرف کا نام اور آواز ادا کیجیے۔ پھر بچے کو تختہ تحریر پر پہلے سے لگے حروف تہجی کے کارڈوں میں سے متعلقہ حرف تلاش کر کے اس کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے حرف کا نام اور آواز دہرانے کے لیے کہیے۔
- طلبہ کو بتائیں کے حروف تہجی کی تختی میں کل 38 حروف ہوتے ہیں۔
- جانچ: اب ایک ایک کر کے کسی ایک حرف کا نام ادا کریں اور کسی بھی بچے کو اس حرف کی آواز بتانے کی ہدایت دیجیے۔
- گھر کا کام: حروف کے نام اور آوازوں کی دہرائی کرنے کا کام دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

# ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

خاکے میں گلو کی مدد سے رنگ برنگ کے دھاگے چسپاں کیجیے۔



# حروف تہجی کا اعادہ

| | |
|---|---|
| کُل دن:5<br><br>پیریڈ: 40 منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>▪ بھاری آوازوں والے حروف کے نام آوازیں ادا کر سکیں گے۔<br>▪ تصویر کا نام اور اور شروع کی آواز والا حرف لکھ سکیں گے۔<br>▪ بے ترتیب حروف کو درست ترتیب سے لکھ سکیں گے۔<br>▪ پہلے،، بعد اور رمیان میں آنے والا حرف لکھ سکیں گے۔<br>▪ حروف تہجی کی تختی مکمل کر سکیں۔گے۔<br>▪ تصویر کی شروع کی آواز کی نشان دہی کر سکیں گے۔<br>▪ حروف کی املا لکھ سکیں گے۔ |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: بھاری آواز سے شروع ہونے والے ناموں کے فلیش کارڈ[ بھیڑ، پھول یا پھل، دھوبی، ڈھول، کھلونا، گھوڑا وغیرہ] کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 5)

دوسرے دن کے لیے: ورک شیٹ، کریون (صفحہ نمبر 6,7)

- تیسرے دن کے لیے: صفحہ نمبر 8 پر دیے گئے حروف کے کارڈ، فومنگ شیٹ کے کٹے سٹار (صفحہ نمبر 8)
- چوتھے دن کے لیے: مٹی سے بنی مختلف رنگوں کی ڈو (صفحہ نمبر 9,10)
- پانچویں دن کے لیے: بھاری آوازوں والے حروف کے بنے Crown[ چارٹ پیپر، گلو، لاسٹک اور فومنگ شیٹ کی مدد سے تیار کیجیے ](صفحہ نمبر 11)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا، بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- پہچاننا
- شناخت کرنا
- ترتیب دینا

**پہلا دن:** دو چشمی حروف کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- بچوں کو بھاری آوازوں پر مشتمل الفاظ پر مبنی کہانی دو سے تین بار سنائیے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- پیارے بچو! ایک بھیڑ اور گھوڑا دونوں دوست تھے۔ ایک دن وہ پھل خریدنے کے لیے بازار پہنچے۔ انھوں نے ایک ٹھیلے سے مزے مزے کے تازہ پھل خریدے اور ایک تھیلے میں ڈال لیے۔ موسم بہت سہانا تھا۔ چھم چھم بارش بھی برس رہی تھی۔ وہاں ایک ڈھول والا ڈھول بجا رہا تھا۔ جس کی آواز پر کچھ بچے ناچ رہے تھے۔ بھیڑ اور گھوڑا بھاری پھلوں کا تھیلا اٹھائے بچوں کا ناچ دیکھنے لگے۔ وہ بہت شوق سے یہ ناچ دیکھ رہے تھے کہ انھیں دھیان ہی نہ رہا کہ ان کے تھیلے میں سے ایک ایک کر کے پھل گرنے لگے۔ یہ کیا۔۔۔؟ ایک ایک کر کے سب پھل تھیلے میں سے گر گئے۔ یہ دیکھ کر سب بچے دوڑے آئے اور انھوں نے بھیڑ اور گھوڑے کی مدد کی اور سارے پھل پھر سے تھیلے میں ڈال دیے۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

- پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنائیے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔
- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے بھاری آوازوں پر مشتمل الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں: آپ اپنے دوست کا نام بتائیے؟ ڈھول کی آواز بتائیے؟ بھیڑ اور گھوڑے نے بازار سے کیا خریدا؟ ان کے تھیلے میں سے پھل کیوں گر گئے؟ سب بچے کیوں دوڑے دوڑے آئے۔ وغیرہ
- قاعدے کا صفحہ نمبر 5 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے بھاری حروف کے نام اور آوازیں بلند آواز سے پڑھوائیں۔
- جانچ: اب ایک ایک کر کے بچوں کو فلیش کارڈ دکھائیں اور پھر انھیں مل کر ایک ساتھ تصویروں کے نام اور ان کی ابتدائی حرف کا نام اور آواز بتانے کی ہدایت دیجیے۔
- گھر کا کام: بھاری حروف کے نام اور آوازوں کی دہرائی کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: آوازوں کی پہچان

- طلبہ میں ورک شیٹیں تقسیم کیجیے اور انھیں ہدایت دیجیے کہ وہ گھوڑے کے خاکے میں کریون کی مدد سے رنگ بھریں۔
- پھر طلبہ کو نظم ترنم اور لے کے ساتھ سنائیے؛

لکڑی کی کاٹھی
کاٹھی پہ گھوڑا
گھوڑے کی دم پہ جو مارا ہتھوڑا
گھوڑا گھوڑا، دوڑا دوڑا دم دبا کر دوڑا

اب طلبہ سے لفظ گھوڑا کے شروع کے حرف کا نام اور آواز پوچھیے۔ انھیں بتائیے کہ آج وہ اسی طرح کچھ اور تصویروں کے شروع کے حرف کی پہچان کریں گے۔

- قاعدے کا صفحہ نمبر 6 کھلوائیے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی تصویروں کے نام بتانے کے لیے کہیے۔
- پھر ہر تصویر کے شروع کے حرف کا نام اور آوازوں کی بلند خوانی کریں اور طلبہ کو سن کر دہرانے کے کہیے۔
- اب طلبہ کو انفرادی طور پر ایک ایک تصویر کا نام، شروع کے حرف کا نام اور آواز بتانے کے لیے کہیے۔
- صفحہ نمبر 6 پر دیا گیا کام بچوں سے کروائیے۔
- جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 6 پر "لسانی مشق" میں دیے گئے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: کتاب کے صفحہ نمبر 7 پر دی گئی سرگرمی مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: حروف کی ترتیب درست کرنا

- کچھ طلبہ سے حروف تہجی زبانی سنیے۔
- حروف تہجی "ا" سے "ٹ" تک کے کارڈ تختہ تحریر پر بے ترتیبی سے چسپاں کیجیے۔
- اب ان کارڈوں کے نیچے سات خانے بنا دیں۔ تختہ تحریر پر لگے کارڈوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے طلبہ سے کہیں کہ حروف تہجی کی ترتیب ان کارڈوں میں آگے پیچھے ہو گئی ہے۔ ان کارڈوں کو درست ترتیب میں لگانے میں میری مدد کیجیے۔ پھر طلبہ سے پوچھیں کہ حروف تہجی میں کون سا حرف پہلے آتا ہے۔ جواب دینے پر "ا" کا کارڈ اتار کر پہلے خانے میں چسپاں کر دیں۔ اب ان سے "ا" سے اگلا حرف بتانے کے لیے کہیے۔ اسی طرح طلبہ کی مدد سے تمام حروف کے کارڈوں

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

کو درست ترتیب کے ساتھ چسپاں کیجیے۔ سرگرمی مکمل ہو جانے پر ان حروف کی خود بلند خوانی کیجیے اور طلبہ کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔

- طلبہ کو گروپوں میں تقسیم کریں۔
- ہر گروپ میں حروف (س، ص، ط، ظ، ض، ش) کے کارڈ تقسیم کیجیے۔ طلبہ سے کہیے کہ ہر گروپ کے بچے ان کارڈوں کو درست ترتیب سے میز پر رکھنے میں ایک دوسرے کی مدد کریں۔ جب سب گروپ کے بچے کام مکمل کر لیں۔ تو ہر گروپ کے پاس جائیے اور ان کی لگائی گئی حروف کی ترتیب چیک کیجیے۔ درست طور پر سرگرمی مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ان کے چہروں پر فومنگ شیٹ کے کٹے سٹار چسپاں کیجیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 8 کھلوائیے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دیے گئے حروف کے پہلے دو سیٹوں کو درست ترتیب سے لکھوانے کا کام کروائیے۔
- جانچ: تختہ تحریر پر حروف (ک، ف، غ، ع، گ، ق) کے کارڈ بے ترتیبی سے چسپاں کیجیے اور مختلف بچوں سے باری باری درست ترتیب میں ایک ایک حرف کا کارڈ تختہ تحریر پر ہی درست ترتیب کے ساتھ چسپاں کروانے کی سرگرمی کروائیے۔ اس سرگرمی کے دوران میں جماعت کے دیگر طلبہ ترتیب کے مطابق درست حرف کا انتخاب کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔
- گھر کا کام: کتاب کے صفحہ نمبر 8 پر دیے گئے حروف کے سیٹ نمبر 3 کو درست ترتیب سے لکھنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: حروف تہجی

- تمام طلبہ کو حروف تہجی کی تختی پڑھائیے تاکہ حروف کے نام اور آوازیں طلبہ کو ذہن نشین ہو جائیں۔
- تختہ تحریر پر کچھ حروف (چ، گ، ق، خ، ن، پ، ص، ز) ایک ایک کر کے لکھیے اور پھر مختلف طلبہ سے ان حروف سے پہلے اور بعد میں آنے والے حروف لکھوائیے۔
- تمام طلبہ سے باری باری ان کے نام کی شروع کی آواز بھی پوچھیے۔
- طلبہ کو گروپوں میں بٹھائیے۔ ان میں مٹی سے بنی مختلف رنگوں کی پلے ڈو تقسیم کیجیے۔ انھیں ہدایت دیجیے کہ وہ اپنے نام کے شروع کی آواز والے حرف کی شکلوں کو ڈو کی مدد سے بنائیں۔
- تمام گروپوں کا جائزہ لیجیے اور اس بات کو یقینی بنائیے کہ طلبہ اپنا اپنا کام درست طور پر کر رہے ہوں۔
- سرگرمی مکمل ہو جانے کی صورت میں طلبہ سے کہیے کہ وہ ڈو کی مدد سے بنایا گیا اپنا اپنا حرف جماعت میں دیگر بچوں کو دکھائیے اور اپنا نام بھی بتائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 9 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی سرگرمیوں کا کام مکمل کروائیے۔
- جانچ: طلبہ سے حروف (س، م ک، ت، د) کے بعد میں آنے والے حروف پوچھیے۔
- گھر کا کام: کتاب کے صفحہ نمبر 10 کا کام مکمل کیجیے۔

## پانچواں دن: تصویروں کی ابتدائی آوازوں کی پہچان

- کچھ طلبہ کو منتخب کیجیے اور انھیں بھاری آوازوں والے حروف کے (crown) پہنائیے۔ ان طلبہ کو جماعت میں بے ترتیبی سے کھڑا کیجیے۔ پھر جماعت میں موجود دیگر طلبہ کی مدد سے ان (crown) والے طلبہ کی ترتیب درست کیجیے یعنی پہلے بھ اور پھر پھ والے (crown) والا بچہ۔
- اب ان (crown) کی مدد سے طلبہ کو بھاری آوازوں والے حروف کی بلند خوانی کروائیے۔ خود پڑھیے اور طلبہ کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- اب لفظ تھیلا بولیے اور ہدایت دیجیے کہ اس لفظ کی شروع کی آواز والے (crown) والا بچہ جماعت میں چلتا ہوا باقی بچوں سے آگے آ کر کھڑا ہو جائے۔ پھر سب بچے مل کر اس حرف کا نام اور آواز ادا کریں۔
- اسی طرح سے الفاظ (ڈھول، جھولا، چھتری) کے شروع کی آوازوں والے حروف کی شناخت کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 11 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی سرگرمیوں کا کام مکمل کروائیے۔ املا کے لیے ہلکی اور بھاری آوازوں والے حروف میں سے کوئی

سے دس حروف طلبہ سے زبانی لکھوائیں۔ املا کی سرگرمی کا کام کروانے سے قبل طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ وہ حروف کی درست بناوٹ اور خوش خطی کا خاص خیال رکھیں۔

- جانچ: چند طلبہ سے حروف [ج، ع، س، کھ، ت، دھ، ک، پ] کی املا بورڈ پر لکھوایئے۔
- گھر کا کام: حروف کی مکمل اور چھوٹی اشکال کی دہرائی کر کے آنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

## (پرنٹنگ کا مواد)

### تصویری فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(ان تصاویر کے رنگین پرنٹ لے کر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)









(پرنٹنگ کا مواد)

## تصویری فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(ان تصاویر کے رنگین پرنٹ لے کر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)






We Publish Future..
Pu ksellers

## ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)

گھوڑے کے خاکے میں کریون کی مدد سے رنگ بھریے۔



# پہلی ٹرم (تیسرا ہفتہ) حروف تہجی کا اعادہ، اچھا بچہ نظم، نٹ کھٹ نو

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- چھوٹی اشکال کی نشان دہی کر سکیں گے۔
- متعلقہ حروف لکھ سکیں۔
- السلام علیکم، خدا حافظ، معاف کرنا اور شکریہ کے الفاظ موقع کی مناسبت سے ادا کر سکیں گے۔
- نٹ کھٹ نو حروف کی شناخت کر سکیں گے۔

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: حروف تہجی کی مکمل اشکال پر مشتمل اسٹیکی نوٹس (اسٹیکی نوٹس پر حروف کی مکمل اشکال لکھ کر نوٹس تیار کر لیں)، ورک شیٹ کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 12)
- دوسرے دن کے لیے: رنگ دار پنسلیں (صفحہ نمبر 13)
- تیسرے دن کے لیے: حروف تہجی کی پرچیاں (صفحہ نمبر 14,15,16)
- چوتھے دن کے لیے: کے۔جی قاعدہ (صفحہ نمبر 17)
- پانچویں دن کے لیے: نٹ کھٹ نو حروف پر مشتمل چارٹ (صفحہ نمبر 18)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- شناخت کرنا
- پہچاننا
- فرق کرنا
- تلاش کرنا

## پہلا دن: حروف کی چھوٹی اشکال کی پہچان

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰه پڑھنی چاہیے۔
- بورڈ پر حروف کی چھوٹی اشکال لکھیں۔ طلبہ حروف کی چھوٹی اشکال پچھلے درجے میں سیکھ چکے ہیں۔ ان سے حروف کی بلند خوانی کروائیں۔
- حروف تہجی کی مکمل اشکال کے اسٹیکی نوٹس میز پر پھیلا دیں۔ انہی حروف کی چھوٹی اشکال بورڈ پر لکھیے۔
- اب مختلف طلبہ سے مکمل شکل والے حرف کی چٹ اُٹھوائیے اور بورڈ پر درست چھوٹی شکل کے ساتھ چسپاں کروائیے۔
- اس کے بعد طلبہ کی جوڑیاں بنا دیں اور ان میں ورک شیٹیں تقسیم کریں۔
- انھیں ہدایت دیجیے کہ وہ حروف کی چھوٹی اشکال کے گرد دائرے بنائیں۔ ورک شیٹ کا کام مکمل کروائیے۔
- جانچ: چند طلبہ سے حروف (چ، ل، ش، ف، ٹ، ع) کی چھوٹی اشکال بورڈ پر لکھوائیے۔
- گھر کا کام: قاعدے کے صفحہ نمبر 12 پر دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

## دوسرا دن: متعلقہ حروف کی پہچان

- چند طلبہ سے حروف کی چھوٹی شکلیں بورڈ پر لکھوایئے۔
- طلبہ میں رنگ دار پنسلیں تقسیم کریں۔ ان سے قاعدے کے صفحہ نمبر 13 پر دی گئی پہلی سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔ انھیں ہدایت دیجیے کہ وہ ہر حرف کی چھوٹی شکل میں رنگ بھریں۔
- طلبہ سے وہ حروف بورڈ پر لکھوایئے جن کی چھوٹی شکلیں نہیں ہوتیں۔ انھیں بتایئے کہ بھاری آوازوں والے حروف کی بھی چھوٹی شکلیں نہیں ہوتیں۔ مکمل شکلوں والے حروف بورڈ پر لکھوانے کے بعد طلبہ سے ان حروف کی بلند خوانی کروایئے۔
- پھر قاعدے کے صفحہ نمبر 13 پر دی گئی دوسری سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔
- جانچ: چند طلبہ سے حروف (ص، پ، ی، غ، ن، م، س، ح) کی چھوٹی اشکال بورڈ پر لکھوایئے۔
- گھر کا کام: حروف تہجی کی مکمل تختی کی آوازوں اور بناوٹ کا اعادہ کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: متعلقہ حروف کی پہچان

- طلبہ سے قاعدہ کا صفحہ نمبر 14 کھلوایئے۔
- اس صفحے پر دی گئی حروف تہجی کے ناموں کی بلند خوانی طلبہ سے کروایئے۔ طلبہ کی جوڑیاں بنا دیں۔ اب طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ وہ جوڑیوں میں کتاب پر دی گئی تختی میں سے ایک نقطے والے حروف تلاش کر کے بتائیں۔ طلبہ کے درست بتائے گئے حروف بورڈ پر ایک کالم بنا کر اس میں لکھیے۔
- پھر اسی طرح دو نقطوں والے حروف طلبہ سے پوچھیے اور، متعلقہ کالم میں لکھیے۔ اسی طرح تین نقطے، "ط" والے اور بغیر نقطے والے حروف لکھیے۔
- طلبہ سے ان حروف کی بلند خوانی بورڈ پر دیکھ کر کرنے کے لیے کہیے۔ پھر کتابوں پر دیا گیا یہ کام مکمل کروایئے۔
- جانچ: میز پر حروف کی پرچیاں پھیلا دیں۔ ہر گروپ کے طلبہ کو باری باری بلایئے۔ پہلے گروپ کو ایک نقطے والے دوسرے گروپ کو دو نقطے والے، تیسرے گروپ کو "ط" والے اور چوتھے گروپ کو بغیر "نقطے اور ط" والے حروف کی پرچیاں تلاش کرنے کی ہدایت دیجیے۔ بعد ازاں تمام گروپوں کی تلاش کی گئی پرچیاں چیک کریں۔ درست پرچیاں تلاش کرنے والے طلبہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 15 کی آخری اور صفحہ نمبر 16 پر دی گئی سرگرمی کا کام کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: موقع کی مناسبت سے الفاظ کا استعمال

- جماعت میں جا کر درج ذیل الفاظ مختلف موقعوں پر دہرایئے:
- جماعت میں داخل ہوں اور بچوں کو السلام علیکم کہیے۔
- کسی بچے سے کہیے کہ وہ آپ کو اپنا اردو کا قاعدہ پکڑائے۔ بچے سے قاعدہ پکڑتے ہوئے دانستہ طور پر گرا دیجیے۔ اس پر معاف کیجیے کے الفاظ ادا کیجیے۔ پھر سے کتاب پکڑانے پر شکریہ کا لفظ واضح طور پر ادا کیجیے۔
- پھر طلبہ کے سامنے درج بالا تینوں الفاظ دہراتے ہوئے وضاحت سے بتایئے کہ ان لفظوں کا استعمال آپ نے کن کن مواقعوں پر اور کیوں کیا۔
- پھر طلبہ کو درج ذیل واقعہ ایک سے دو بار سنایئے: [کردار: عثمان اور حسن کا نام بدل کر کمرہ جماعت میں سے کسی دو بچوں کا نام لیتے ہوئے یہ واقعہ سنایئے یا پھر اگر ممکن ہو تو اپنی یا کسی بڑے درجے کی جماعت کے دو طلبہ کو منتخب کر کے درج ذیل ایکٹ کو جماعت میں پیش کروایئے۔]

عثمان کا دوست حسن اس سے ملنے کے لیے اس کے گھر پہنچا۔ حسن نے پہلے تو عثمان کو السلام علیکم کہا اور پھر دونوں دوست خوشی سے ایک دوسرے کے گلے ملے۔ حسن اپنے دوست کے لیے اس کی پسند کا تحفہ بھی اپنے ساتھ لایا تھا۔ تحفہ لینے پر عثمان نے حسن کا شکریہ ادا کیا۔ پھر وہ دونوں دوست آپس میں پکڑم

پکڑائی کا کھیل کھیلنے لگے۔ کھیلتے ہوئے اچانک عثمان کا زور سے ہاتھ لگنے سے حسن گر گیا۔ اس غلطی پر حسن نے عثمان سے اپنی غلطی کی معافی مانگی۔ عثمان نے اپنے دوست کو معاف کر دیا۔ وہ دونوں پھر سے خوشی خوشی کھیلنے لگے۔ کچھ دیر کھیلنے کے بعد حسن نے عثمان کو اللہ حافظ کہا اور اپنے گھر کی طرف روانہ ہو گیا۔

- واقعہ سنانے کے بعد طلبہ سے اس سے متعلق مختصر سوالات پوچھیے: عثمان کے دوست کا نام بتایئے؟ حسن نے عثمان کے گھر پہنچ کر اس سے کیا کہا؟ تحفہ لینے پر عثمان نے کیا کہا؟ غلطی ہو جانے پر ہمیں کیا کہنا چاہیے؟ کسی سے رخصت لیتے وقت ہمیں کیا کہنا چاہیے؟ وغیرہ۔
- طلبہ سے قاعدے کا صفحہ نمبر 17 کھلوایئے۔ ان سے اس صفحے پر موجود تصویروں سے متعلق پوچھیے کہ ان تصویروں میں بچے کیا کر رہے ہیں؟ طلبہ سے جوابات لیجیے پھر انھیں "السلام علیکم، خدا حافظ، معاف کیجیے، شکریہ کے الفاظ دو سے تین بار دہرانے کے لیے کہیے۔
- جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 17 پر "لسانی مشق" میں دیے گئے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: کتاب کے صفحہ نمبر 17 پر دیے گئے الفاظ دہرانے کا کام دیجیے۔

## پانچواں دن: نٹ کھٹ نو

- جماعت میں چارٹ پیپر آویزاں کریں اور اس پر لکھے گئے حروف طلبہ کو دو بار بلند آواز سے پڑھایئے۔
- طلبہ کو بتایئے کہ ان حروف کو نٹ کھٹ نو کہا جاتا ہے۔ طبہ کو "نٹ کھٹ نو" حروف کی نظم ترنم سے پڑھ کر دو بار سنایئے انھیں بھی ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔

نٹ کھٹ ہیں یہ نو
شرارت کریں، مل کر یہ تو

ا، د، ڈ

ذ، ر، ڑ

ز، ژ، و

پہلے حروف کو دوست بنائیں
ان کو اپنے ساتھ ملائیں
بعد کے حروف کو نہ دوست بنائیں
ان کو اپنے نہ ساتھ ملائیں
نٹ کھٹ ہیں یہ نو
شرارت کریں، مل کر یہ تو

- بورڈ پر اب مثالوں سے طلبہ کو سمجھایئے کہ کس طرح یہ حروف اپنے سے پہلے انے والے حروف کو اپنے ساتھ ملاتے ہیں اور بعد میں آنے والوں کو دوست نہیں بناتے اور نہ ہی اپنے ساتھ ملاتے ہیں۔ جیسے: کر، رک۔ سر، رگ وغیرہ۔ طلبہ کو ایک ساتھ نٹ کھٹ نو حروف چارٹ سے دیکھتے ہوئے بار بار پڑھنے کی ہدایت دیجیے تا کہ بچوں کو ان حروف کے نام یاد ہو جائیں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 18 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے حروف پڑھوایئے اور پھر سے ایک بار نٹ کھٹ نو کا تصور انھیں سمجھایئے۔ نٹ کھٹ ہیں۔
- جانچ: بورڈ پر مختلف حروف لکھیے اور پھر طلبہ سے ان حروف میں سے نٹ کھٹ نو حروف تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگوانے کی سرگرمی کروایئے۔
- گھر کا کام: نٹ کھٹ نو حروف کے نام یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers


(پرنٹنگ کا مواد)

## ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)

(اس ورک شیٹ کا پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کیجیے اور کام کروایئے۔)

ان حروف کی چھوٹی شکلیں لکھیے۔

| | |
|---|---|
| ج | |
| س | |
| ل | |
| ض | |
| ٹ | |



# مصوتہ "ا" کی مشق (کہانی، ارکان اور الفاظ)

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5<br><br>پیریڈ: 40 منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ نٹ کھٹ نو کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ نظم ترنم سے پڑھ سکیں گے۔<br>■ بصری حروف کا استعمال جان سکیں گے۔ |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: نٹ کھٹ نو حروف کی پرچیاں، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 19)
- دوسرے دن کے لیے: گڑیا کے خاکے پر مشتمل ورک شیٹ، کریون (صفحہ نمبر 20)
- تیسرے دن کے لیے: بصری حرف "یہ" کا فلیش کارڈ
- چوتھے دن کے لیے: بصری حرف "وہ" کا فلیش کارڈ (صفحہ نمبر 21,22)
- پانچویں دن کے لیے: بصری حروف "ہے، ہیں" کے فلیش کارڈ (صفحہ نمبر 23,24)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

## پہلا دن: نٹ کھٹ نو کا استعمال

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- جماعت میں مختلف جگہوں پر نٹ کھٹ نو حروف کی پرچیاں چسپاں کر دیں۔ جماعت میں سے طلبہ کی جوڑیاں بنائیے۔ ان جوڑیوں کو نٹ کھٹ نو حروف کی پرچیاں تلاش کرنے کی ہدایت دیجیے۔ جو جوڑی سب سے یادہ حروف کی پرچیاں تلاش کرے اسے شاباش دیجیے۔
- چند طلبہ سے نٹ کھٹ نو حروف زبانی سنیے۔
- طلبہ کو ترنم کے ساتھ نٹ کھٹ نو حروف پر مشتمل نظم پڑھائیے۔

نٹ کھٹ ہیں یہ نو

شرارت کریں، مل کر یہ تو

ا، د، ڈ

ذ، ر، ڑ

Aquiline
We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

ز، ژ، و

پہلے حروف کو دوست بنائیں

ان کو اپنے ساتھ ملائیں

بعد کے حروف کو نہ دوست بنائیں

ان کو اپنے نہ ساتھ ملائیں

نٹ کھٹ ہیں یہ نو

شرارت کریں، مل کر یہ تو

- بورڈ پر صفحہ نمبر ۱۹ پر دیئے گئے حروف لکھیں اور طلبہ کو نٹ کھٹ نو حروف کا تصور سمجھائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 19 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے حروف پڑھوائیے اور پھر دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کروائیے۔
- جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 19 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے
- گھر کا کام: نٹ کھٹ نو حروف کے نام یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: نظم "رانی گڑیا"

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبق سنیے۔ نٹ کھٹ نو کے حروف چند بچوں سے بورڈ پر لکھوائے جائیں۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 20 سے نظم "رانی گڑیا" کی ب؛ند خوانی کیجیے۔ طلبہ کو نظم ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحے پر موجود رنگین الفاظ طلبہ خود پڑھ سکتے ہیں۔ کچھ طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیے اور دیگر طلبہ کو ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں میں ورک شیٹیں تقسیم کریں۔ انھیں ہدایت دیں کہ وہ گڑیا کے خاکے میں کریون کی مدد سے رنگ بھریں۔
- کام مکمل ہو جانے پر چیک کریں۔ طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ ہر بچہ باری باری اپنی ورک شیٹ جماعت میں ساتھیوں کو دکھائے اور اس سے متعلق ایک ایک جملہ سنائے۔
- جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 20 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: نظم "رانی گڑیا" یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: "یہ" کا استعمال

- بصری حرف "یہ" کا تعارف کروانے کے لیے فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ فلیش کارڈ پر حرف "یہ" لکھا گیا ہے۔ قریب کی چیزوں کہ لیے حرف "یہ" بولا جاتا ہے۔ طلبہ کو اپنے قریب موجود چیزوں کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے ان چیزوں کے نام بتائیں: مثلاً یہ میز، یہ کرسی، یہ قلم، یہ کتاب وغیرہ۔ انھیں ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت بھی دیجیے۔
- اب طلبہ سے کہیے کہ وہ اپنی اپنی میز پر پڑی چیزوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے تین بار حرف "یہ" بولیں۔
- پھر ایک ایک طالب علم سے کہیے کہ وہ باری باری کھڑا ہو اور اپنے قریب پڑی چیزوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کوئی سی دو چیزوں کے نام بتائے: مثلاً یہ بستہ، یہ کتاب وغیرہ۔
- بصری لفظ "یہ" کا فلیش کارڈ جماعت میں نمایاں جگہ پر آویزاں کر دیں۔
- جانچ: طلبہ سے کہیں کہ وہ ایک ایسا جملہ بولیں جس میں بصری لفظ "یہ" آئے۔ آپ خود پہلے ایک مثال دیجیے: جیسے، یہ کتاب ہے۔
- گھر کا کام: قریب موجود چیزوں کی جانب انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے بصری لفظ "یہ" بولنے کی مشق کرنے کا کام دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

## چوتھا دن: "یہ، وہ" کا استعمال

- بصری حرف "وہ" کا تعارف کروانے کے لیے فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ فلیش کارڈ پر حرف "وہ" لکھا گیا ہے۔ دور کی چیزوں کہ لیے حرف "وہ" بولا جاتا ہے۔ طلبہ کو دور موجود چیزوں کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے ان چیزوں کے نام بتائیں: مثلاً وہ بلب، وہ پنکھا، وہ بچہ وغیرہ۔ انھیں ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت بھی دیجیے۔
- اب طلبہ سے کہیے کہ وہ چھت یا دیوار پر لگی اشیا کی جانب اشارہ کرتے ہوئے تین بار حرف "وہ" بولیں۔
- بصری لفظ "وہ" کا فلیش کارڈ جماعت میں نمایاں جگہ پر آویزاں کر دیں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 21 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی تصویروں میں کیے جانے والے اشاروں کی وضاحت کیجیے۔ طلبہ کو کتاب میں موجود "یہ" اور "وہ" کے اشاروں سے متعلق تصویروں کے نام بتانے کے لیے کہیے۔
- جانچ: طلبہ سے کہیں کہ وہ ایک ایسا جملہ بولیں جس میں بصری لفظ "وہ" آئے۔ آپ خود پہلے ایک مثال دیجیے جیسے وہ کتاب ہے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 22 کی سرگرمی کا کام مکمل کرنے کا کام دیجیے۔

## پانچواں دن: "ہے، ہیں" کا استعمال

- طلبہ کو بصری حروف "ہے، ہیں" کے فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے یہ حروف بولیں اور طلبہ کو بھی دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- جماعت میں سے کسی ایک بچے کو اپنے پاس بلائیے اور اس کے ہاتھ میں "ہے" کا کارڈ پکڑائیے۔ طلبہ پر وضاحت کیجیے اور بتائیے کہ کسی ایک چیز یا شخص کے ساتھ "ہے" استعمال ہوتا ہے۔ یہ ایک بچہ ہے۔ اس جملے میں ہے کا استعمال ہو گا۔ طلبہ کو جملہ "یہ بچہ ہے" تین سے چار پر دہرانے کے لیے کہیے۔
- اب اس بچے کو ایک جانب کھڑا کر دیں۔ اب جماعت میں سے کوئی سے تین بچوں کو پاس بلائیں۔ انھیں قطار میں کھڑا کریں اور ان کے ہاتھوں میں "ہیں" کا کارڈ پکڑائیے۔ بچوں کو سمجھائیے کہ یہ بچے ایک سے زیادہ ہیں اس لیے ان کے ساتھ "ہیں" کا استعمال ہو گا۔ جملہ "یہ بچے ہیں" بولیے اور طلبہ کو تین بار جملہ دہرانے کے لیے کہیے۔
- "ہے اور ہیں" کے استعمال کا فرق واضح ہو جانے کے بعد طلبہ کو ایک ایک کر کے الفاظ [گھوڑا، گھوڑے، بچہ، بچے] بولیں اور ان سے متعلق جملے بتانے کے لیے کہیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 23 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے جملے پڑھوائیے۔
- جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 23 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 24 کی سرگرمیوں کا کام مکمل کرنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

# ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)

گڑیا کے خاکے میں کریون کی مدد سے رنگ بھریے۔















# مصوتہ "ا" کی مشق (کہانی، ارکان اور الفاظ)

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5<br><br>پیریڈ: 40 منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ مصوتہ "ا" پر مشتمل کہانی سن کر ردِ عمل کا اظہار کر سکیں گے۔<br>■ کہانی سمجھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔<br>■ مصوتہ "ا" سے ارکان سازی کر سکیں گے۔<br>■ حروف ملا کر رکن بنا سکیں گے۔<br>■ رکن کے حروف الگ کر سکیں گے۔<br>■ رکن ملا کر الفاظ پڑھ سکیں گے۔ |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: مصوتہ 'ا' کا تیار کردہ چارٹ (مصوتہ "ا" کے ارد گرد لکھے الفاظ: راجا، کان، کام، ناک، بال، پاس، تاج، سات، باغ، کاٹ) کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 25، 26)
- دوسرے دن کے لیے: کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 25، 27)، انعامات
- تیسرے دن کے لیے: حروف کی پرچیاں، مصوتہ 'ا' کی پرچیاں، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 28)
- چوتھے دن کے لیے: تصویری فلیش کارڈ، ارکانی پرچیاں / کارڈ (با، جا، لا، ما، بھا، گا، دھا، سا، یا) کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 29)
- پانچویں دن کے لیے: اسٹیکی نوٹس

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

**پہلا دن:** مصوتہ 'ا' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور مصوتہ 'ا' کی کہانی سُنائیے۔
- کہانی قاعدے کے صفحہ نمبر 25 پر سے "پیارے بچو!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وقت طے کر رکھا تھا۔" تک کہانی دو سے تین بار سنائیے۔ کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے۔ آواز کے اُتار چڑھاؤ، چہرے کے تاثرات اور ہاتھوں کے اشاروں سے کہانی سُنائیے۔
- کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیشِ نظر رکھیے:

  پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنائیے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔

  دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے مصوتہ "ا" کے استعمال پر مشتمل الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔

Aquiline We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے اور متن کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھیے:
راجا اپنا ہر کام کب کرتا تھا؟ راجا کے پاس کیسا تاج تھا؟ تاج دکھانے کے لیے راجا نے کون سا وقت مقرر کر رکھا تھا؟ وغیرہ۔

- اب طلبہ کا مصوتہ "ا" اور الفاظ پر مشتمل چارٹ دکھائیے۔ انھیں "ا" کا نام اور آواز بتائیے۔ انھیں بتائیے کہ جب 'ا' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / ا / ہوتی ہے، جیسے "امرود" کی شروع کی آواز۔ جب "ا' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی اواز / آ / ہو جاتی ہے یعنی تھوڑی لمبی کر کے ادا کی جاتی ہے۔ جیسے تالا، باجا وغیرہ۔ یہ حرف باقی حروف سے ملتے ہوئے اپنی پوری شکل میں ہی رہتا ہے۔
- اب مصوتہ "ا" کے گرد لکھے گئے تمام الفاظ پر مشتمل چارٹ سے الفاظ "راجا، کان، کام، ناک، بال، پاس، تاج، سات، باغ، کاٹ" کی طلبہ کو تین سے پانچ بار بلند خوانی کروائیے۔ اس چارٹ کو جماعت میں نمایاں جگہ پر آویزاں کیجیے تا کہ طلبہ کو روزانہ اس سے مصوتہ "ا" اور اس پر مشتمل الفاظ کی دہرائی کروائی جا سکے۔
- پھر قاعدے کا صفحہ نمبر 26 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی لائن پر لکھائی کی مشق کا کام کروائیے۔
- جانچ: چند طلبہ سے چارٹ پر لکھے گئے مصوتہ "ا" کے استعمال پر مبنی الفاظ پڑھوائیے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 26 پر مصوتہ "ا" سے ارکان سازی کی لکھائی کی دوسری لائن کا کام مکمل کرنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: مصوتہ 'ا' کے الفاظ کی پڑھائی

- بچوں سے گزشتہ روز سُنائی گئی کہانی کے بارے میں پوچھیے۔ کچھ بچوں سے کہانی اپنے الفاظ میں سنانے کے لیے کہیے۔
- طلبہ کو مصوتہ "ا" کے استعمال پر مشتمل الفاظ پر مبنی کہانی قاعدے کے صفحہ نمبر 25 پر سے "ایک دن کچھ لوگوں کو ۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اپنا ہر کام وقت پر کریں گے" تک کہانی دو سے تین بار سنائیے۔ کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے۔
- کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے اور متن کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھیے:
کچھ لوگوں کو دور جگہ کیوں ملی؟ کچھ لوگوں کو آم کیوں نہیں ملے؟ کیا آپ اپنا ہر کام وقت پر کرتے ہیں؟ وغیرہ۔
- اب مصوتہ "ا" کے گرد لکھے گئے تمام الفاظ پر مشتمل چارٹ سے الفاظ "راجا، کان، کام، ناک، بال، پاس، تاج، سات، باغ، کاٹ" کی طلبہ کو تین سے پانچ بار بلند خوانی کروائیے۔
- طلبہ کے گروپ بنوائیے اور انھیں ہدایت دیجیے کہ وہ قاعدے کے صفحہ نمبر 25 پر دی گئی کہانی میں نمایاں کیے گئے الفاظ کی گروپوں میں پڑھائی کریں۔
- پھر کچھ دیر کے بعد باری باری ہر گروپ سے متعلقہ صفحے پر نمایاں الفاظ سنیے۔ درست الفاظ سنانے والے گروپ میں انعامات تقسیم کیجیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 27 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی لائن پر لکھائی کی مشق کا کام کروائیے۔
- جانچ: چند طلبہ سے چارٹ پر لکھے گئے مصوتہ "ا" سے بننے والے الفاظ پڑھوائیے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 27 پر مصوتہ "ا" سے ارکان سازی کی لکھائی کی دوسری لائن کا کام مکمل کرنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: مصوتہ 'ا' سے ارکان سازی

- چند بچوں سے مصوتہ "ا" کا نام اور آواز پوچھیے۔
- طلبہ کو بتائیے کہ بھاری آوازوں والے حروف کی چھوٹی شکلیں نہیں ہوتیں۔
- طلبہ کو ایک بار نٹ کھٹ نو کا تصور پھر سے سمجھائیے اور جماعت میں آویزاں کیے گئے چارٹ سے متعلقہ حروف بھی پڑھائیے۔
- بورڈ پر حرف ط کے ساتھ مصوتہ "ا" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں تین مرتبہ پڑھائیے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلائیے اور بورڈ پر ایک ایک حرف کے ساتھ مصوتہ ملانے کی یہ سرگرمی کروائیے۔
- سرگرمی مکمل ہو جانے کے بعد طلبہ سے ارکان پڑھوائیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

- قاعدے کا صفحہ نمبر 28 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی پہلی سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔
- جانچ: چند طلبہ سے چارٹ پر لکھے گئے مصوتہ "ا" کے استعمال پر مبنی الفاظ پڑھوایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 28 پر دوسری سرگرمی کا کام مکمل کرنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: مصوتہ 'ا' سے الفاظ سازی

- جماعت میں مالا، تالا، تارا، بابا وغیرہ کے تصویری فلیش کارڈ لے جایئے۔ طلبہ کو فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے ان کے نام پوچھیے۔ ان کی دلچسپی بڑھانے کے لیے تصویروں سے متعلق سوالات پوچھیں۔ جیسے ہمیں تارے کب اور کہاں نظر آتے ہیں؟ مالا کا رنگ بتایئے؟ وغیرہ۔
- تصویروں کے نام پھر سے بچوں سے پوچھیے اور بورڈ پر لکھیے انھیں آوازیں واضح طور پر ادا کروایئے اور الفاظ تین بار پڑھایئے۔
- طلبہ کے چار گروپ بنایئے۔ ہر گروپ میں ارکان کے کارڈ تقسیم کیجیے۔
- انھیں ہدایت دیجیے کہ دو دو ارکان کو آپس میں ملائیں اور لفظ بنا کر پڑھیں۔ بورڈ پر ایک مثال سمجھایئے: جیسے، بھاگا۔ "بھے الف بھا" ہرگز نہ پڑھایئے، بلکہ آوازیں ملا کر لفظ پڑھنے کی مشق کروایئے۔ پھر طلبہ کو گروپوں کی صورت میں ارکان سے الفاظ بنانے کی ہدایت دیجیے۔ اگر وہ بے معنی الفاظ بھی بنائیں تو انھیں بنانے دیجیے۔ باری باری ہر گروپ کے پاس جایئے اور ان کے بنائے گئے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 29 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے الفاظ پڑھوایئے۔
- جانچ: بورڈ پر الفاظ تاٹا، گایا، گالا، راتا، سابا، لکھیے اور یہ بامعنی الفاظ طلبہ سے پڑھوایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 29 پر دیے گئے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## پانچواں دن: مصوتہ 'ا' سے الفاظ سازی


- گزشتہ کام کا اعادہ کروایئے۔
- طلبہ سے جسم کے حصوں (بال، ناک، کان) کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ان کے نام دو سے تین بار پوچھیے: جیسے بال، کان، ناک، گال، وغیرہ۔
- پھر یہ نام بورڈ پر لکھیے۔ رکن کے ساتھ حرف لکھ کر طلبہ کو پڑھایئے۔
- بورڈ پر ایک جانب رکن "کا، نا، را، بھا، غا" اور دوسری جانب حروف "ن، ت، گ، ک، ر" لکھیے۔
- دو دو طلبہ کی جوڑیاں بنا دیجیے۔ تمام جوڑیوں میں اسٹیکی نوٹس تقسیم کیجیے۔
- طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ ہر جوڑی بورڈ پر لکھے گئے ارکان میں سے کوئی سا ایک رکن اور ایک حرف چن کر ایک لفظ بنائے۔
- بعد ازاں تمام جوڑیوں سے ان کے بنائے گئے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 30 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے الفاظ پڑھوایئے۔
- بورڈ پر الفاظ "پان، نان، تاج، کان، بھاگ" لکھیے اور طلبہ سے پڑھوایئے۔
- جانچ: طلبہ سے صفحہ نمبر طلبہ سے صفحہ نمبر 30 پر لسانی مشق کے تحت دیے گئے سوالات کے جوابات پوچھیے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 30 پر دیے گئے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers


## (پرنٹنگ کا مواد)

### تصویری فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)

(ان تصاویر کے رنگین پرنٹ لے کر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)









# مصوتہ "ا" کی مشق (الفاظ اور جملے)

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5<br><br>پیریڈ: 40 منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ مصوتہ "ا" سے ارکان "بنا سکیں گے۔<br>■ مصوتہ "ا" سے الفاظ بنا سکیں گے۔<br>■ مصوتہ "ا" سے جملے بنا سکیں گے۔ |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: چارٹ پیپر کے کٹے crown، فومنگ شیٹ کے کٹے heart اور پنکھ، گلو، لاسٹک، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 31)
- دوسرے دن کے لیے: ورک شیٹ (صفحہ نمبر، 32)
- تیسرے دن کے لیے: حروف تہجی کی تختی کا چارٹ [ایک چارٹ پر فومنگ شیٹ کے کٹے مکمل بڑی شکلوں کے حروف چسپاں کر کے تختی مکمل کریں]، رکن "با" کا کارڈ (صفحہ نمبر 33)
- چوتھے دن کے لیے: رنگین پرچیوں پر الفاظ [دھاگا، بھاگا، پان، جان، چال، کھایا، سایا] کے حروف لکھ کر پرچیاں تیار کریں۔ حروف کے نیچے لفظ لکھنے کی جگہ چھوڑ دیں۔ (صفحہ نمبر 34)
- پانچویں دن کے لیے: "یہ، ہے" کے فلیش کارڈ (صفحہ نمبر 35)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

**پہلا دن:** مصوتہ 'ا' کے جملے

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- طلبہ کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ان میں لاسٹک لگے فومنگ شیٹ یا چارٹ کے Crown تقسیم کیجیے۔
- ہر گروپ کے پاس باری باری جائیے اور گلو کی مدد سے Crown پر پنکھ لگوائیے اور طلبہ کو یہ تاج پہنائیے۔
- مختلف بچوں سے باری باری بورڈ پر لفظ "تاج" لکھوائیے۔
- بعد ازاں طلبہ کو جماعت میں آویزاں بصری حروف پڑھائیے۔ انھیں ہدایت دیجیے کہ بصری حروف کو استعمال کرتے ہوئے "تاج" پر ایک جملہ بنائیے۔ جیسے: وہ تاج ہے۔
- درست جملے بنانے والے طلبہ کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 31 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے جملے پڑھوائیے۔
- جانچ: بورڈ پر کچھ طلبہ سے لفظ "تاج" کے استعمال پر مشتمل جملے لکھوائیے۔

We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

گھر کا کام: صفحہ نمبر 31 پر دیے گئے جملے لکھ کر آنے کا کام دیجیے۔

**دوسرا دن:** **مصوتہ 'ا' سے ارکان سازی**

- طلبہ میں ورک شیٹیں تقسیم کیجیے اور دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔ چند بچوں سے مصوتہ "ا" کا نام اور آواز پوچھیے۔
- جماعت میں آویزاں کیے گئے مصوتہ "ا" کے چارٹ سے طلبہ کو الفاظ پڑھوائیں۔
- بورڈ پر حرف "س" کی چھوٹی شکل لکھیں اور پھر اس حرف کو مصوتہ "ا" کے ساتھ ملائیں۔ طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں تین مرتبہ پڑھایئے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلایئے اور بورڈ پر ایک ایک کر کے حروف [جھ، ط اور س، پ، م، ل کی چھوٹی اشکال] کے ساتھ مصوتہ "ا" ملا کر لکھیے اور طلبہ سے ان ارکان کی بلند خوانی کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 32 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی پہلی سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔
- جانچ: بورڈ پر کچھ طلبہ سے الفاظ "تاج، تارا، کاٹا، تالا، کان" لکھوایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 32 پر دی گئی دوسری سرگرمی مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

**تیسرا دن:** **مصوتہ 'ا' سے الفاظ سازی**

- بورڈ پر چارٹ آویزاں کریں۔ طلبہ سے حروف کی تختی پڑھوائیں۔
- پھر رکن "با" کا کارڈ طلبہ کو دکھائیں اور اس رکن کو تین بار بلند آواز سے پڑھوائیں۔
- طلبہ کے گروپ بنا دیں اور ان میں رکن پڑھنے کا مقابلہ کروائیں۔
- باری باری ہر گروپ سے رکن پڑھوائیں۔ اس سرگرمی کو کروانے کے لیے باری باری چارٹ پر لگے حروف سے پہلے رکن "با" کا کارڈ چسپاں کرتے جائیں اور طلبہ کو بننے والے الفاظ ادا کرنے کی ہدایت دیجیے۔ ہر گروپ سے کم از کم اس سرگرمی کو کرتے ہوئے پانچ پانچ الفاظ پڑھوایئے۔ جس گروپ کے طلبہ تمام الفاظ درست پڑھیں ان کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 33 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی پہلی سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔
- جانچ: بورڈ پر کچھ طلبہ سے الفاظ "کھال، نان، لایا، مالا" کے حروف الگ کروانے کی سرگرمی کروایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 33 پر دی گئی دوسری سرگرمی مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

**چوتھا دن:** **حروف ملا کر الفاظ بنانا**

- طلبہ کو کہانی "راجا کا انوکھا تاج" قاعدے کے صفحہ نمبر 25 سے پڑھ کر سنایئے۔ پھر چند طلبہ سے اس صفحے پر رنگین کیے گئے الفاظ پڑھوایے۔
- طلبہ کو بتایئے کہ آج وہ حروف ملا کر الفاظ بنانے کی سرگرمی کریں گے۔
- حرف "ا" کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔ یہ حرف نٹ کھٹ حروف میں سے ہے۔ یہ حرف پہلے والے حرف سے تو مل جاتا ہے لیکن بعد والے حرف سے نہیں جڑتا جیسے: باجا، جان کے حروف الگ الگ کر کے لفظ بورڈ پر بنائیں۔ طلبہ کو یہ تصور اچھے سے سمجھائیں۔
- طلبہ کی جوڑیاں بنا دیں۔ پر جوڑی میں حروف کی ایک ایک پرچی تقسیم کریں۔ انھیں ہدایت دیں کہ حروف ملا کر لفظ بنائیں اور لفظ پرچی پر لکھیں۔
- سرگرمی مکمل ہو جانے پر ہر جوڑی سے ان کے بنائے گئے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 34 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی پہلی اور دوسری سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔
- جانچ: بورڈ پر کچھ طلبہ سے الفاظ "کھال، نان، لایا، مالا" کے حروف الگ کروانے کی سرگرمی کروایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 34 پر دی گئی تیسری سرگرمی مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

Agahi Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...


## پانچواں دن: جملہ سازی


- میز پر ایک کتاب، ایک پنسل، ایک کاپی، ایک ربڑ، ایک بستہ رکھیں۔
- اب بصری حروف "یہ، ہے" کا تعارف کروانے کے لیے فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ فلیش کارڈ پر حرف "یہ" لکھا گیا ہے۔ قریب کی چیزوں کہ لیے حرف "یہ" بولا جاتا ہے۔ پھر حرف "ہے" کا کارڈ دکھاتے ہوئے طلبہ کو بتائیں کہ کسی ایک چیز یا شخص کے ساتھ "ہے" کا استعمال ہوتا ہے۔ طلبہ کو اپنے قریب موجود چیزوں کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے۔ ان چیزوں کے نام بتائیں :مثلاً یہ میز ہے، یہ کتاب ہے، یہ پنسل ہے، یہ کاپی ہے، یہ ربڑ ہے، یہ بستہ ہے، وغیرہ۔ انھیں ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت بھی دیجیے۔
- اب طلبہ سے کہیے کہ وہ اپنی اپنی میز پر پڑی چیزوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے تین بار حرف "یہ" بولیں۔
- طلبہ سے قاعدے کے صفحہ نمبر 35 پر دی گئی تصویروں کے نام پوچھیے اور خود ساتھ ساتھ یہ نام بورڈ پر لکھیے۔ اب طلبہ کو تصویر کی جگہ لفظ لکھ کر جملے لکھنے کی سرگرمی لکھوایئے۔
- جانچ: چند طلبہ الفاظ "نان اور کان" کے استعمال پر مشتمل ایک ایک جملہ سنیں۔
- گھر کا کام: جملے پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

# ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)

دیے گئے ارکان لکھیے اور پڑھیے۔
































# مصوتہ "و" کی مشق (کہانی، ارکان اور الفاظ)

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- مصوتہ "و" پر مشتمل کہانی سن کر لطف اندوز ہو سکیں گے۔
- کہانی سمجھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- مصوتہ "و" سے ارکان سازی کر سکیں گے۔
- حروف ملا کر رکن بنا سکیں گے۔
- رکن کے حروف الگ کر سکیں گے۔
- رکن ملا کر الفاظ پڑھ سکیں گے۔

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: طوطے کی تصویر کے خاکے پر مشتمل ورک شیٹ، سبز دھاگا، گلو، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 36,37)
- دوسرے دن کے لیے: لومڑی اور طوطے کے ماسک، لومڑی اور طوطے کی تصاویر، لاسٹک (صفحہ نمبر 36,38)
- تیسرے دن کے لیے: ماسک کے لیے تصویریں، فومنگ شیٹ کے کٹے سٹار (صفحہ نمبر 39)
- چوتھے دن کے لیے: صفحہ 40 پر موجود تصویروں کے کارڈ اور ارکان پر مشتمل اسٹیکی نوٹس، ورک شیٹ (صفحہ نمبر 40)
- پانچویں دن کے لیے: چارٹ پیپر کی تین چوڑی پٹیاں [STRIPS] کاٹ لیں ہر پٹی پر قاعدے کے صفحہ نمبر 41 پر دیے گئے الفاظ کی ایک ایک لائن نقل کریں۔ (صفحہ نمبر 41)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- پہچاننا
- بیان کرنا
- پڑھنا
- فرق کرنا

## پہلا دن: مصوتہ 'و' کی پہچان

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- طلبہ میں ورک شیٹیں تقسیم کریں۔ ان سے ورک شیٹ پر بنی تصویر کا نام پوچھیں۔ خاکے میں گلو کی مدد سے پرندے کی تصویر میں دھاگا چسپاں کروانے کی سرگرمی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جب 'و' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / و / ہوتی ہے، جیسے "وردی" کی شروع کی آواز۔ جب 'و' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / و / ہو جاتی ہے، جیسے، "طوطا"۔ اب بورڈ پر لفظ "طوطا" لکھیں اور طلبہ سے یہ لفظ دو بار پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں کہ "و" کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔
- طلبہ کو مصوتہ "و" کے استعمال پر مشتمل الفاظ پر مبنی کہانی قاعدے کے صفحہ نمبر 36 پر سے "پیارے بچو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن کوئی انگور ہاتھ میں نہ آیا۔ تک

کہانی دو سے تین بار سنایئے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)

کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

- پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنایئے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔
- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے مصوتہ "ا" کے استعمال پر مشتمل الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے اور متن کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھیے:

  س: جنگل کے سب جانور مٹھو کو کیوں پسند کرتے تھے؟ س: لومڑی کے منھ میں پانی کیوں آیا؟ وغیرہ
- قاعدے کا صفحہ نمبر 37 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی لائن پر لکھائی کی مشق کا کام کروایئے۔
- جانچ: چند طلبہ سے صفحہ 36 پر رنگین کیے گئے الفاظ کی بلند خوانی کروایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 36 پر مصوتہ "ا" سے ارکان سازی کی لکھائی کی دوسری لائن کا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

**دوسرا دن: مصوتہ 'و' سے ارکان سازی**

- طلبہ میں ایک ایک تصویر تقسیم کریں۔ لاسٹک کی مدد سے ماسک مکمل کروائیں اور طلبہ کو پہنائیں۔
- اب بورڈ پر لفظ "طوطا" اور "لومڑی" لکھیں اور طلبہ سے یہ الفاظ دو بار پڑھوائیں اور / او / کی آواز متعارف کروائیں۔
- طلبہ کو سنانے کی کہانی مکمل سنایئے۔ پھر طلبہ کو اس صفحے پر رنگین کیے گئے الفاظ کی بلند خوانی کروایئے۔
- طلبہ کے گروپ بنادیں۔ بورڈ پر صفحہ نمبر 38 پر دیے گئے ارکان میں سے کوئی سے دس ارکان لکھیں۔ طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ گروہی صورت میں یہ ارکان پڑھیں۔ پھر باری باری تمام گروپوں سے یہ ارکان پڑھوایئے۔
- جانچ: چند طلبہ سے صفحہ 36 پر "لسانی مشق کے تحت دیے گئے سوالات کی جوابات زبانی سنیے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 38 پر دیا گیا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

**تیسرا دن: مصوتہ 'و' سے ارکان سازی**

- طلبہ سے سوالات کے جوابات پوچھیے: جیسے، / ت / اور / او / کی آوازیں مل کر کون سی آواز بناتی ہیں؟ "خو" میں کون سی آوازیں موجود ہیں؟ "د" اور "و" کو آپس میں ملا کر کیوں نہیں لکھا جاتا؟ "دھو" میں کون کون سی آوازیں موجود ہیں؟ وغیرہ۔
- طلبہ مصوتہ "ا" اور "او" کی آوازیں سیکھ چکے ہیں۔ ان آوازوں میں فرق اور پہچان سے متعلق طلبہ میں ورک شیٹ تقسیم کریں اور انھیں ایک مثال کے ذریعے سے سمجھایئے اور بتایئے کہ وہ "ا" والے ارکان میں پیلا اور "او" والے ارکان میں سبز رنگ بھریں۔ سرگرمی مکمل ہو جانے کے بعد ورک شیٹیں چیک کریں اور درست کام کرنے والی ورک شیٹوں پر فومنگ شیٹ کے بنے سٹار چسپاں کریں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 39 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی ارکان سازی کی پہلی سرگرمی کا کام کروایئے۔
- جانچ: چند طلبہ سے ارکان "گو، بھو، مو، کو، رو" میں موجود آوازیں پوچھیے اور بورڈ پر ان کے حروف الگ الگ کر دیئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 39 پر دی گئی دوسری سرگرمی کا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

**چوتھا دن: مصوتہ "و" سے الفاظ سازی**

- طلبہ کو بتائیں کہ جب 'و' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / و / ہوتی ہے، جیسے "وردی" کی شروع کی آواز۔ جب 'و' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / او / ہو جاتی ہے۔، جیسے، "طوطا"۔ اب بورڈ پر لفظ "طوطا" لکھیں اور طلبہ سے یہ لفظ دو بار پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں کہ "و" کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔

We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

- تصور کا اعادہ کروانے کے بعد تصویری کارڈ بورڈ پر چسپاں کریں اور طلبہ سے ان تصویروں کے نام پوچھیں۔
- ارکان پر مشتمل تمام اسٹیکی نوٹس بورڈ کی اک جانب چسپاں کر دیں۔ اب طلبہ سے پہلے ایک تصویر کا نام پوچھیں اور پھر اس لفظ کے ارکان خود واضح طور پر ادا کریں۔ طلبہ سے مدد لیتے ہوئے متعلقہ تصویر کے ارکان اسٹیکی نوٹس میں سے تلاش کریں اور پھر انھیں درست ترتیب کے ساتھ متعلقہ تصویر کے نیچے چسپاں کر دیں۔ باری باری ہر تصویر پر یہ سرگرمی کرواتے ہوئے ان کے ارکان تلاش کر کے تصویروں کے نیچے چسپاں کرتے جائیں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 40 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے ارکان ملا کر الفاظ پڑھنے کی مشق کروائیں۔ پہلے خود بلند خوانی کیجیے اور طلبہ کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- جانچ: ایک ایک کر کے طلبہ کو تصوری کارڈ دکھایئے اور ان کے نام پوچھیے پھر چند طلبہ سے ایک ایک تصویر کا نام پورڈ پر لکھوایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 40 پر دیے گئے الفاظ پڑھیں اور ورک شیٹوں کا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## پانچواں دن: مصوتہ "و" سے الفاظ سازی

- بورڈ کے ایک جانب ارکان "بو، مو، تو، لو، با" اور دوسری جانب ارکان "لو، ڑو، لو، گو، نو" طلبہ سے یہ ارکان پڑھوایئے اور پھر ان ارکان کو آپس میں ملا کر الفاظ بنوایئے اور طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروایئے۔
- طلبہ کے تین گروپ بنایئے۔ ہر گروپ میں ایک ایک لفظی پٹی تقسیم کریں۔ طلبہ سے کہیے کہ وہ مل کر گروپ میں ان الفاظ کی بلند خوانی کریں۔ طلبہ کو جن الفاظ کی ادائیگی میں دقت محسوس ہو ان کی رہنمائی کیجیے۔ پھر باری باری ہر گروپ سے پٹیوں پر لکھے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 41 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی پہلی تین لائنیں پڑھوایئے۔
- جانچ: تمام بچوں سے قاعدے کے صفحہ نمبر 41 پر سے ایک ایک لفظ بلند آواز میں پڑھوایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 41 پر دی گئی آخری تین لائنوں کے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

# ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)

طوطے کے خاکے میں سبز رنگ کا دھاگا گلو کی مدد سے چسپاں کریں۔



## (پرنٹنگ کا مواد)

### تصویریں (دوسرے دن کے لیے)


(ان تصاویر کے رنگین پرنٹ لے کر چسپاں کیجیے اور ماسک بنا کر سرگرمی کروایئے۔)





# ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)


/ آ / والے ارکان میں پیلا اور / او / والے ارکان میں سبز رنگ بھریے۔




Publishers, Printers & Booksellers

# ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

مصوتہ / آ / اور / او / کے ارکان الگ الگ کر کے لکھیے۔




/ آ / کے ارکان

/ او / کے ارکان

# مصوتہ "و" کی مشق (الفاظ اور جملے)

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5<br><br>پیریڈ: 40 منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ مصوتہ "و" سے ارکان "بنا سکیں گے۔<br>■ مصوتہ "و" سے الفاظ بنا سکیں گے۔<br>■ مصوتہ "و" کے استعمال پر مبنی جملے لکھ سکیں گے۔ |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 41,42)
  دوسرے دن کے لیے: (صفحہ نمبر 43)
- تیسرے دن کے لیے: دو رنگوں کے چارٹ پیپر کے کٹے کارڈ، ایک رنگ کے کارڈوں پر ارکان "ٹ، طا، ڑا، لو، سو" لکھیں جبکہ دوسرے رنگ کے کارڈوں پر "نو، ک و، طو، گھو، لو، چو" لکھیں (ایک کارڈ پر ایک رکن لکھیں) (صفحہ نمبر 44,45)
- چوتھے دن کے لیے: Peacock crown making activity کے لیے چارٹ پیپر کی کٹی پٹیاں اور فومنگ شیٹ کے بنے پنکھ، گلو صفحہ نمبر 45)
- پانچویں دن کے لیے: (صفحہ نمبر 45,46)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- پہچاننا
- بتانا
- دوبارہ بیان کرنا

**پہلا دن:** مصوتہ 'و' کے جملے

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جب 'و' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / و / ہوتی ہے، جیسے "وردی" کی شروع کی آواز۔ جب 'و' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / او / ہو جاتی ہے۔، جیسے، "تول، کوٹ، انو، دھو، لو، مانو"۔ اب بورڈ پر الفاظ "تول، کوٹ،، دھو، مانو' لکھیں اور طلبہ سے یہ الفاظ دو بار پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں کہ "و" کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔
- تصور کا اعادہ کروانے کے بعد قاعدے کے صفحہ نمبر 42 پر دی گئی تصویریں طلبہ کو دکھائیں اور ان سے متعلق ایک ایک جملہ بنانے کی ہدایت دیں۔
- پھر طلبہ سے جملہ پر لکھائی کی مشق کا کام مکمل کروائیں۔
- اب طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ لکھے گئے ہر جملے میں "او" کی آواز والے الفاظ کی نشان دہی انگلی رکھ کر کریں۔ تمام بچوں سے یہ سرگرمی کروائی جائے۔
- جانچ: تمام بچوں سے قاعدے کے صفحہ نمبر 42 پر لکھے گئے جملے بلند آواز میں پڑھوائیے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 41 پر دی گئی آخری تین لائنوں کے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: مصوتہ 'و' سے ارکان سازی

- بورڈ پر درمیان میں حرف "و" لکھیں۔ اب چند طلبہ سے درج ذیل سوالات کے جوابات پوچھیں؛

  س: "و" کسی لفظ کے شروع میں آئے تو اس کی آواز کیسی ہو گی؟

  س: "و" اگر لفظ کے درمیان میں آئے تو اس کی آواز کیسی ہو گی؟

  س: کیا "و" کی چھوٹی شکل ہوتی ہے؟

- پڑھائے گئے تصور سے متعلق سوالات پوچھنے کے بعد بورڈ پر مصوتہ "و" کے نیچے ارکان "بو، لو، ٹھو، کھو، کو، سو" وغیرہ لکھیں اور طلبہ سے جوڑیوں میں یہ ارکان پڑھوائیں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 43 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی پہلی سرگرمی کا کام مکمل کروائیے۔
- جانچ: چند بچوں سے ارکان "تو، کو، جو، سو، رو، یو" بورڈ پر لکھوائیں۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 43 پر دی گئی دوسری سرگرمی کا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: مصوتہ 'ا' سے الفاظ سازی

- درج ذیل طریقہ کار کے مطابق بورڈ پر "ٹ، طا، ڑا، لو، سو" کے کارڈ چسپاں کریں۔ طلبہ کو بورڈ کی جانب متوجہ کریں اور ان پر لکھے حرف اور ارکان کی بلند خوانی کروائیں۔
- باقی کارڈوں میں سے ایک ایک کارڈ باری باری پہلے سے چسپاں کارڈوں کے شروع یا بعد میں لگاتے ہوئے طلبہ سے لفظ پڑھوائیے۔ بامعنی لفظ بن جانے پر کارڈ درست جگہ پر چسپاں کر دیں۔




- سرگرمی مکمل ہو جانے پر طلبہ سے الفاظ درست تلفظ سے پڑھوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 44 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کروائیے۔
- جانچ: چند بچوں سے ارکان "تو، کو، جو، سو، رو، یو" کے حروف بورڈ پر الگ الگ کروانے کی سرگرمی کروائیے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 45 پر دی گئی پہلی سرگرمی کا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: حروف ملا کر الفاظ بنانا

- طلبہ کو گروہی صورت میں بٹھائیں۔ تمام گروپوں کے پاس باری باری جائیں اور درج ذیل طریقے مطابق crown بنوائیں اور ان کے سروں پر پہنائیں۔



- طلبہ سے پوچھیں کہ یہ کس پرندے کا پنکھ ہے۔ درست جواب "مور" بورڈ پر لکھ دیں۔ چند طلبہ سے اس لفظ میں موجود آوازیں الگ الگ ادا کرنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر کچھ طلبہ سے اس لفظ کے حروف بورد پر الگ الگ کروانے کی سرگرمی کروائیے۔
- پھر الفاظ "دھونا، ٹوکو، جھوڑو" کے حروف بورڈ پر الگ الگ لکھوانے کی سرگرمی کروایے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 45 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کروائیے۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

- جانچ: چند بچوں سے ارکان "گھوڑا، تولو، جوڑو" میں موجود آوازیں الگ الگ کر کے ادا کروانے کی سرگرمی کروایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 45 پر دیے گئے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## پانچواں دن: جملہ سازی

- بصری حروف "یہ، ہے" کا اعادہ کروایئے۔
- طلبہ کو "دس کا نوٹ" دکھایئے اور ان سے درج ذیل سوالات پوچھیے:

  س: یہ کیا ہے؟

  س: ہم نوٹ سے کیا کیا خریدتے ہیں؟
- اب بورڈ پر لفظ نوٹ لکھیں۔ طلبہ سے کہیں کہ بصری حروف "یہ، ہے" کا استعمال کرتے ہوئے ایک جملہ بنائیں۔ پھر جملہ "یہ نوٹ ہے" بے ترتیبی "ہے، نوٹ، یہ" لکھ دیں اور طلبہ سے اس جملے کی ترتیب درست کروا کر لکھوائیں۔
- انھیں بتائیں کہ آج اسی طرح ہم کچھ جملوں کو درست ترتیب کے ساتھ لکھنے کی مشق کریں گے۔ پھر صفحہ 46 پر دیے گئے بے ترتیب جملے ایک ایک کر کے بورڈ پر لکھتے جایئے اور طلبہ سے انھیں درست لکھوانے کی سرگرمی بورڈ پر کروائیں۔
- جانچ: قاعدے کا صفحہ نمبر 46 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 45 پر دیے گئے جملے پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

# مصوتہ "و" کی مشق (کہانی، ارکان اور الفاظ)

کُل دن:5

پیریڈ: 40منٹ

**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- مصوتہ "ی" پر مشتمل کہانی سن کر لطف اندوز ہو سکیں گے۔
- کہانی سمجھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- مصوتہ "ی" سے ارکان سازی کر سکیں گے۔
- حروف ملا کر رکن بنا سکیں گے۔
- رکن کے حروف الگ کر سکیں گے۔
- رکن ملا کر الفاظ پڑھ سکیں گے۔

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: کھلونا بلی، کھلونا ہاکی، پلاسٹک کا بیگ، درخت کی سوکھی تین شاخیں، رسی، الفاظ "ہاکی، بھاگی، دادای، جالی، پانی پر مشتمل پرچیاں (صفحہ نمبر 47)
- دوسرے دن کے لیے: ورک شیٹ (صفحہ نمبر 47,48)
- تیسرے دن کے لیے: ورک شیٹ (صفحہ نمبر 47,48,49)
- چوتھے دن کے لیے: بھاری حروف اور "ی" پر مشتمل پرچیاں (صفحہ نمبر 50)
- پانچویں دن کے لیے: اسٹیکی نوٹس پر صفحہ 51 پر دیے گئے الفاظ لکھیں (صفحہ نمبر 51)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- پہچاننا
- بتانا
- دوبارہ بیان کرنا

## پہلا دن: مصوتہ 'ی' کی پہچان

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔
- طلبہ سے کہیں کہ آج وہ "ی" سے ارکان سازی سیکھیں گے۔ انھیں بلی اور ہاکی دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچوں کو بتائیں کہ جب 'ی' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / ی / ہوتی ہے، جیسے "یخنی" کی شروع کی آواز۔ جب 'ی' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / ای / ہو جاتی ہے، جیسے، "ہاکی"۔ اب بورڈ پر لفظ "ہاکی" اور "بلی" لکھیں اور طلبہ سے یہ الفاظ دوبار پڑھوائیں۔
- لفظ کے آخر میں "ی" پوری شکل میں آتی ہے مگر درمیان میں آتے ہوئے یہ اپنی چھوٹی شکل بنا لیتی ہے۔ اب طلبہ کو تیں سوکھی شاخین ایک ایک کر کے دکھاتے ہوئے ان کی کل تعداد پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔ انھیں بتائیں کہ جیسے لفظ "تین" کے درمیان میں "ی" نے اپنی چھوٹی شکل اختیار کر لی ہے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 47 پر دی گئی تصویر کے مطابق طلبہ کو مانو بلی کا گھر بنا کر دکھائیں۔ بچوں کو دائرے کی صورت میں اپنے گرد کھڑا کریں اور اشیا "کھلونا، ہاکی، پلاسٹک کے بیگ، درخت کی سوکھی شاخوں اور رسی" کی مدد سے گھر بنائیں۔
- جانچ: طلبہ کو پانچ گروپوں میں تقسیم کیجیے اور پھر بورڈ پر مصوتہ "ی" لکھیے اور اور تمام طلبہ سے اس کی آواز مل کر ادا کرنے کے لیے کہیے۔ طلبہ کے ہر گروپ میں

ایک ایک لفظی پرچی تقسیم کیجیے اور انھیں مل کر اپنی پرچی پر لکھا لفظ ادا کرنے کی ہدات دیجیے۔

- گھر کا کام: صفحہ نمبر 47 پر کیے گئے رنگین الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: مصوتہ 'ی' کی پہچان

- طلبہ کو مصوتہ "ی" کے بھرپور استعمال پر مشتمل الفاظ پر مبنی کہانی قاعدے کے صفحہ نمبر 47 سے "ٹپ، ٹپ، ٹپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیسا عالی شان گھر بنا تھا۔" تک کہانی دو سے تین بار سنایئے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- کہانی سنانے کے بعد طلبہ کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے درج ذیل سوالات کے جوابات پوچھیں:
- رانی کیوں پریشان ہو گئی؟ رانی نے کس کی مدد سے شاخیں توڑیں؟ رانی نے کیسے عالی شان گھر بنایا؟
- طلبہ سے قاعدے کے صفحہ نمبر 47 پر دیے گئے رنگین الفاظ پڑھایئے اور بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت بھی دیجیے۔ پھر باری باری طلبہ سے انفرادی صورت میں بلند آواز یہ الفاظ پڑھوانے کی سرگرمی کروائیں۔
- جانچ: طلبہ میں ورک شیٹیں تقسیم کیجیے اور دیا گیا کام مکمل کروایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 48 پر دی گئی سرگرمی سے متعلق پہلی لائن کا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: مصوتہ 'ی' سے ارکان سازی

- پڑھائے گئے تصور کا اعادہ کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ جب 'ی' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / ی / ہوتی ہے، جیسے "یخنی" کی شروع کی آواز۔ جب 'ی' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / ای / ہو جاتی ہے۔، جیسے، "ہاکی"۔ اب بورڈ پر لفظ "ہاکی' اور "بلی" لکھیں اور طلبہ سے یہ الفاظ دو بار پڑھوائیں۔
- طلبہ کو مصوتہ "ی" کے بھرپور استعمال پر مشتمل الفاظ پر مبنی کہانی قاعدے کے صفحہ نمبر 47 سے مکمل سنایئے۔ (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- طلبہ سے قاعدے کے صفحہ نمبر 48 پر ارکان سازی سے متعلق دیا گیا لکھائی کا بقایا کام مکمل کروایئے۔
- جانچ: چند طلبہ سے صفحہ 47 پر "لسانی مشق" کے تحت دیے گئے سوالات کی جوابات زبانی سنیے۔ طلبہ میں ورک شیٹیں تقسیم کیجیے اور دیا گیا کام مکمل کروایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 49 پر دیا گیا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: مصوتہ "ی" سے ارکان سازی

- مصوتہ "ی" کے ارکان سازی پر مشتمل سرگرمیاں مکمل کروانے سے پہلے بھاری حروف اور نٹ کھٹ نو کے تصور کا اعادہ کروایئے۔
- طلبہ کو بتایئے کہ بھاری آوازوں والے حروف کی چھوٹی شکلیں نہیں ہوتیں۔
- طلبہ کو ایک بار نٹ کھٹ نو کا تصور پھر سے سمجھایئے اور جماعت میں آویزاں کیے گئے چارٹ سے متعلقہ حروف بھی پڑھایئے۔
- بورڈ پر حرف "بھ" کے ساتھ مصوتہ "ی" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں تین مرتبہ پڑھایئے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلایئے اور بورڈ پر ایک ایک حرف کے ساتھ مصوتہ ملانے کی یہ سرگرمی کروایئے۔
- سرگرمی مکمل ہو جانے کے بعد طلبہ سے ارکان پڑھوایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 50 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی پہلی سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔
- جانچ: چند طلبہ سے بورڈ پر لکھے گئے مصوتہ ارکان "تی، جو، کا، سی، کی، تھی، تو، سو، سا" پڑھوایئے اور ان کے حروف الگ کروایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 50 پر دی گئی دوسری سرگرمی کا کام مکمل کرنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

**پانچواں دن:** **مصوتہ "ی" سے الفاظ سازی**

- بورڈ کے ایک جانب ارکان "لا، ما، جا، ہا، بو، گو، رو" اور دوسری جانب ارکان "ٹھی، لی، بی، تھی، ری،، ٹی، ڑی" طلبہ سے یہ ارکان پڑھوایئے اور پھر ان ارکان کو آپس میں ملا کر الفاظ بنوایئے اور طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروایئے۔
- طلبہ کے تین گروپ بنایئے۔ ہر گروپ میں ایک ایک لفظی اسٹیکی نوٹس تقسیم کریں۔ طلبہ سے کہیے کہ وہ مل کر گروپ میں ان الفاظ کی بلند خوانی کریں۔ طلبہ کو جن الفاظ کی ادائیگی میں دقت محسوس ہو ان کی رہنمائی کیجیے۔ پھر باری باری ہر گروپ سے اسٹیکی نوٹس پر لکھے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 51 کھلوایئے۔ چند طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے الفاظ پڑھوایئے۔
- جانچ: تمام بچوں سے قاعدے کے صفحہ نمبر 51 پر سے ایک ایک لفظ بلند آواز میں پڑھوایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 51 پر دیے گئے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers


# ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)

"مصوتہ "ی" والے ارکان چن کر لکھیے۔



## ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)

ان خانوں میں رنگ بھریے، جن میں / ای / کی آواز موجود ہے۔




Aqsa
Publishers, Printers & Booksellers

# مصوتہ "ی" کی مشق (الفاظ اور جملے)

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5<br><br>پیریڈ: 40 منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ مصوتہ "ی" سے ارکان "بنا سکیں گے۔<br>■ مصوتہ "ی" سے الفاظ بنا سکیں گے۔<br>■ مصوتہ "ی" کے استعمال پر مبنی جملے لکھ سکیں گے۔ |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: رنگین چارٹ پیپر کے کٹے کارڈ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 52)
- دوسرے دن کے لیے: طلبہ میں خوش خطی کا مقابلہ کروانے کے لیے ایک چارٹ پیپر کو چار برابر حصوں میں تقسیم کر دیں۔ چارٹ پر عنوان "خوش خطی" لکھیں درمیان میں جملہ لکھنے کے لیے لائن لگا دیں اور کارڈ کے آخر میں گروپ کے ممبران کے نام لکھیں۔ کارڈ کو فومنگ شیٹ کے کٹے رنگ برنگ کے پھولوں سے سجایا جا سکتا ہے۔ (صفحہ نمبر 53,54)
- تیسرے دن کے لیے: سادہ ورک شیٹیں، گذیز بیگ (صفحہ نمبر 56,57)
- چوتھے دن کے لیے: کھیر، چمچ (صفحہ نمبر 59)
- پانچویں دن کے لیے: ورک شیٹ (صفحہ نمبر 60)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- ترتیب دینا
- تلاش کرنا
- منتخب کرنا

**پہلا دن:** مصوتہ 'ی' سے الفاظ سازی

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- بورڈ پر ایک جانب ارکان "چا، نا، چا، را، کا، بھا، ما، خا، سا" اور دوسری جانب "ٹی، نی، چی، نی، لی، گی، می، خا، تھی" لکھیے۔
- دو دو طلبہ کی جوڑیاں بنا دیجیے۔ تمام جوڑیوں میں ایک ایک رنگین کارڈ تقسیم کیجیے۔
- طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ ہر جوڑی بورڈ پر دونوں جانب لکھے گئے ارکان میں سے کوئی سا ایک ایک رکن چن کر ایک لفظ بنائیں اور اس کارڈ پر لکھیں۔
- بعد ازاں تمام جوڑیوں سے ان کے بنائے گئے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 52 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے الفاظ پڑھوائیے۔
- جانچ: بورڈ پر الفاظ "گھوڑی، ڈوری، پوتی، بھائی، موچی، موتی، چھوتی، موڑی" لکھیے اور چند طلبہ سے یہ الفاظ روانی سے پڑھوائیے۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 52 پر دیے گئے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: مصوتہ 'ی' سے ارکان سازی اور جملے

- گزشتہ روز پڑھائے گئے سبق کا جائزہ لینے کے بعد طلبہ سے قاعدے کا صفحہ نمبر 53 کھلوائیے۔
- اس صفحے پر دی گئی تصویروں سے متعلق طلبہ کے ساتھ گفتگو کیجیے۔ تصویر میں نظر آنے والے کرداروں اور اشیا کے نام پوچھیے۔
- طلبہ اس صفحے پر دیے گئے جملے بآسانی روانی ے ساتھ پڑھ سکتے ہیں۔ ان سے دیے گئے جملے ایک ایک کر کے بلند آواز سے پڑھوائیے۔
- پھر جملوں پر لکھائی کا کام مکمل کروائیے۔
- جانچ: طلبہ میں خوش خطی کا مقابلہ کروانے کے لیے ان ے گروپ بنا دیجیے۔ اب خوش خطی کے تیار کیے جانے والے کارڈ ہر گروپ میں تقسیم کیجیے۔ ہر گروپ میں ایک کارڈ تقسیم کریں۔ بورڈ پر جملہ "رانی کھانا کھاتی ہے۔" خوش خط کر کے لکھیں۔ پھر طلبہ کو ہدایت دیں کہ ہر گروپ بورڈ سے یہ جملہ نقل کر کے لکھے۔ خوش خط جملہ لکھنے والے گروپ کے لیے تالیاں بجوائیں اور اس کارڈ کو جماعت میں آویزاں کر دیں۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 54 پر دی گئی سرگرمیوں کا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: مصوتہ 'ی' سے الفاظ سازی اور جملے

- طلبہ کے گروپ بنا دیں۔ اب ہر گروپ میں ارکان "چا، ما، مو، گھو، ڑی، چی، می، ٹی" کی رنگین پرچیاں اور طلبہ میں ایک ایک سادہ ورک شیٹ تقسیم کریں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ اپنی مرضی سے دو دو ارکان کی پرچیاں ملا کر لفظ بنائیں اور اس ورک شیٹ پر چسپاں کریں۔
- طلبہ سے قاعدے کا صفحہ نمبر 55 کھلوائیے اور الفاظ سازی سے متعلق دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کروائیے۔
- سرگرمی کے اختتام پر ہر گروپ کے پاس باری باری جائیں۔ جو گروپ زیادہ اور درست الفاظ بنائے۔ اس گروپ کے طلبہ میں گذیز بیگ تقسیم کریں۔
- جانچ: بورڈ پر کچھ ارکان لکھ دیں۔ چند طلبہ کو الفاظ سازی کے لیے باری باری بلا کر اپنی مرضی سے دو دو ارکان چن کر بورڈ پر لکھنے کی ہدایت دیں۔ درست لفظ بنانے والے طلبہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- گھر کا کام: صفحہ نمبر 56,57 پر دی گئی سرگرمیوں کا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: مصوتہ "ی' سے الفاظ

- طلبہ سے ان کی آنکھیں بند کرنے کے لیے کہیے۔ انھیں ہدایت دیجیے کہ جب تک آپ اجازت نہ دیں طلبہ اپنی آنکھیں بند کیے رکھیں اور بتائی جانے والی ہدایات پر عمل کریں۔ اب طلبہ کو کھیر کا ایک ایک چمچ کھلائیے۔ پھر طلبہ سے کھلائی جانے والی چیز کا نام پوچھیے۔ پھر بورڈ پر لفظ "کھیر" لکھ دیں۔
- مصوتہ "ی" سے متعلق پڑھائے گئے تصور کا اعادہ کرواتے ہوئے بچوں کو بتائیں کہ جب 'ی' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / ی / ہوتی ہے، جیسے "یخنی" کی شروع کی آواز۔ جب 'ی' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / ای / ہو جاتی ہے۔، جیسے، "کھیر"۔ طلبہ سے یہ لفظ دوبار پڑھوائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم "ی" کی لفظ میں درمیانی آواز پڑھیں گے۔
- قاعدے کے صفحہ 58 پر دیے گئے توڑ اور ان کے جوڑ بورڈ پر لکھیے اور طلبہ کو پڑھائیے پھر دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کروائیے۔
- جانچ: بورڈ پر الفاظ "جیب، نیلی، ٹھیک، چین، کیل" لکھیے اور چند طلبہ سے ان لفظوں میں "ی" کی چھوٹی شکل کے گرد دائرے لگوائیے اور یہ الفاظ پڑھوائیے۔
- گھر کا کام: صفحہ 59 پر دیے گئے الفاظ اور جملے پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## پانچواں دن: حروف ملا کر الفاظ سازی

- طلبہ سے گزشتہ دن میں پڑھائے گئے الفاظ اور جملے سنیے۔
- قاعدے کے صفحہ 60 پر دیے گئے الفاظ کے توڑ بورڈ پر لکھیے۔

- حروف کی آوازیں طلبہ سے ادا کروایئے۔ پھر ان حروف کو ملا کر لکھیے اور طلبہ سے الفاظ کی بلند خوانی تین سے چار کروایئے۔
- طلبہ سے قاعدے کا صفحہ نمبر 60 کھلوایئے اور دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔
- جانچ: ورک شیٹیں تقسیم کیجیے اور دیا گیا کام مکمل کروایئے۔
- گھر کا کام: صفحہ 60 پر دیے گئے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

# ورک شیٹ (پانچویں دن کے لیے)

جن لفظوں میں "ی" کی چھوٹی شکل موجود ہے ان لفظوں والے خانوں میں رنگ بھریے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ساتھ | کاپی | | | جیب |
| | بال | | تالا | |
| ساتھ | | چین | | نیلی |
| | باغ | | ٹھیک | |
| مالی | | کالا | | گھوڑا |
| | بال | | مور | |
| ساگ | | تالی | | جالی |
| | سال | | ہاتھ | |



# مصوتہ "ے" کی مشق (کہانی، ارکان)

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- مصوتہ "ے" پر مشتمل کہانی سن کر لطف اندوز ہو سکیں گے۔
- کہانی سمجھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- مصوتہ "ے" سے ارکان سازی کر سکیں گے۔
- حروف ملا کر رکن بنا سکیں گے۔
- رکن کے حروف الگ کر سکیں گے۔
- رکن ملا کر الفاظ پڑھ سکیں گے۔

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: پنسل، فومنگ شیٹ، گلیٹر شیٹ، گلو، قینچی، الفاظ "تارے، چھوٹے، سوتے، کھاتے، جائے" پر مشتمل پرچیاں، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 61)
- دوسرے دن کے لیے: مصوتہ "ے" کی اور الفاظ کی پہچان، ورک شیٹ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 61، 62)
- تیسرے دن کے لیے: مصوتہ "ے" سے ارکان سازی، ورک شیٹ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 61، 62، 63)
- چوتھے دن کے لیے: بھاری حروف اور مصوتہ "ے" پر مشتمل ارکان اور پرچیاں، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 63)
- پانچویں دن کے لیے: بھاری حروف اور مصوتہ "ے" پر مشتمل ارکان ورک شیٹ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 64)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- پہچاننا
- بتانا
- دوبارہ بیان کرنا

**پہلا دن:**

## مصوتہ 'ے' کی پہچان

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسم اللہ پڑھنی چاہیے۔
- طلبہ سے کہیں کہ آج وہ "ے" سے ارکان سازی سیکھیں گے۔ انھیں تارے اور طوطے دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچوں کو بتائیں کہ 'ے' کسی بھی لفظ کے شروع میں نہیں آتا، یہ ہمیشہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے۔ تو اس کی آواز / اے / ہوتی ہے، جیسے "چھوٹے" کی آواز۔ اب بورڈ پر لفظ "کھاتے" اور "سوتے" لکھیں اور طلبہ سے یہ الفاظ دو بار پڑھوائیں۔
- لفظ کے آخر میں "ے" پوری شکل میں آتا ہے مگر درمیان میں آتے ہوئے یہ اپنی چھوٹی شکل بنا لیتا ہے۔ اب طلبہ کو تارے کا ایک خاکہ دیکھائیے اور بورڈ پر بنائیے انھیں بتائیں کہ جیسے لفظ "ریل" کے درمیان میں "ے" نے اپنی چھوٹی شکل اختیار کر لی ہے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 61 پر دی گئی تصویر کے مطابق طلبہ کو تارے بنا کر دکھائیں۔ بچوں کو دائرے کی صورت میں اپنے گرد کھڑا کریں اور اشیا "پنسل، فومنگ

شیٹ، گلیٹر شیٹ، گلو، قینچی "کی مدد سے تارے بنائیے۔

جانچ: طلبہ کو پانچ گروپوں میں تقسیم کیجیے اور پھر بورڈ پر مصوتہ "ے" لکھیے اور اور تمام طلبہ سے اس کی آواز مل کر ادا کرنے کے لیے کہیے۔ طلبہ کے ہر گروپ میں ایک ایک لفظی پرچی تقسیم کیجیے اور انھیں مل کر اپنی پرچی پر لکھا لفظ ادا کرنے کی ہدات دیجیے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 61 پر کیے گئے رنگین الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: مصوتہ 'ے' کی پہچان

- طلبہ کو مصوتہ "ے" کے بھرپور استعمال پر مشتمل الفاظ پر مبنی کہانی قاعدے کے صفحہ نمبر 61 سے "رات کا وقت تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بند کر کے بیٹھی تھی۔" تک کہانی دو سے تین بار سنائیے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- کہانی سنانے کے بعد طلبہ کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے درج ذیل سوالات کے جوابات پوچھیں:
- آسمان پر کیا چمک رہے تھے؟ چنو منو آسمان سے کیا دیکھا کرتے تھے؟ طوطے اور گھوڑے کیا کر رہے تھے؟
- طلبہ سے قاعدے کے صفحہ نمبر 61 پر دیے گئے رنگین الفاظ پڑھائیے اور بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت بھی دیجیے۔ پھر باری باری طلبہ سے انفرادی صورت میں بلند آواز یہ الفاظ پڑھوانے کی سرگرمی کروائیں۔

جانچ: طلبہ میں ورک شیٹیں تقسیم کیجیے اور دیا گیا کام مکمل کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

گھر کا کام: صفحہ نمبر 62 پر دی گئی سرگرمی سے متعلق پہلی لائن کا کام مکمل کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: مصوتہ 'ے' سے ارکان سازی

- پڑھائے گئے تصور کا اعادہ کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ جب 'ے' کسی بھی لفظ کے شروع میں نہیں آتا، یہ ہمیشہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے۔ تو اس کی آواز / اے / ہوتی ہے، جیسے "تارے" کی آواز۔ اب بورڈ پر لفظ "سوتے" اور "چھوٹے" لکھیں اور طلبہ سے یہ الفاظ دو بار پڑھوائیں۔
- طلبہ کو مصوتہ "ے" کے بھرپور استعمال پر مشتمل الفاظ پر مبنی کہانی قاعدے کے صفحہ نمبر 61 سے مکمل سنائیے۔ (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- طلبہ سے قاعدے کے صفحہ نمبر 62 پر ارکان سازی سے متعلق دیا گیا لکھائی کا بقایا کام مکمل کروائیے۔

جانچ: چند طلبہ سے صفحہ 61 پر "لسانی مشق" کے تحت دیے گئے سوالات کی جوابات زبانی سنیے۔ طلبہ میں ورک شیٹیں تقسیم کیجیے اور دیا گیا کام مکمل کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

گھر کا کام: صفحہ نمبر 62 پر دیے گئے الفاظ کو پڑھنے اور یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: مصوتہ "ے" سے ارکان سازی

- مصوتہ "ے" کے ارکان سازی پر مشتمل سرگرمیاں مکمل کروانے سے پہلے بھاری حروف اور نٹ کھٹ نو کے تصور کا اعادہ کروائیے۔
- طلبہ کو بتائیے کہ بھاری آوازوں والے حروف کی چھوٹی شکلیں نہیں ہوتیں۔
- طلبہ کو ایک بار نٹ کھٹ نو کا تصور پھر سے سمجھائیے اور جماعت میں آویزاں کیے گئے چارٹ سے متعلقہ حروف بھی پڑھائیے۔
- بورڈ پر حرف "بھ" کے ساتھ مصوتہ "ے" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں تین مرتبہ پڑھائیے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلائیے اور بورڈ پر ایک ایک حرف کے ساتھ مصوتہ "ے" ملانے کی یہ سرگرمی کروائیے۔
- سرگرمی مکمل ہو جانے کے بعد طلبہ سے ارکان پڑھوائیے۔

- قاعدے کا صفحہ نمبر 63 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی سرگرمی سے متعلق پہلی لائن کا کام مکمل کروایئے ۔

جانچ: چند طلبہ سے بورڈ پر لکھے گئے مصوتہ ارکان "ـقِ، ـکے، ـگے، ـچھے، ـبھے، ـجھے، ـہے" پڑھوایئے اور ان کے حروف الگ کروایئے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 63 پر ارکان سازی سے متعلق دیا گیا لکھائی کا بقایا کام کر کے آنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: مصوتہ "ـے" سے ارکان سازی

- مصوتہ "ـے" کے ارکان سازی پر مشتمل سرگرمیاں مکمل کروانے سے پہلے بھاری حروف کے تصور کا اعادہ کروایئے۔
- طلبہ کو بتایئے کہ بھاری آوازوں والے حروف کی چھوٹی شکلیں نہیں ہوتیں۔
- بورڈ پر حرف "دھ" اور "کھ" کے ساتھ مصوتہ "ـے" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے یہ رکن بلند آواز میں تین مرتبہ پڑھایئے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلایئے اور بورڈ پر ایک ایک حرف کے ساتھ مصوتہ "ـے" ملانے کی یہ سرگرمی کروایئے۔
- سرگرمی مکمل ہو جانے کے بعد طلبہ سے ارکان پڑھوایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 64 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی پہلی سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔

جانچ: چند طلبہ سے بورڈ پر لکھے گئے مصوتہ ارکان "ـگے، ـقے، ـسے، ـطے، ـمے، ـبے" پڑھوایئے اور ان کے حروف الگ کروایئے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 64 پر دی گئی دوسری سرگرمی کا کام مکمل کرنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

# ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)

"مصوتہ "ے" والے ارکان چن کر لکھیے۔

بے تو جو جھے ٹی کا


تو مے کی بھی تھے سی

با کے لی جھا ٹو جے

تو می کو سے تھا صے

## ورک شیٹ (تیسرے دن کے لیے)

ان خانوں میں رنگ بھریے، جن میں / اے / کی آواز موجود ہے۔




Aqsa
Publishers, Printers & Booksellers

# مصوتہ "ے" کی مشق (الفاظ اور جملے)

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ مصوتہ "ے" سے ارکان "بنا سکیں گے۔<br>■ رکن ملا کر الفاظ پڑھ سکیں گے۔<br>■ مصوتہ "ے" سے الفاظ بنا سکیں گے۔<br>■ مصوتہ "ے" کے استعمال پر مبنی جملے لکھ سکیں گے۔ |
| پیریڈ: 40 منٹ | |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: مصوتہ "ے" سے الفاظ سازی اور اسٹیکی نوٹس پر صفحہ 65 پر دیے گئے الفاظ لکھیں، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 65)
- دوسرے دن کے لیے: مصوتہ "ے" سے الفاظ سازی اور رنگین چارٹ پیپر کے کٹے کارڈ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 66)
- تیسرے دن کے لیے: مصوتہ "ے" سے ارکان سازی اور جملے، طلبہ میں خوش خطی کا مقابلہ کروانے کے لیے ایک چارٹ پیپر کو چار برابر حصوں میں تقسیم کر دیں۔ چارٹ پر عنوان "خوش خطی" لکھیں درمیان میں جملہ لکھنے کے لیے لائن لگا دیں اور کارڈ کے آخر میں گروپ کے ممبران کے نام لکھیں۔ کارڈ کو فومنگ شیٹ کے کٹے رنگ برنگ کے پھولوں سے سجایا جا سکتا ہے، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 67)
- چوتھے دن کے لیے: مصوتہ "ے" کی آواز کی پہچان، سادہ ورک شیٹ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 68)
- پانچویں دن کے لیے: حروف کو ملا کر الفاظ سازی، جملے اور ورک شیٹیں، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 69، 70)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- ترتیب دینا
- تلاش کرنا
- منتخب کرنا

**پہلا دن:** مصوتہ "ے" سے الفاظ سازی

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- بورڈ کے ایک جانب ارکان "طو، گا، تا، با، کھا، دا، چا" اور دوسری جانب ارکان "ئے، رے، لے، طے، ئے، نے، جے" طلبہ سے یہ ارکان پڑھوائیے اور پھر ان ارکان کو آپس میں ملا کر الفاظ بنوائیے اور طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیے۔
- طلبہ کے تین گروپ بنائیے۔ ہر گروپ میں ایک ایک لفظی اسٹیکی نوٹس تقسیم کریں۔ طلبہ سے کہیے کہ وہ مل کر گروپ میں ان الفاظ کی بلند خوانی کریں۔ طلبہ کو جن الفاظ کی ادائیگی میں دقت محسوس ہو ان کی رہنمائی کیجیے۔ پھر باری باری ہر گروپ سے اسٹیکی نوٹس پر لکھے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 65 کھلوائیے۔ چند طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے الفاظ پڑھوائیے۔

**جانچ:** تمام بچوں سے قاعدے کے صفحہ نمبر 65 پر سے ایک ایک لفظ بلند آواز میں پڑھوائیے۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

گھر کا کام: صفحہ نمبر 65 پر دیے گئے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: مصوتہ 'ے' سے الفاظ سازی

- بورڈ پر ایک جانب ارکان "کا، بو، کھا، لو، بھا، نا، سا، ڈا" اور دوسری جانب "ٹے، لے، تے، ہے، گے، پے، ئے، لے" لکھیے۔
- دو دو طلبہ کی جوڑیاں بنا دیجیے۔ تمام جوڑیوں میں ایک ایک رنگین کارڈ تقسیم کیجیے۔
- طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ ہر جوڑی بورڈ پر دونوں جانب لکھے گئے ارکان میں سے کوئی سا ایک ایک رکن چن کر ایک لفظ بنائیں اور اس کارڈ پر لکھیں۔
- بعد ازاں تمام جوڑیوں سے ان کے بنائے گئے الفاظ سنیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 66 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے الفاظ پڑھوایئے.

جانچ: بورڈ پر الفاظ "لائے، کھاتے، جالے، گاتے، توڑے، سوتے، کاٹے، چھائے" لکھیے اور چند طلبہ سے یہ الفاظ روانی سے پڑھوایئے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 66 پر دیے گئے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: مصوتہ 'ے' سے الفاظ سازی اور جملے

- گزشتہ روز پڑھائے گئے سبق کا جائزہ لینے کے بعد طلبہ سے قاعدے کا صفحہ نمبر 67 کھلوایئے۔
- اس صفحے پر دی گئی تصویروں سے متعلق طلبہ کے ساتھ گفتگو کیجیے۔ تصویر میں نظر آنے والے کرداروں اور اشیا کے نام پوچھیے۔
- طلبہ اس صفحے پر دیے گئے جملے بآسانی روانی سے ساتھ پڑھ سکتے ہیں۔ ان سے دیے گئے جملے ایک ایک کر کے بلند آواز سے پڑھوایئے۔
- پھر جملوں پر لکھائی کا کام مکمل کروایئے۔

جانچ: طلبہ میں خوش خطی کا مقابلہ کروانے کے لیے ان کے گروپ بنا دیجیے۔ اب خوش خطی کے تیار کیے جانے والے کارڈ ہر گروپ میں تقسیم کیجیے۔ ہر گروپ میں ایک کارڈ تقسیم کریں۔ بورڈ پر جملہ "باغ میں مور ناچے۔" خوش خط کر کے لکھیں۔ پھر طلبہ کو ہدایت دیں کہ ہر گروپ بورڈ سے یہ جملہ نقل کر کے لکھے۔ خوش خط جملہ لکھنے والے گروپ کے لیے تالیاں بجوائیں اور اس کارڈ کو جماعت میں آویزاں کر دیں۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 67 پر دیئے گئے جملوں کو پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: مصوتہ 'ے' سے الفاظ سازی

- طلبہ کو ہدایت دیجیے اور بورڈ پر کچھ لفظ لکھیے اور بچوں کو ان کو پڑھنے اور ان لفظوں میں "اے" کی آواز کی پہچان کرنے کو کہیے۔
- بورڈ پر مزید کچھ لفظ لکھے جیسے "کھاتے، ملی، ہاکی، لوہے، نیلی، دھاگے، روٹی، راتے" اب باری باری ایک ایک کر کے بچوں کو پاس بلوایئے اور بورڈ پر لکھے لفظوں میں "اے" والے لفظ پر دائرہ " O " بنوایئے۔
- طلبہ سے قاعدے کا صفحہ نمبر 68 کھلوایئے اور "ے" سے متعلق دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کروایئے۔
- سرگرمی کے اختتام پر ہر طلبہ کے پاس باری باری جائیں۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

جانچ: طلبہ سے "ے" سے بننے والے دو الفاظ کے نام پوچھیے۔ درست لفظ بتانے والے طلبہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 66 پر دیئے گئے "ے" کے لفظوں کو پڑھنے اور یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

Agahi Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

## پانچواں دن: مصوتہ 'ے' سے الفاظ سازی اور جملے

- طلبہ کو مصوتہ " ا "، " ی "اور " ے " کے بارے میں دہرائی کروایئے۔
- طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ کو پڑھیے " جالا، سارا، باجا، سونا "اب ان الفاظ کے آخر میں " ا "کی بجائے " ی " اور " ے " لگا کر بچوں کو سا تھ ساتھ دہرانے کی ہدایت بھی دیجیے۔ پھر باری باری طلبہ سے انفرادی صورت میں بلند آواز یہ الفاظ پڑھوانے کی سرگرمی کروائیں۔
- طلبہ کے گروپ بنادیں۔ اب ہر گروپ میں الفاظ " جالا، باجا، سارا، سونا "کی رنگین پرچیاں اور طلبہ میں ایک ایک سادہ ورک شیٹ تقسیم کریں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ ان الفاظ کے آخر میں " ا "کی بجائے " ی " اور " ے " لگا کر دوبارہ الفاظ لکھیے۔
- سرگرمی کے اختتام پر ہر طلبہ کے پاس باری باری جائیں۔ جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 70 کھلوایئے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دیئے گئے مدد گار الفاظ کو استعمال کرواتے ہوئے ہر تصویر کے بارے میں ایک جملہ لکھوایئے۔

**جانچ:** طلبہ سے "ی" اور "ے" سے بننے والے دو الفاظ کے نام پوچھیے۔ درست لفظ بتانے والے طلبہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**گھر کا کام:** صفحہ نمبر 70 پر دی گئی تصاویر کے مطابق بچوں کو ایک ایک جملہ لکھ کر آنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

# مصوتہ "ے" کی مشق (الفاظ اور جملے) اور اعادہ

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- مصوتہ "ے" سے ارکان بنا سکیں گے۔
- رکن ملا کر الفاظ پڑھ سکیں گے۔
- مصوتہ "ے" سے الفاظ بنا سکیں گے۔
- مصوتہ "ے" کے استعمال پر مبنی جملے لکھ سکیں گے۔

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: مصوتہ "ے" سے الفاظ (بہ طور درمیانی حرف) کے توڑ جوڑ، ریل، ڈبّا، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 71، 72)
- دوسرے دن کے لیے: حروف کو ملا کر الفاظ سازی اور ورک شیٹ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 72، 73)
- تیسرے دن کے لیے: مصوتہ "و" سے ارکان، الفاظ سازی اور جملے کا اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 36 تا 46)
- چوتھے دن کے لیے: مصوتہ "ی" سے ارکان، الفاظ سازی اور جملے کا اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 47 تا 60)
- پانچویں دن کے لیے: مصوتہ "ے" سے ارکان، الفاظ سازی اور جملے کا اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 61 تا 73)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- ترتیب دینا
- تلاش کرنا
- منتخب کرنا

## پہلا دن: مصوتہ "ی" سے الفاظ

- طلبہ سے ان کی آنکھیں بند کرنے کے لیے کہیے۔ انھیں ہدایت دیجیے کہ جب تک آپ اجازت نہ دیں طلبہ اپنی آنکھیں بند رکھیں۔ اب ڈبے میں سے "ریل" کو باہر نکالیے اور بچوں کو آنکھیں کھولنے کے لیے کہیے۔ طلبہ کو "ریل" دیکھائیے اور اس چیز کا نام پوچھیے۔ پھر بورڈ پر لفظ "ریل" لکھ دیں۔
- مصوتہ "ے" سے متعلق پڑھائے گئے تصور کا اعادہ کرواتے ہوئے بچوں کو بتائیں کہ 'ے' کسی بھی لفظ کے شروع میں نہیں آتا، یہ ہمیشہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے۔ تو اس کی آواز / اے / ہوتی ہے۔ جب 'ے' لفظ کے آخر میں تو پورا ہی آتا ہے، جیسے، "تارے"، "جالے" وغیرہ میں۔ مگر درمیان مین آتے ہوئے یہ اپنی چھوٹی شکل بنالیتا ہے۔ جیسے، "کھیل"، "ریل" وغیرہ میں۔ طلبہ سے یہ لفظ دوبار پڑھوائیں۔
- قاعدے کے صفحہ 71 پر دیے گئے توڑ اور ان کے جوڑ بورڈ پر لکھیے اور طلبہ کو پڑھائیے پھر دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کروائیے۔

**جانچ:** بورڈ پر الفاظ "سیب، دیگ، جیب، میز، دیر" لکھیے اور چند طلبہ سے ان لفظوں میں "ے" کی چھوٹی شکل کے گرد دائرے لگوائیے اور یہ الفاظ پڑھوائیے۔

**گھر کا کام:** صفحہ 76 پر دیے گئے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: حروف ملا کر الفاظ سازی

- طلبہ سے گزشتہ دن میں پڑھائے گئے الفاظ سنیے۔

- بورڈ پر الفاظ "ایک، میل، جیل، بیر، تیز، ڈھیر، کیک، لیٹ، پیٹ" لکھیے اور طلبہ کو باری باری بلوائیے اور ان سے ان لفظوں میں "ے" کی چھوٹی شکل کی نشاندہی کروائیے اور یہ الفاظ پڑھوائیے۔
- قاعدے کے صفحہ 73 پر دیے گئے الفاظ کے توڑ بورڈ پر لکھیے۔
- حروف کی آوازیں طلبہ سے ادا کروائیے۔ پھر ان حروف کو ملا کر لکھیے اور طلبہ سے الفاظ کی بلند خوانی تین سے چار کروائیے۔
- طلبہ سے قاعدے کا صفحہ نمبر 73 کھلوائیے اور دی گئی سرگرمی کا کام مکمل کروائیے۔

**جانچ:** ورک شیٹیں تقسیم کیجیے اور دیا گیا کام مکمل کروائیے۔

**گھر کا کام:** صفحہ 73 پر دیے گئے الفاظ پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: مصوتہ "و" سے ارکان، الفاظ سازی اور جملے کا اعادہ

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- طلبہ کو مصوتہ "و" کے بھرپور استعمال پر مشتمل الفاظ پر مبنی کہانی قاعدے کے صفحہ نمبر 36 سے مکمل سنائیے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- کہانی سنانے کے بعد طلبہ کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے درج ذیل سوالات کے جوابات پوچھیں:
- جنگل کے سب جانور مٹھو کو کیوں پسند کرتے تھے؟ لومڑی کے منھ میں پانی کیوں آیا؟ مٹھو انگور کے کتنے گچھے توڑ کر لایا؟
- مصوتہ "و" سے متعلق پڑھائے گئے تصور کا اعادہ کرواتے ہوئے بچوں کو بتائیں کہ 'و' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / و / ہوتی ہے، جیسے "وردی" کی شروع کی آواز۔ جب 'و' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / او / ہو جاتی ہے، جیسے، "طوطا"۔ اب بورڈ پر لفظ "طوطا" لکھیں اور طلبہ سے یہ لفظ دو بار پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں کہ "و" کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔
- بورڈ پر ایک طرف حروف تہجی کی آدھی اشکال اور دوسری طرف بھاری آواز والے حرف لکھیے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلائیے اور بورڈ پر ایک ایک حرف کے ساتھ مصوتہ "و" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے پھر یہ رکن بلند آواز میں پڑھائیے۔
- بورڈ کے ایک جانب ارکان "بو، مو، تو، لو، با" اور دوسری جانب ارکان "لو، ڑو، لو، گو، نو" طلبہ سے یہ ارکان پڑھوائیے اور پھر ان ارکان کو آپس میں ملا کر الفاظ بنوائیے اور طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 42 کھلوائیے۔ پھر اس صفحے پر دی گئی تصویروں میں نظر آنے والے کرداروں اور اشیا کے نام پوچھیے۔
- طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے جملوں کو ایک ایک کر کے بلند آواز سے پڑھوائیے اور پھر جملوں پر لکھائی کی مشق کروائیے۔
- طلبہ کو قاعدے کا صفحہ نمبر 43، 44، 45 پر دی گئی سرگرمیوں کی مشق کی دہرائی کروائیے۔

**جانچ:** بورڈ پر الفاظ "سوچو، تولو، روز، روک، چوٹ، جوش، موم" لکھیے اور چند طلبہ سے ان لفظوں میں مصوتہ "و" کی شکل کے گرد دائرے لگوائیے اور یہ الفاظ پڑھوائیے۔

**گھر کا کام:** طلبہ کو صفحہ نمبر 41 کے الفاظ یاد کرنے اور صفحہ نمبر 46 کی مشق کا کام کرنے کو دیجیے۔

## چوتھا دن: مصوتہ "ی" سے ارکان، الفاظ سازی اور جملے کا اعادہ

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔

- طلبہ کو مصوتہ "ی" کے بھرپور استعمال پر مشتمل الفاظ پر مبنی کہانی قاعدے کے صفحہ نمبر 47 سے مکمل سنایئے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- کہانی سنانے کے بعد طلبہ کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے درج ذیل سوالات کے جوابات پوچھیں:
- رانی کیوں پریشان ہوگئی؟ رانی نے کس کی مدد سے شاخیں توڑیں؟ رانی نے کیسے عالی شان گھر بنایا؟
- مصوتہ "ی" سے متعلق پڑھائے گئے تصور کا اعادہ کرواتے ہوئے بچوں کو بتائیں کہ کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / ی / ہوتی ہے، جیسے "یخنی" کی شروع کی آواز۔ جب 'ی' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / ای / ہو جاتی ہے۔، جیسے، "ہاکی"۔ اب بورڈ پر لفظ "ہاکی' اور "بلی" لکھیں اور طلبہ سے یہ الفاظ دوبار پڑھوائیں۔
- بورڈ پر ایک طرف حروف تہجی کی آدھی اشکال اور دوسری طرف بھاری آواز والے حرف لکھے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلایئے اور بورڈ پر ایک ایک حرف کے ساتھ مصوتہ "ی" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے پھر یہ رکن بلند آواز میں پڑھایئے۔
- بورڈ کے ایک جانب ارکان "لا، ما، چا، ہا، بو، گا، رو" اور دوسری جانب ارکان "ٹھی، لی، بی، تھی، ری، ٹی، ڑی" طلبہ سے یہ ارکان پڑھوایئے اور پھر ان ارکان کو آپس میں ملا کر الفاظ بنوایئے اور طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 53 کھلوایئے۔ پھر اس صفحے پر دی گئی تصویروں میں نظر آنے والے کرداروں اور اشیا کے نام پوچھیے۔
- طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے جملوں کو ایک ایک کر کے بلند آواز سے پڑھوایئے اور پھر جملوں پر لکھائی کی مشق کروایئے۔
- طلبہ کو قاعدے کا صفحہ نمبر 56، 55، 54 اور 57 پر دی گئی سرگرمیوں کی مشق کی دہرائی کروایئے۔

جانچ: بورڈ پر الفاظ "جیب، نیلی، ٹھیک، چین، کیل" لکھیے اور چند طلبہ سے ان لفظوں میں "ی" کی چھوٹی شکل کے گرد دائرے لگوایئے اور یہ الفاظ پڑھوایئے۔

گھر کا کام: طلبہ کو صفحہ نمبر 59 کے الفاظ یاد کرنے اور صفحہ نمبر 60 کی مشق کا کام کرنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: مصوتہ "ے" سے ارکان، الفاظ سازی اور جملے کا اعادہ

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- طلبہ کو مصوتہ "ے" کے بھرپور استعمال پر مشتمل الفاظ پر مبنی کہانی قاعدے کے صفحہ نمبر 61 سے مکمل سنایئے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- کہانی سنانے کے بعد طلبہ کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے درج ذیل سوالات کے جوابات پوچھیں:
- آسمان پر کیا چمک رہے تھے؟ چنو منو آسمان سے کیا دیکھا کرتے تھے؟ طوطے اور گھوڑے کیا کر رہے تھے؟ آپ کس وقت سوتے ہیں؟
- مصوتہ "ے" سے متعلق پڑھائے گئے تصور کا اعادہ کرواتے ہوئے بچوں کو بتائیں کہ 'ے' کسی بھی لفظ کے شروع میں نہیں آتا، یہ ہمیشہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے۔ تو اس کی آواز / اے / ہوتی ہے۔ جب 'ے' لفظ کے آخر میں تو پورا ہی آتا ہے، جیسے، "تارے"، "جالے" وغیرہ میں۔ مگر درمیان میں آتے ہوئے یہ اپنی چھوٹی شکل بنالیتا ہے۔ جیسے، "کھیل"، "ریل" وغیرہ میں۔ طلبہ سے یہ لفظ دوبار پڑھوائیں۔
- بورڈ پر ایک طرف حروف تہجی کی آدھی اشکال اور دوسری طرف بھاری آواز والے حرف لکھے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلایئے اور بورڈ پر ایک ایک حرف کے ساتھ مصوتہ "ے" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے پھر یہ رکن بلند آواز میں پڑھایئے۔
- بورڈ کے ایک جانب ارکان "طو، گا، تا، با، کھا، دا، چا" اور دوسری جانب ارکان "ئے، رے، لے، طے، ئے، نے، جے" طلبہ سے یہ ارکان پڑھوایئے اور پھر ان ارکان کو آپس میں ملا کر الفاظ بنوایئے اور طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروایئے۔

- قاعدے کا صفحہ نمبر 67 کھلوایئے۔ پھر اس صفحے پر دی گئی تصویروں میں نظر آنے والے کرداروں اور اشیا کے نام پوچھیے۔
- طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے جملوں کو ایک ایک کر کے بلند آواز سے پڑھوایئے اور پھر جملوں پر لکھائی کی مشق کروایئے۔
- طلبہ کو قاعدے کا صفحہ نمبر 68، 69 اور 70 پر دی گئی سرگرمیوں کی مشق کی دہرائی کروایئے۔

**جانچ:** بورڈ پر الفاظ "سیب، دیگ، جیب، میز، دیر" لکھیے اور چند طلبہ سے ان لفظوں میں "ے" کی چھوٹی شکل کے گرد دائرے لگوایئے اور یہ الفاظ پڑھوایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

**گھر کا کام:** طلبہ کو صفحہ نمبر 72 کے الفاظ یاد کرنے اور صفحہ نمبر 73 کی مشق کا کام کرنے کو دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

## ورک شیٹ (یا نچویں دن کے لیے)

جن لفظوں میں "ے" کی چھوٹی شکل موجود ہے ان لفظوں والے خانوں میں رنگ بھریے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ساتھ | کاپی | | | جیب |
| | بال | | کیک | |
| ساتھ | | چین | | نیلی |
| | ڈھیر | | ٹھیک | |
| مالی | | کالا | | گھوڑا |
| | دیگ | | مور | |
| ساگ | | تالی | | نیک |
| | میل | | بیر | |



Aguine
We Publishers, ers & Books ish Future..

دوسری ٹرم (چوتھا ہفتہ)

# کھانے پینے کے آداب، ننّھے منّے نشان نظم اور زبر کا تعارف

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ کھانے پینے کے آداب سیکھ سکیں گے۔<br>■ نظم ترنم سے پڑھ سکیں گے۔<br>■ زبر کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ زبر لگانے سے حروف کی آواز کو ادا کر سکیں گے۔ |
| پیریڈ: 40 منٹ | |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: کھانے پینے کے آداب، تصویری فلیش کارڈ، کھانے کی چیزوں کے نام پر مبنی فلیش کارڈز، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 74)
- دوسرے دن کے لیے: کھانے پینے کے آداب کی ورک شیٹ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 74)
- تیسرے دن کے لیے: ننّھے مُنّے نشان (نظم)، ورک شیٹ، کریون کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 75)
- چوتھے دن کے لیے: زبر کا تعارف، زبر کا فلیش کارڈز، حروف تہجی، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 76)
- پانچویں دن کے لیے: زبر والے الفاظ کی ادائیگی، زبر کا فلیش کارڈز، الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 76)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

**پہلا دن:**

## کھانے پینے کے آداب

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو کھانے پینے کی چیزوں کو متعارف کروانے کا ہے۔
- جماعت میں ڈبل روٹی پر جیم (Jam) لگا کر چھوٹے چھوٹے (Sandwich) کی شکل میں کاٹ کا پلیٹ میں رکھیے۔ بچوں کو باری باری پاس بلوائیے اور ان کو ایک ایک پیس (Piece) کھانے کو کہیے اور پھر ان سے پوچھیے کہ یہ کیا چیز ہے۔ درست جواب بتانے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بچوں سے 'کھانے' کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ ان سے پوچھیے کہ صبح کا ناشتہ وہ کس چیز کا کرتے ہیں؟ اور دوپہر میں وہ کیا کھانا پسند کرتے ہیں؟ رات کو کیا کھاتے ہیں؟
- درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔ پھر اس کے بعد بچوں کو مختلف کھانوں کی تصویری فلیش کارڈز دیکھے اور اُن سے اِن کے نام پوچھیے۔

- بچوں کو بتایئے کہ جس طرح ہمیں مختلف کھانے پسند ہیں اسی طرح ہمیں ان کو کھانے کا طریقہ بھی آنا چاہیے۔
- بورڈ پر ایک طرف کھانے کے تصویری فلیش کارڈز کو لگایئے اور ان کے ناموں کے سٹیکی نوٹس میز پر پھیلا دیجیے۔
- بچوں کو باری باری پاس بلوایئے اور کھانے کی تصویر پر درست سٹیکی نوٹ چسپاں کرنے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے کھانے کے تصویری فلیش کارڈز اور ان کے نام کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- قاعدے کا صفحہ نمبر 74 کھلوایئے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو دیکھنے اور ان کے جملوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کی سرگرمی کا کام کروایئے۔

جانچ: طلبہ سے صبح کے ناشتہ کی تین چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 74 کو پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: کھانے پینے کے آداب

- بچوں کو پہلے دن کروائے گئے کام کا اعادہ کروایئے۔
- بچوں کو کھانے پینے کے آداب کے بارے میں تفصیل سے بتایئے۔
- بچوں کو بتایئے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بے شمار کھانے پینے کی چیزیں عطا کی ہیں۔ اور یہ چیزیں ہمیں توانائی اور طاقت دیتی ہیں تاکہ ہم اپنے کام کو اچھے طریقے سے کر سکیں۔
- بچوں کو بتایئے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے ہمیں بے شمار کھانے کی چیزیں عطا کی ہیں اسی طرح کھانے پینے کے بھی کچھ آداب بھی بتائیں ہیں جن پر عمل کر کے ہم تندرستی حاصل کر سکتے ہیں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 74 کھلوایئے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو دیکھنے کی ہدایت کیجیے۔ اس کے بعد بچوں کو کھانے پینے کے آداب کی پڑھائی کروایئے۔
  - کھانے سے پہلے ہاتھ دھوئیے۔
  - بسم اللہ پڑھیے۔
  - کھانا ہمیشہ دائیں ہاتھ سے کھایئے۔
  - کھانا ختم کرنے کے بعد الحمد اللہ کہیے!۔
  - ہمیشہ بیٹھ کر پانی پیئے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 74 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 74 پر دیئے گئے کھانے پینے کے آداب کو یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: نظم "ننّھے مُنّے نشان"

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبق سنیے۔ کھانے پینے کے آداب سنیے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 75 سے نظم "ننّھے مُنّے نشان" کی بلند خوانی کیجیے۔ طلبہ کو نظم ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحے پر موجود رنگین الفاظ طلبہ خود پڑھ سکتے ہیں۔ کچھ طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروایئے اور دیگر طلبہ کو ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں میں ورک شیٹیں تقسیم کریں۔ انھیں ہدایت دیں کہ وہ زبر، زیر اور پیش کے خاکے میں کریون کی مدد سے رنگ بھریں۔

(آپ کی معاونت کے لیے زبر، زیر، پیش کی شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- بورڈ پر زبر، زیر اور پیش کے نشان بنایئے اور بچوں کو سمجھائے کہ یہ کیسے آواز بدلتے ہیں۔
- کام مکمل ہو جانے پر چیک کریں۔ طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ ہر بچہ باری باری اپنی ورک شیٹ جماعت میں ساتھیوں کو دکھائے اور اس سے متعلق ایک ایک حرف

Aqsa Publishers, Printers & Booksellers

بھی سنائے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 75 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: نظم "ننّھے مُنّھے نشان" یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: " زبر" کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو زبر کو متعارف کروانے کا ہے۔
- "زبر" کا تعارف کروانے کے لیے فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ فلیش کارڈ پر نشان " زبر" لکھا گیا ہے۔ ان کو بتائیے کہ زبر ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے اوپر لگتا ہے اور اس کی آواز کو اوپر کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "بستہ" کے شروع میں "بَ" پر زبر کا نشان اس کی آواز کو اوپر کھینچ رہا ہے۔
- بورڈ پر زبر کا نشان لکھیے جماعت میں حروف تہجی پر مشتمل شیٹ بچوں میں تقسیم کیجیے۔ اور انہیں ہر حروف پر زبر کا نشان لگانے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی کے حروف کی شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر حروف تہجی مکمل لکھیے اور تمام پر زبر کا نشان لگا کر ان کی آواز ادا کیجیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ ان حروف کی آواز کی بلند خوانی تین سے چار مرتبہ کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 76 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی حرف کو بلند خوانی سے پڑھوائیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 76 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: حروف تہجی پر زبر کا نشان لگانے کا کام مکمل کرنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: " زبر" والے الفاظ کا تعارف، لکھائی اور بناوٹ

- طلبہ کو "زبر" کا فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے اس کی آواز ادا کیجیے اور ساتھ طلبہ کو بھی دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ کو "زبر" کا اعادہ دوبار کرواتے ہوئے بتائیے کہ زبر ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے اوپر لگتا ہے اور اس کی آواز کو اوپر کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "نل" کے شروع میں "نَ" پر زبر کا نشان اس کی آواز کو اوپر کھینچ رہا ہے۔
- بورڈ پر زبر کا نشان لکھیے جماعت میں مختلف الفاظ پر مشتمل شیٹ بچوں میں تقسیم کیجیے۔ اور انہیں ہر حروف پر زبر کا نشان لگانے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے الفاظ پر مبنی شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے / زبر / کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَب | رَب | جَب | بَس | پھَل | پَر |

- بورڈ پر 'زبر' لکھیے اور پانچ سے سات بار زبر والے الفاظ بلند آواز میں پڑھائیے۔
- الفاظ پر زبر کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'زبر' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔

- بچے بینچ پر 'زبر' لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں 'زبر' لکھنے کی مشق کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 76 کھلوایئے۔ اور اس میں دیئے گئے ہر لفظ کی آوازیں الگ الگ ادا کیجیے، پھر انھیں ملا کر زبر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ بلند خوانی سے پڑھوایئے۔

جانچ: بورڈ پر دو سے تین الفاظ لکھیے اور ان پر زبر کا نشان لگایئے اور بچوں کو پڑھنے کو کہیے۔


گھر کا کام: صفحہ نمبر 76 پر موجود الفاظ کو یاد کرنے اور ان پر زبر کا نشان لگانے کا کام کرنے کو دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

## (پرنٹنگ کا مواد)

### کھانے کی چیزوں کے فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو دیکھا کر ان کے نام پوچھیے۔)

| | |
|---|---|
|  |  |
|  |  |
|  |  |

(پرنٹنگ کا مواد)

## کھانے کی چیزوں کے نام کے فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)


(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ دیکھا کر ان کے درست نام پر چسپاں کرنے کی سرگرمی کروائیے۔)

| | |
|---|---|
| ڈبل روٹی | جیم |
| دودھ | انڈا |
| بریانی | روٹی |

## (پرنٹنگ کا مواد)

### زبر کے فلیش کارڈز (تیسرے اور چوتھے دن کے لیے)

(زبر کے فلیش کارڈ کا پرنٹ لیجیے اور بچوں کو ان کے نام بولنے اور ان پر اپنی مرضی کے رنگ بھرنے کے لے دیجیے۔)





Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

## (پرنٹنگ کا مواد)

### زیر اور پیش کے فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(زیر اور پیش کے فلیش کارڈ کا پرنٹ لیجیے اور بچوں کو ان کے نام بولنے اور ان پر اپنی مرضی کے رنگ بھرنے کے لے دیجیے۔)





Aquiline
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

## حروف تہجی کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

(حروف تہجی کی ورک شیٹ بچوں میں تقسیم کر کے بچوں کو ان پر زبر لگانے کی سرگرمی کروایئے۔)

ا آ ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ س ش

ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک گ ل م

ن و ہ ء ی ے

(پرنٹنگ کا مواد)

## زبر کے الفاظ کی ورک شیٹ (پانچویں دن کے لیے)

(الفاظ کی ورک شیٹ بچوں میں تقسیم کر کے بچوں کو ان پر زبر لگانے کی سرگرمی کروایئے۔)

اب رب سب کب

ٹب لب ہم بس

بر پر پڑھ نل بل

باجا باٹ بات بال

لال باغ بان تھان

باہر جار رات راحت

# زیر اور پیش کا تعارف

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ زیر اور پیش کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ زیر اور پیش لگانے سے حروف کی آواز کو ادا کر سکیں گے۔<br>■ زیر اور پیش کو حروف پر لگا سکیں۔<br>■ الفاظ اور جملوں میں زبر، زیر، پیش کی نشاندہی کر سکیں گے۔ |
| پیریڈ: 40 منٹ | |

## درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: زیر کا تعارف، زیر کا فلیش کارڈز، حروف تہجی، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 77)
- دوسرے دن کے لیے: زیر والے الفاظ کی ادائیگی، زیر کا فلیش کارڈز، الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 77)
- تیسرے دن کے لیے: پیش کا تعارف، پیش کا فلیش کارڈز، حروف تہجی، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 78)
- چوتھے دن کے لیے: پیش والے الفاظ کی ادائیگی، پیش کا فلیش کارڈز، الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 78)
- پانچویں دن کے لیے: زبر، زیر، پیش کے الفاظ، آسان جملے، ورک شیٹ کے جی قاعدہ، (صفحہ نمبر 76،77،78)

## مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

## ذیلی مہارتیں:

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

## پہلا دن:

### " زیر" کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو ' زیر" کو متعارف کروانے کا ہے۔
- "زیر" کا تعارف کروانے کے لیے فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ فلیش کارڈ پر نشان " زیر" لکھا گیا ہے۔ ان کو بتائیے کہ "زیر" ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے نیچے لگتا ہے اور اس کی آواز کو نیچے کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "بلی " کے شروع میں "بِ " پر "زیر" کا نشان اس کی آواز کو نیچے کھینچ رہا ہے ۔
- بورڈ پر زیر کا نشان لکھیے۔ جماعت میں حروف تہجی پر مشتمل شیٹ بچوں میں تقسیم کیجیے۔ اور انہیں ہر حروف پر "زیر" کا نشان لگانے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی کے حروف کی شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

- اس کے بعد بورڈ پر حروف تہجی مکمل لکھیے اور تمام پر "زیر" کا نشان لگا کر ان کی آواز ادا کیجیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ ان حروف کی آواز کی بلند خوانی تین سے چار مرتبہ کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 77 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئے حرف کو بلند خوانی سے پڑھوائیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 77 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: حروف تہجی پر "زیر" کا نشان لگانے کا کام مکمل کرنے کو دیجیے۔

## دوسرا دن: " زیر" والے الفاظ کا تعارف، لکھائی اور بناوٹ

- طلبہ کو "زیر" کا فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے اس کی آواز ادا کیجیے اور ساتھ طلبہ کو بھی دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ کو "زیر" کا اعادہ دوبار کرواتے ہوئے بتائیے کہ زیر ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے نیچے لگتا ہے اور اس کی آواز کو نیچے کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "دل" کے شروع میں "دِ" پر زیر کا نشان اس کی آواز کو نیچے کھینچ رہا ہے۔
- بورڈ پر زیر کا نشان لکھیے جماعت میں مختلف الفاظ پر مشتمل شیٹ بچوں میں تقسیم کیجیے۔ اور انہیں ہر حروف پر "زیر" کا نشان لگانے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے الفاظ پر مبنی شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے / زیر / کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِس | بِل | مِل | جِن | گِر | پھِر |

- بورڈ پر 'زیر' لکھیے اور پانچ سے سات بار زبر والے الفاظ بلند آواز میں پڑھائیے۔
- الفاظ پر زیر کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'زیر' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'زیر' لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں 'زیر' لکھنے کی مشق کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 77 کھلوائیے۔ اور اس میں دیئے گئے ہر لفظ کی آوازیں الگ الگ ادا کیجیے، پھر انھیں ملا کر "زیر" کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ بلند خوانی سے پڑھوائیے۔

جانچ: بورڈ پر دو سے تین الفاظ لکھیے اور ان پر "زیر" کا نشان لگائیے اور بچوں کو پڑھنے کو کہیے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 77 پر موجود الفاظ کو یاد کرنے اور ان پر "زیر" کا نشان لگانے کا کام کرنے کو دیجیے۔

## تیسرا دن: " پیش" کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو "پیش" کو متعارف کروانے کا ہے۔
- "پیش" کا تعارف کروانے کے لیے فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ فلیش کارڈ پر نشان "پیش" لکھا گیا ہے۔ ان کو بتائیے کہ "پیش" ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے اوپر لگتا ہے اور اس کی آواز کو اوپر کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "بلبل" کے شروع میں "بُ" پر "پیش" کا نشان اس کی آواز کو اوپر کھینچ رہا ہے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- بورڈ پر " پیش "کا نشان لکھیے جماعت میں حروف تہجی پر مشتمل شیٹ بچوں میں تقسیم کیجیے۔ اور انہیں ہر حروف پر "پیش "کا نشان لگانے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی کے حروف کی شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر حروف تہجی مکمل لکھیے اور تمام پر "پیش "کا نشان لگا کر ان کی آواز ادا کیجیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ ان حروف کی آواز کی بلند خوانی تین سے چار مرتبہ کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 78 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئے حرف کو بلند خوانی سے پڑھوائیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 78 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: حروف تہجی پر "پیش "کا نشان لگانے کا کام مکمل کرنے کو دیجیے۔

## چوتھا دن: " پیش "والے الفاظ کا تعارف، لکھائی اور بناوٹ

- طلبہ کو " پیش "کا فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے اس کی آواز ادا کیجیے اور ساتھ طلبہ کو بھی دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ کو " پیش "کا اعادہ دوبار کرواتے ہوئے بتائیے کہ پیش ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے اوپر لگتا ہے اور اس کی آواز کو اوپر کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "اُوپر" کے شروع میں "اُ" پر پیش کا نشان اس کی آواز کو اوپر کھینچ رہا ہے۔
- بورڈ پر "پیش "کا نشان لکھیے جماعت میں مختلف الفاظ پر مشتمل شیٹ بچوں میں تقسیم کیجیے۔ اور انہیں ہر حروف پر "پیش "کا نشان لگانے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے الفاظ پر مبنی شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے / پیش / کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دُم | پُن | تُم | چُوں | سُن | اُس |

- بورڈ پر 'پیش' لکھیے اور پانچ سے سات بار زبر والے الفاظ بلند آواز میں پڑھائیے۔
- الفاظ پر "پیش "کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'پیش' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے بینچ پر 'پیش' لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں 'پیش' لکھنے کی مشق کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 78 کھلوائیے۔ اور اس میں دیئے گئے ہر لفظ کی آوازیں الگ الگ ادا کیجیے، پھر انھیں ملا کر "پیش "کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ بلند خوانی سے پڑھوائیے۔

جانچ: بورڈ پر دو سے تین الفاظ لکھیے اور ان پر "پیش "کا نشان لگائیے اور بچوں کو پڑھنے کو کہیے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 78 پر موجود الفاظ کو یاد کرنے اور ان پر "پیش "کا نشان لگانے کا کام کرنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: " زبر " " زیر " اور " پیش " کا جملوں میں استعمال

- بورڈ پر 'زبر'، 'زیر' اور 'پیش' والے الفاظ لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- بورڈ پر پر 'زبر'، 'زیر' اور 'پیش' والے کچھ آسان جملے لکھیے اور ان میں موجود 'زبر'، 'زیر' اور 'پیش' کی شکل کی نشاندہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے جملے نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے خود بچوں کو جملے پڑھوایئے۔ صرف جملوں میں 'زبر'، 'زیر' اور 'پیش' والے الفاظ کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔
- بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو آسان جملوں پر مبنی ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور ان جملوں میں 'زبر'، 'زیر' اور 'پیش' کے نشان لگایئے۔
- جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے آسان جملوں کے فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- اس کے بعد بچوں کو دو ٹیموں میں تقسیم کیجیے۔ اور ان کو ٹیم اے (Team A) اور ٹیم بی (Team B) کا نام دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتایئے کہ آج ہم ایک سرگرمی کرنے والے ہیں۔ اس میں پہلی باری ٹیم اے (Team A) کی ہوگی اور دوسری باری ٹیم بی (Team B) کی ہوگی۔
- بورڈ پر کچھ الفاظ ( چل، ڈر، خط، حق، اس، کن، دن، ضد، پل، چپ، سن، اڑ) لکھیے اور ٹیم اے (Team A) اور ٹیم بی (Team B) سے ایک ایک کر کے بچوں کو بلا کر ان سے بورڈ پر لکھے الفاظ پر 'زبر'، 'زیر' اور 'پیش' کے سٹیکی نوٹ لگوایئے اور ان الفاظ کو پڑھنے کے لیے کہیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر لکھے جملوں میں سے 'زبر'، 'زیر' اور 'پیش' کی پہچان کروایئے۔


گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 78، 77، 76 موجود 'زبر'، 'زیر' اور 'پیش' والے الفاظ کو پڑھنے اور یاد کرنے کا کام دیجیے۔


We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

## (پرنٹنگ کا مواد)

### زیر اور پیش کے فلیش کارڈز (پہلے اور تیسرے دن کے لیے)

(زیر اور پیش کے فلیش کارڈ کا پرنٹ لیجیے اور بچوں کو ان کے نام بولنے اور ان پر اپنی مرضی کے رنگ بھرنے کے لے دیجیے ۔)





(پرنٹنگ کا مواد)

## حروف تہجی کی ورک شیٹ (پہلے اور تیسرے دن کے لیے)

(حروف تہجی کی ورک شیٹ بچوں میں تقسیم کر کے بچوں کو ان پر زیر اور پیش لگانے کی سرگرمی کروایئے۔)

ا آ ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ س ش

ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک گ ل م

ن و ہ ء ی ے

(پرنٹنگ کا مواد)

## زیر کے الفاظ کی ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)

(الفاظ کی ورک شیٹ بچوں میں تقسیم کر کے بچوں کو ان پر زیر لگانے کی سرگرمی کروایئے۔)

| | | | |
|---|---|---|---|
| اس | جن | گن | دل |
| نب | لکھ | گر | کس |
| مس | پن | کن | دن |
| مل | تل | ضد | زپ |
| ٹک | بھڑ | کھل | مل |

(پرنٹنگ کا مواد)

## پیش کے الفاظ کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

(الفاظ کی ورک شیٹ بچوں میں تقسیم کر کے بچوں کو ان پر پیش لگانے کی سرگرمی کروایئے۔)

| | | | |
|---|---|---|---|
| اس | رک | چن | سن |
| بت | رت | ان | غل |
| چپ | تم | دم | گم |
| پل | بن | سکھ | اڑ |
| مڑ | سو | کو | تو |
| چوں | رو | پھر | مجھ |

| (پرنٹنگ کا مواد) | |
|---|---|
| جملوں پر مبنی ورک شیٹ (پانچویں دن کے لیے)<br>(ان جملوں کی ورک شیٹ کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور زبر، زیر، پیش کو لگانے کی سرگرمی کروایئے۔) | |
| سچ سچ بول۔ | حق کی بات کر۔ |
| اس کو خط لکھ۔ | اللہ سے ڈر۔ |
| ڈر مت۔ | رب رب کر۔ |
| دس تک گن۔ | اس کی بات سن۔ |
| حج پر جا۔ | ہم بس پر ہیں۔ |
| ضد م ت کر۔ | سب دل سے پڑھ۔ |
| خدا خدا کر۔ | سب سے چھت پر مل۔ |
| چپ چپ رہ۔ | میری بات سن۔ |
| ان سے مل۔ | ہم سب اب دوست ہیں۔ |
| پورا تولو۔ | کل تو پل پر مل۔ |

# اعراب کی مشق اور اعادہ

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ زبر، زیر اور پیش کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ زبر، زیر اور پیش لگانے سے حروف کی آواز کو ادا کر سکیں گے۔<br>■ زبر، زیر اور پیش کو حروف پر لگا سکیں۔<br>■ زبر، زیر اور پیش کی مشق کو حل کر سکیں |
| پیریڈ: 40 منٹ | |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: زبر، زیر اور پیش کی مشق، ورک شیٹ ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 79)، حروف تہجی اور بھاری آواز والے حروف کی پرچیاں
- دوسرے دن کے لیے: زبر، زیر اور پیش کی مشق، ورک شیٹ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 80)، تصویری فلیش کارڈز
- تیسرے دن کے لیے: کھانے کے آداب اور نظم ننھے منھے نشان کا اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 74، 75)، تصویر فلیش کارڈز، الفاظ، زبر، زیر اور پیش کے خاکے
- چوتھے دن کے لیے: زبر، زیر اور پیش کا مکمل اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 78،77،76)، الفاظ کے خاکے
- پانچویں دن کے لیے: زبر، زیر اور پیش کا مکمل اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 78،77،76)، سٹیکی نوٹ،

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

## پہلا دن: "زبر، زیر اور پیش" کی مشق

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو "زبر"، 'زیر" اور "پیش" کی مشق کروانے کا ہے۔
- "زبر"، 'زیر" اور "پیش" کا فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں۔
- طلبہ سے فلیش کارڈ زیر دکھائے گئے نشان کے نام پوچھیے۔ درست نام بتانے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ اور باقی بچوں کو ساتھ ساتھ ان کے نام دہرانے کا کہیے۔
- بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کیجیے اور ان کو حروف تہجی اور بھاری آواز والے حروف کی پرچیاں دیجیے۔ اور ان پر "زبر"، 'زیر" اور "پیش" کے نشان لگانے کو کہیے۔ جب بچے ان پرچیوں پر نشان لگا لیں۔

(آپ کی معاونت کے لیے حروف تہجی اور بھاری آواز کے حروف کی پرچیوں کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد باری باری کر کے ایک ایک بچے کو پاس بلوائیے اور ان کی پرچی پر لکھے حرف پر لگائے گے نشان کا نام پوچھیے اور ان کو بلند آواز سے پڑھنے کے لیے کہیے
- قاعدے کا صفحہ نمبر 79 کھلوائیے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی پہلی سرگرمی حل کروائیے۔

**جانچ:** طلبہ سے بورڈ پر لکھے گئے حروف پر "زبر"، "زیر" اور "پیش" کی آواز کو ادا کرنے کا کام کروائیے۔

**گھر کا کام:** قاعدے کا صفحہ نمبر 79 پر دی گئی دوسری گرمی کا کام کر کے آنے کا کہیے۔

## دوسرا دن: "زبر، زیر اور پیش" کی مشق

- بچوں کو "زبر"، 'زیر" اور "پیش" کا اعادہ کروائیے۔
- "زبر"، 'زیر" اور "پیش" کا فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں۔
- طلبہ سے فلیش کارڈ زپر دکھائے گئے نشان کے نام پوچھیے۔ درست نام بتانے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ اور باقی بچوں کو ساتھ ساتھ ان کے نام دہرانے کا کہیے۔
- بچوں کو دو ٹیموں میں تقسیم کیجیے۔ اور ان کو ٹیم اے (Team A) اور ٹیم بی (Team B) کا نام دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیے کہ آج ہم ایک سرگرمی کرنے والے ہیں۔ اس میں پہلی باری ٹیم اے (Team A) کی ہو گی اور دوسری باری ٹیم بی (Team B) کی ہو گی۔
- بورڈ پر دو حرفی حروف (دم، پر، لکھ، کل، ان، جن، اب، رک، دن، ہم، بل، اڑ، اس، چپ، کل، زپ، پھر، مل) لکھیے اور ان پر "زبر"، 'زیر" اور "پیش" لگا کر ان کی آواز ادا کرنے کو کہیے۔
- اس کے بعد بچوں کو "زبر"، 'زیر" اور "پیش" کے سٹیکی نوٹ دیجیے۔ اور بورڈ زپر لکھے گئے دو حرفی حروف پر درست سٹیکی نوٹ لگا کر اس لفظ کو بلند آواز سے پڑھیے۔
- جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 80 کھلوائیے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی سرگرمی حل کروائیے۔

**جانچ:** طلبہ سے "زبر"، "زیر" اور "پیش" کی آواز کے بارے میں پوچھیے۔

**گھر کا کام:** قاعدے کا صفحہ نمبر 80، 79 پر دی گئی گرمیوں کا کام کر کے آنے کا کہیے۔

## تیسرا دن: " کھانے پینے کے آداب " اور " نظم (ننّھے مُنّے نشان)" کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں کو مختلف کھانوں کی تصویری فلیش کارڈز دیکھے اور اُن سے اِن کے نام پوچھیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ جس طرح ہمیں مختلف کھانے پسند ہیں اسی طرح ہمیں ان کو کھانے کا طریقہ بھی آنا چاہیے۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام کھانے کے آداب کا اعادہ کر سکیں گے
- بورڈ پر کھانے کے تصویری فلیش کارڈز کو لگائیے۔ اور میز پر پڑے سٹیکی نوٹ میں سے ان کے ناموں کے درست سٹیکی نوٹ کو لگانے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے کھانے کے تصویری فلیش کارڈز اور ان کے نام کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers We Publish Future...

- قاعدے کا صفحہ نمبر 74 کھلوایئے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو دیکھنے کی ہدایت کیجیے۔ اس کے بعد بچوں کو کھانے پینے کے آداب کی پڑھائی کروایئے۔
  - کھانے سے پہلے ہاتھ دھویئے۔
  - بسم اللہ پڑھیے۔
  - کھانا ہمیشہ دائیں ہاتھ سے کھایئے۔
  - کھانا ختم کرنے کے بعد الحمد اللہ کہیے!۔
  - ہمیشہ بیٹھ کر پانی پیئے۔
- اس کے بعد ننّھے منّے نشان نظم باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- اس کے بعد نظم میں رنگین الفاظ بورڈ پر لکھیے اور بچوں کو ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو زبر، زیر اور پیش کے خاکے میں کریون کی مدد سے رنگ بھریں۔

(آپ کی معاونت کے لیے زبر، زیر اور پیش کے خاکے کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- بورڈ پر زبر، زیر اور پیش کے نشان بنایئے اور بچوں کو سمجھائے کہ یہ کیسے آواز بدلتے ہیں۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 75 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئے حرف کو بلند خوانی سے پڑھوایئے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 74 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: نظم میں دیئے گئے رنگیں الفاظ کو پڑھنے اور یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن:

### "زبر، زیر اور پیش" کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے زبر، زیر اور پیش کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے زبر، زیر اور پیش نشان کا تعارف کروایئے۔ ان کو بتایئے کہ "زبر" ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے اوپر لگتا ہے اور اس کی آواز کو اوپر کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "بستہ" کے شروع میں "بَ" پر زبر کا نشان اس کی آواز کو اوپر کھینچ رہا ہے۔
- اس کے بعد "زیر" ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے نیچے لگتا ہے اور اس کی آواز کو نیچے کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "بلی" کے شروع میں "بِ" پر "زیر" کا نشان اس کی آواز کو نیچے کھینچ رہا ہے۔
- طلبہ کو "پیش" کا اعادہ دوبار کرواتے ہوئے بتایئے کہ پیش ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے اوپر لگتا ہے اور اس کی آواز کو اوپر کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "اُوپر" کے شروع میں "اُ" پر پیش کا نشان اس کی آواز کو اوپر کھینچ رہا ہے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 76 تا صفحہ نمبر 78 تک حروف اور الفاظ کو زبر، زیر اور پیش کے ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے ان حروف اور الفاظ کو زبر، زیر اور پیش کی آواز کا خیال رکھتے ہوئے ان کی بلند خوانی سے پڑھائی کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے اعراب زبر، زیر اور پیش کا اعادہ کر سکیں گے۔
- بچے تمام "زبر" والے الفاظ پر سبز، "زیر" والے الفاظ پر سرخ، اور "پیش" والے الفاظ پر نیلا رنگ بھریے۔

(آپ کی معاونت کے لیے زبر، زیر اور پیش کے الفاظ کے خاکے کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- قاعدے کا صفحہ نمبر 78، 77، 76 کھلوایئے۔ اور اس میں دیئے گئے ہر الفاظ کی آواز اعراب کا خیال رکھتے ہوئے الگ الگ ادا کیجیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ بلند خوانی سے پڑھوایئے۔

جانچ: بچوں کو زبر، زیر اور پیش کے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 8، 77، 76 پر موجود الفاظ کو یاد کرنے اور ان پر "زبر"، "زیر" اور "پیش" کا نشان لگانے کا کام کرنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: "زبر، زیر اور پیش" کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے زبر، زیر اور پیش کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے زبر، زیر اور پیش نشان کے بارے میں بتائیے۔
- اس کے لیے متعلقہ حروف بورڈ پر لکھیے اور زبر، زیر اور پیش لگا کر ان کو ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔
- بورڈز پر حروف تہجی اور بھاری آواز والے حروف لکھیے اور ان پر زبر، زیر اور پیش لگا کر ان کی آواز بچوں سے پوچھیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 79 اور 80 پر موجود سرگرمی کا اعادہ کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 76 تا صفحہ نمبر 78 تک حروف اور الفاظ کو زبر، زیر اور پیش کے ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے ان حروف اور الفاظ کو زبر، زیر اور پیش کی آواز کا خیال رکھتے ہوئے ان کی بلند خوانی سے پڑھائی کریں۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے اعراب زبر، زیر اور پیش کا اعادہ کر سکیں گے۔
- بورڈ پر دو حرفی حروف (دم، پر، لکھ، کل، ان، جن، اب، رک، دن، ہم، بل، اڑ، اس، چپ، کل، زپ، پھر، مل) لکھیے اور ان پر "زبر"، "زیر" اور "پیش" لگا کر ان کی آواز ادا کرنے کو کہیے۔

جانچ: بچوں کو زبر، زیر اور پیش کے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: قاعدے کے صفحے نمبر 80، 79 پر موجود سرگرمی کا کام کرنے کو دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

## حروف تہجی کی ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)

(حروف تہجی کی ورک شیٹ بچوں میں تقسیم کر کے بچوں کو ان پر زبر، زیر، پیش لگانے کی سرگرمی کروایئے۔)

ا آ ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ س ش

ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک گ ل م ن

و ہ ء ی ے بھ پھ تھ


ٹھ جھ چھ دھ ڈھ کھ گھ

## (پرنٹنگ کا مواد)

### کھانے کی چیزوں کے فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو دیکھا کر ان کے نام پوچھیے۔)













(پرنٹنگ کا مواد)

## کھانے کی چیزوں کے نام کے فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)


(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ دیکھا کر ان کے درست نام پر چسپاں کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)


| | |
|---|---|
| ڈبل روٹی | جیم |
| دودھ | انڈا |
| بریانی | روٹی |


## (پرنٹنگ کا مواد)

### زبر، زیر اور پیش کے فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(زبر، زیر اور پیش کے فلیش کارڈ کا پرنٹ لیجیے اور بچوں کو ان کے نام بولنے اور ان پر اپنی مرضی کے رنگ بھرنے کے لے دیجیے۔)







## (پرنٹنگ کا مواد)

### زبر، زیر، پیش کے الفاظ کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

(زبر، زیر، پیش کے الفاظ کی ورک شیٹ کو ہدایت کے مطابق بچوں کو رنگ بھرنے کی ہدایت کیجیے۔)



# 'ں' کی تدریسی منصوبہ بندی

| | |
|---|---|
| کُل دن:5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔<br>■ 'ں' نون غنہ کا نام اور اس کے مختلف الفاظ کو جان سکیں گے۔<br>■ 'ں' والی تصاویروں کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ 'ں' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔<br>■ 'ن' اور 'ں' کے فرق کو سمجھ سکیں گے۔<br>■ 'ں' والے آسان الفاظ اور جملوں کو پڑھ اور لکھ سکیں گے۔<br>■ 'ں' والی سرگرمیوں کو حل کر سکیں گے۔ |
| پیریڈ:40منٹ | |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: 'ں' کی کہانی، کے جی قاعدہ (صفحہ 82)، 'ں' کا تعارف، تصویر فلیش کارڈز
- دوسرے دن کے لیے: 'ں' حرف کے ذخیرہ الفاظ، کے جی قاعدہ (صفحہ 82)، 'ں' کا حرفی فلیش کارڈ
- تیسرے دن کے لیے: 'ں' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 83)
- چوتھے دن کے لیے: کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 83،82)، 'ں' کے جملوں کی لکھائی اور پڑھائی، ورک شیٹ، 'ں' کے سٹیکی نوٹ
- پانچویں دن کے لیے: گاؤں اور کنواں کے تراشے، رنگین پیپرز، گوند، رنگین پنسلیں۔

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

## حرف 'ں' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ں" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

پیارے بچو! ایک دن احمد نے علی کو بتایا کہ اس کے دادا، دادی گاؤں میں رہتے ہیں۔ وہاں انہوں نے بہت سے پالتو جانوروں کو پال رکھا ہے۔ مثلاً بلی، کتا، بھیڑیں، بکریاں، گائے، بھینسیں، وغیرہ۔ احمد نے بتایا کہ جب میں گرمیوں کی چھٹیوں میں اپنے ماں باپ کے ساتھ وہاں جاتا ہوں تو بہت مزے کرتا ہوں۔ وہاں صبح کا منظر بہت دلکش ہوتا ہے۔ صبح کی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا بہت اچھی لگتی ہے، چڑیاں چہچہاتی ہیں، کوے کائیں کائیں کرتے ہیں، بلی میاؤں میاؤں کرتی ہے، بکریاں میں میں کرتی ہیں، مرغی کے چوزے چُوں چُوں کرتے ہیں۔ اس دفعہ گرمیوں کی چھٹیوں میں تم بھی ہمارے ساتھ چلنا، ہم خوب گھومیں گے، کھیلیں گے، پڑھیں گے، مزے مزے کے کھانے کھائیں گے، صبح صبح کھیتوں میں جائیں گے۔ کھیتوں کے پاس پانی کا کنواں بھی ہے، اس کا میٹھا پانی پئیں گے۔ اور پھر رات کو دادی جان سے اچھی اچھی کہانیاں سنیں گے۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

**پہلا دن:** حرف 'ں' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ں' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ بچوں کو گاؤں کی تصویر کمرہ جماعت میں دیکھائیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ یہ کس کی تصویر ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک چھوٹا سا قصبہ یا جگہ ہوتی ہے۔ یہاں لوگ بہت سادہ ہوتے ہیں۔ یہاں لوگوں نے اکثر جانوروں کو رکھا ہوتا ہے۔ یہاں پکے گھر نہیں ہوتے۔ یہاں سرو سبز کھیت بھی ہوتے ہیں۔

- بچوں سے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔ اور بچوں کو 'گاؤں' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں کو کنواں کی تصویر بھی دیکھائیے اور ان سے پوچھیے کہ کس کس نے کنواں دیکھا ہوا ہے۔ اس میں کیا چیز ہوتی ہے؟ اور ہم اس چیز کو کیسے نکالتے ہیں؟
- 'کنواں' کہتے ہوئے /ں/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس کی آواز /ں/ اور نام 'نون غنہ' ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور بچوں کو تاثرات کے ساتھ 'ں' کی کہانی سُنائیے
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| احمد اور علی کون تھے؟ | احمد کے دادا، دادی کہاں رہتے تھے؟ | بلی کیسے بولتی ہے؟ |
| کوا کیسے بولتا ہے؟ | کھیتوں کے پاس کیا ہے؟ | رات کو احمد دادی سے کیا سننا چاہتا ہے؟ |
| کیا آپ بھی نئے دوست بنانا چاہتے ہیں؟ | | آپ کے دوست کا نام کیا ہے؟ |

- کہانی میں آنے والے 'ں' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'نون غنہ' کی آواز یعنی /ں/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (نون غنہ) بھی بتائیے۔

مثلاً: گاؤں /ں/ گاؤں ، بھیڑیں /ں/ بھیڑیں، جانوروں /ں/ جانوروں، چھٹیوں /ں/ چھٹیوں، کھیلیں /ں/ کھیلیں

- بچوں کو حرف 'ں' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ں' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ں' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ں' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 82 پر موجود 'ں' کے الفاظ کو پڑھائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ں' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ں' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 82 پر موجود حرف کو غور سے دیکھنے اور ان کو یاد کرنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: حرف 'ں' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ں' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ں' پر کوئی نقطہ آتا ہے یا نہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو 'ن' اور 'ں' کے درمیان فرق کو واضح کیجیے۔ ان کو بتائیے کہ 'ن' کے درمیان میں نقطہ لگایا جاتا ہے جبکہ 'ں' میں کوئی نقطہ نہیں لگایا جاتا۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 82 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ن' اور 'ں' والے الفاظ کو پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- اس کے بعد باقی 'ں' کے الفاظ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (نون غنہ) اور پھر اس کی آواز (/ں/) پڑھوائیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- 'ں' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھایئے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھایئے۔

مثلاً: /ں/ماں ، /ں/ہاں، /ں/وہاں، /ں/کہاں، /ں/جہاں

- اگر وقت ہو تو 'ں' کی کہانی سُنایئے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ں/ ہو۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 82 میں دیے گئے الفاظ کو لکھنے کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ں/ والے تین الفاظ پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 82 پر موجود الفاظ کا یاد کرنے اور گھر سے نوٹ بک پر لکھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: حرف 'ں' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے 'ن' اور 'ں' کے درمیان فرق کا پوچھیے۔ درست جواب بتانے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان میں 'ں' کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ہاں | وہاں | جہاں | میں | یہاں | ہوں |

- بورڈ پر 'ں' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بچوں کو بتایئے کہ حرف 'ں' کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔
- بورڈ پر 'ں' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ں' کی شکل کی نشاندہی بچوں سے کروایئے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ں' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ں' کی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ں' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ں' کی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ں' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'ں' لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروایئے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 83 پر 'ں' کی سرگرمی کا لکھنے کا کام کروایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر لکھے گئے 'ں' کے الفاظ میں 'ں' کی نشاندہی کروایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو قاعدے کے صفحہ نمبر 83 پر 'ں' کی سرگرمی کا کام کر کے آنے کو دیجیے۔

## چوتھا دن: حرف 'ں' کے الفاظ کا جملوں میں استعمال

- بورڈ پر 'ں' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر 'ں' سے بننے والے کچھ آسان جملے لکھیے اور ان میں موجود 'ں' کی شکل کی نشاندہی بچوں سے کروایئے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے جملے نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے خود بچوں کو جملے پڑھوایئے۔ صرف جملوں میں 'ں' کے الفاظ کی نشان دہی کروایئے اور اس کی آواز ادا کروایئے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ں' کے آسان جملوں پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان جملوں میں موجود 'ں' کے الفاظ کی شکل پوچھیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے 'ں' کے جملوں کے فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- اس کے بعد بچوں کو دو ٹیموں میں تقسیم کیجیے۔اور ان کو ٹیم اے(Team A)اور ٹیم بی(Team B)کا نام دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیے کہ آج ہم ایک سرگرمی کرنے والے ہیں۔اس میں پہلی باری ٹیم اے(Team A)کی ہو گی اور دوسری باری ٹیم بی(Team B) کی ہو گی۔
- بورڈ پر کچھ حروف(ہا، کہا، جہا، آؤ، جاؤ، کھاؤ، جانورو، میاؤ، جا، پاؤ)لکھیے اور ٹیم اے(Team A)اور ٹیم بی(Team B)سے ایک ایک کر کے بچوں کو بلا کر ان سے بورڈ پر لکھے الفاظ پر 'ں' کے سٹیکی نوٹ لگوائیے اور ان الفاظ کو پڑھنے کے لیے کہیے۔
- اس کے بعد بچوں میں ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور اس میں دی گئی تصویر کے مطابق درست 'ں' والے حرف پر دائرہ لگائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے سٹیکی نوٹ(ں)اور ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔


جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر لکھے جملوں میں سے 'ں' کی پہچان کروائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 82 اور 83 پر موجود حرف اور سرگرمی کا کام کرنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: حرف 'ں' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 82 پر موجود 'ں' کے الفاظ کی تین سے چار مرتبہ بلند خوانی کروائیے۔
- کنواں کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جائیے اور بچوں کو دیکھائیے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔جیسے یہ کیا ہے؟اس میں کیا چیز ہوتی ہے؟اور ہم اس چیز کو کیسے نکالتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب(کنواں، پانی، بالٹی کے ذریعے)دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔تراشے دیجیے اور بچوں کو گاؤں کے تراشے کو اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- نیز کنواں کے تراشے میں رنگین پیپرز کے کٹے پیس کو گوند کی مدد سے چسپاں کریں اور مختلف رنگوں کا بھی استعمال کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے گاؤں اور کنواں کے تراشے ساتھ دیے جارہے ہیں۔بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)





آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔"گاؤں" میں 'ں' کی آواز پوچھیے۔کچھ بچوں سے "کنواں" میں 'ں' کی نشاندہی کروائیے۔

بچوں سے ان کے پسندیدہ جگہ کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔

گھر کا کام: 'ں' کے الفاظ یاد کرنے کا کام دیجیے۔

(پرنٹنگ کا مواد)

'ں' کا حرفی اور گاؤں کا تصویر فلیش کارڈز (پہلے اور دوسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر بچوں کو دیکھائیے۔)

ں



گاؤں

## (پرنٹنگ کا مواد)

### 'ں' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

| | | |
|---|---|---|
| گاؤں | نہیں | پھولوں |
| کہاں | یہاں | تمہیں |
| دائیں | کریں | ہیں |
| جاؤں | کھاؤں | ہوں |
| چوں | آؤں | پیوں |
| پڑھیں | کھائیں | پاؤں |
| کانوں | آنکھوں | دانتوں |
| ہمیں | جہاں | وہاں |
| لکھیں | میں | ماں |
| جائیں | آئیں | بائیں |
| دیں | | |

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

| (پرنٹنگ کا مواد) |
| --- |
| 'ں' کے جملوں پر مبنی فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)<br>(ان جملوں کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور سرگرمی کروایئے۔) |
| وہاں باغ میں پھولوں کی کیاری ہے۔ |
| یہ کہانی پڑھیں اور لکھیں۔ |
| میرے دائیں پاؤں میں درد ہے۔ |
| ہم کھانا کھائیں۔ |
| آپ وہاں ہیں۔ |
| میں یہاں ہوں۔ |
| آپ دائیں طرف سے آجائیں۔ |
| سب مل کر کھیلیں۔ |
| بھائی جان کہاں ہیں؟ |
| تم کہاں ہو؟ |

## (پرنٹنگ کا مواد)


### 'ں' کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

(اس ورک شیٹ کے پرنٹ لیجیے اور سرگرمی کروایئے۔)

تصاویر کی مدد سے درست الفاظ کے گرد دائرہ لگایئے اور تصاویر میں رنگ بھریئے۔




ماں جاں ہاں




میں دیں لیں



ہوں کھاؤں جاؤں



پڑھیں لکھیں کھائیں





نہیں رہیں گئیں

## (پرنٹنگ کا مواد)

### تصویر تراشے (پانچویں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو رنگ کرنے یا کرافٹ کرنے کے لیے دیجیے ۔)





# 'ء' کی تدریسی منصوبہ بندی

| | |
|---|---|
| کُل دن:5<br><br>پیریڈ:40منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔<br>■ 'ء' ہمزہ کے مختلف الفاظ کو جان سکیں گے۔<br>■ 'ء' والی تصاویروں کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ 'ء' درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔<br>■ 'ء' والے آسان الفاظ اور جملوں کو پڑھ اور لکھ سکیں گے۔<br>■ 'ء' والی سرگرمیوں کو حل کر سکیں گے۔ |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: 'ء' کی کہانی، کے جی قاعدہ (صفحہ 84)، 'ء' کا تعارف، تصویر فلیش کارڈز
- دوسرے دن کے لیے: 'ء' حرف کے ذخیرہ الفاظ، کے جی قاعدہ (صفحہ 84)، 'ء' کا حرفی فلیش کارڈ
- تیسرے دن کے لیے: 'ء' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، ریت کی ٹرے، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 85)
- چوتھے دن کے لیے: کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 84،85)، 'ء' کے جملوں کی لکھائی اور پڑھائی، ورک شیٹ، 'ء' کے سٹیکی نوٹ
- پانچویں دن کے لیے: چائے اور رضائی کے تراشے، رنگین پیپرز، گوند، رنگین پنسلیں۔

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- پڑھنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- یاد میں لانا
- مشاہدہ کرنا
- سمجھنا

## حرف 'ء' کی کہانی: (پہلے دن سُنانے کے لیے)

(چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سُنایئے۔ کہانی سُناتے ہوئے "ء" کے ذخیرہ الفاظ زور دے کر ادا کیجیے۔)

پیارے بچو! حمزہ کے ابا کے پاس گائے تھیں۔ حمزہ اور اس کا بھائی دودھ بیچ کر اپنے گھر کا خرچہ نکالتے تھے۔ ایک دن حمزہ کے ابا نے گائے کا دودھ گھر تک پہنچانے کے لیے حمزہ کے بھائی کو بلایا۔ حمزہ نے اپنے بھائی کو کہا بھائی جان ادھر آؤ۔ آپ کو ابا جان بلا رہے ہیں۔ حمزہ کا بھائی آیا اور دودھ لے کر دودھ بیچنے کے لیے چلا گیا۔ اس کا بھائی دکان دار کے پاس گیا۔ اور کہا کہ بھائی، سناؤ کیا حال چال ہیں۔ دکاندار نے کہا سب خیریت ہے۔ بھائی نے کہا جاؤ جا کر برتن لے آؤ اور دودھ لے جاؤ۔ اس طرح حمزہ کا بھائی دودھ دے کر آ گئے۔ رات کو حمزہ نے اپنے سکول کی لکھائی والا کام کیا۔ اس کے بعد حمزہ کی امی نے چارپائی بچھائی اور اس پر رضائی بھی لا کر رکھ دی۔ اس کے بعد سب آئے اور سب نے مل کر کھانا کھایا۔ اور اس کے بعد گرما گرم چائے پی۔ حمزہ نے چاکلیٹ کھائی اور سو گیا۔ (بچوں کے ساتھ مل کر تالیاں بجایئے۔)

## پہلا دن: حرف 'ء' کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔

Aquiline We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

- بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں میں 'ء' متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم ایک نیا حرف پڑھنے والے ہیں۔ بچوں کو" چائے" کے کپ کی تصویر کمرہ جماعت میں دیکھائیے۔
- مختلف سوالات کی مدد سے تجس کو بڑھائیے۔ جیسے: آپ کو کیا لگتا ہے کہ یہ کس کی تصویر ہے؟ بچوں کو اشارہ دیجیے کہ وہ اس کا نام بوجھ سکیں۔

اشارے: یہ ایک مشروب ہے۔ لوگ صبح کے ناشتے میں اس کو شوق سے پیتے ہیں۔ اس کو بنانے کے لیے دودھ، پتی چینی اور پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ بوڑھے لوگ بھی اس کو شوق سے پیتے ہیں۔ ہم اس کو کپ یا مگ میں ڈال کر پیتے ہیں۔

- بچوں سے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست نام بوجھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔ اور بچوں کو 'چائے' چار پانچ بار کہنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں کو چائے کی تصویر بھی دیکھائیے اور ان سے پوچھیے کہ کس کس نے چائے پی ہے۔ ان کے گھر کون کون چائے پیتا ہے؟ کیا آپ نے چائے کو بنتا ہو دیکھا ہے؟
- 'چائے' کہتے ہوئے /ء/ پر زور دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج ہم جو حرف پڑھنے والے ہیں، اس میں /ء/ کی آواز کا کھنچاؤ اور نام 'ہمزہ' بتائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیے اور بچوں کو تاثرات کے ساتھ 'ء' کی کہانی سُنائیے
- کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے سوالات پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| حمزہ کے ابا کے پاس کیا چیز تھیں؟ | حمزہ اور اس کا بھائی کیا بیچ کر گھر کا خرچہ نکالتا تھا؟ | ابا نے حمزہ کے بھائی کو کیوں بلایا؟ |
| بھائی کس کو دودھ دینے گیا تھا؟ | حمزہ نے رات کا کیا کیا؟ | حمزہ کی امی نے کیا بچھائی؟ |
| حمزہ کی امی نے چارپائی میں کیا رکھا؟ | | حمزہ نے کیا چیز کھائی؟ |

- کہانی میں آنے والے 'ء' کے ذخیرہ الفاظ پر زور دے کر ادا کیجیے اور 'ہمزہ' کی آواز یعنی /ء/ متعارف کروائیے۔ حرف کا نام (ہمزہ) بھی بتائیے۔

مثلاً: گائے /ء/ گائے ، بھائی /ء/ بھائی ، لکھائی /ء/ لکھائی، رضائی /ء/ رضائی، چائے /ء/ چائے

- بچوں کو حرف 'ء' کا فلیش کارڈ دکھا کر حرف کا نام اور آواز بتائیے۔
- کہانی میں آنے والے ذخیرہ الفاظ میں 'ء' کی آواز کی نشان دہی پہلے خود کیجیے، پھر بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو کتاب پر 'ء' کے صفحات کو بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ پھر 'ء' پر پانچ سے سات بار انگلی پھرائیے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 82 پر موجود 'ء' کے الفاظ کو پڑھائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے 'ء' کی آواز پوچھیے۔ بورڈ پر 'ء' لکھیے اور اس کا نام پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 82 پر موجود حرف کو غور سے دیکھنے اور ان کو یاد کرنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: حرف 'ء' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف

- بچوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کل کون سا حرف پڑھا تھا؟ نام بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر 'ء' لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ء' پر کوئی نقطہ آتا ہے یا نہیں؟ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 82 کھلوائیے اور انھیں انگلی رکھ کر 'ء' والے الفاظ کو پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیے کہ 'ء' الف کی آواز دیتا ہے۔ یہ عام طور پر "و، ی، ے" کے اوپر لگتا ہے اور ان کی آواز کو کھینچتا ہے۔
- اس کے بعد قاعدے میں "و، ی، ے" والے 'ء' کے الفاظ پڑھواتے ہوئے پہلے نام (ہمزہ) اور پھر اس کی آواز (/ء/) پڑھوائیے۔
- 'ء' کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیے اور حرف کی آواز کے ساتھ ذخیرہ الفاظ پڑھائیے۔

We Publish Future... Publishers, Printers & Booksellers

مثلاً: /ء/ آؤ، /ء/ بھائی، /ء/ جائے، /ء/ کھاؤ، /ء/ لکھائی، /ء/ کھائے

- اگر وقت ہو تو 'ء' کی کہانی سنائیے اور بچوں کو کہانی میں آنے والے ان الفاظ پر تالی بجانے کو کہیے، جن کی شروع کی آواز /ء/ ہو۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 82 میں دیے گئے الفاظ کو لکھنے کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے /ء/ والے تین الفاظ پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 82 پر موجود الفاظ کا یاد کرنے اور گھر سے نوٹ بک پر لکھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: حرف 'ء' کی بناوٹ اور لکھائی

- بچوں سے پوچھیے کہ /ء/ عام طور پر کن حروف پر لگتا ہے۔ درست جواب بتانے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- دیے گئے الفاظ بولیے اور بچوں سے ان میں 'ء' کی آواز پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رضائی | سناؤ | گائے | لائی | لکھائی | آئے |

- بورڈ پر 'ء' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ 'ء' الف کی ہلکی آواز دیتا ہے۔
- بورڈ پر 'ء' سے بننے والے کچھ الفاظ لکھیے اور ان میں موجود 'ء' کی شکل کی نشاندہی بچوں سے کروائیے۔
- اچھی طرح سمجھانے کے بعد بچوں کو 'ء' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان سے لفظوں میں موجود 'ء' کی شکل پوچھیے۔ بچے لفظ پڑھ تو نہیں سکتے لیکن لفظ میں 'ء' کی شکل پہچان سکتے ہیں۔ اس لیے لفظ پڑھانے سے قطعی گریز کیجیے اور بچوں کو ہدایت دیجیے کہ لفظ میں اس جگہ انگلی رکھ کر نشان دہی کریں جہاں انھیں 'ء' کی شکل نظر آئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ان الفاظ کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- حرف کی بناوٹ کی مشق کے لیے بچوں کو کتاب پر 'ء' کی شکل پر انگلی پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچے ایک دوسرے کی ہتھیلی پر یا ڈیسک پر 'ء' لکھیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں حرف لکھنے کی مشق کروائیے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 83 پر 'ء' کی سرگرمی کا لکھنے کا کام کروائیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے بورڈ پر لکھے گئے 'ء' کے الفاظ میں 'ء' کی نشاندہی کروائیے۔

گھر کا کام: بچوں کو قاعدے کے صفحہ نمبر 83 پر 'ء' کی سرگرمی کا کام کر کے آنے کو دیجیے۔

## چوتھا دن: حرف 'ء' کے الفاظ کا جملوں میں استعمال

- بورڈ پر 'ء' لکھیے اور پانچ سے سات بار حرف کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بورڈ پر 'ء' والے کچھ آسان جملے لکھیے اور ان میں موجود 'ء' کی شکل کی نشاندہی بچوں سے کروائیے۔ یاد رکھیے! ابھی بچے جملے نہیں پڑھ سکتے۔ اس لیے خود بچوں کو جملے پڑھوائیے۔ صرف جملوں میں 'ء' کے الفاظ کی نشان دہی کروائیے اور اس کی آواز ادا کروائیے۔ بورڈ پر مشق کروانے کے بعد بچوں کو 'ء' کے آسان جملوں پر مبنی فلیش کارڈز دیجیے اور ان جملوں میں موجود 'ء' کے الفاظ کی شکل پوچھیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے 'ء' کے جملوں کے فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- اس کے بعد بچوں کو دو ٹیموں میں تقسیم کیجیے۔ اور ان کو ٹیم اے (Team A) اور ٹیم بی (Team B) کا نام دیجیے۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

- اس کے بعد بچوں کو بتایئے کہ آج ہم ایک سرگرمی کرنے والے ہیں۔اس میں پہلی باری ٹیم اے(Team A)کی ہو گی اور دوسری باری ٹیم بی(Team B) کی ہو گی۔
- بورڈ پر کچھ الفاظ (آو،لاو، لکھایی،لایی، جاے، گاے، آے)لکھیے اور ٹیم اے(Team A)اور ٹیم بی(Team B)سے ایک ایک کر کے بچوں کو بلا کر ان سے بورڈ پر لکھے الفاظ پر 'ء' کے سٹیکی نوٹ لگوایئے اور ان الفاظ کو پڑھنے کے لیے کہیے۔
- اس کے بعد بچوں میں ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور اس میں دی گئی تصویر کے مطابق درست 'ء' والے حرف پر دائرہ لگایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے سٹیکی نوٹ(ء)اور ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- جہاں ضرورت ہو،بچوں کی مدد کیجیے۔درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

جانچ: جانچ کے لیے بورڈ پر لکھے جملوں میں سے 'ء' کی پہچان کروایئے۔


گھر کا کام: بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 82 اور 83 پر موجود حرف اور سرگرمی کا کام کرنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: حرف 'ء' کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 82 پر موجود 'ء' کے الفاظ کی تین سے چار مرتبہ بلند خوانی کروایئے۔
- چائے کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔جیسے یہ کیا ہے؟اس کو ہم کب پیتے ہیں؟اور ہم اس میں کیا کیا چیزیں ڈال کر بناتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب (چائے،ناشتہ کے وقت،دودھ،پتی، چینی اور پانی ڈالتے) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھایئے۔آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔تراشے دیجیے اور بچوں چائے کے تراشے کو اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- نیز رضائی کے تراشے میں رنگین پیپرز کے کٹے پیس کو گوند کی مدد سے چسپاں کریں اور مختلف رنگوں کا بھی استعمال کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے چائے رضائی کے تراشے ساتھ دیے جارہے ہیں۔بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔



آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔"گائے" میں 'ء' کی آواز پوچھیے۔کچھ بچوں سے "بھائی " میں 'ء' کی نشاندہی کروایئے۔

بچوں سے ان کے پسندیدہ مشروب کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔

گھر کا کام: 'ء ' کے الفاظ یاد کرنے کا کام دیجیے۔

(پرنٹنگ کا مواد)

'ء' کا حرفی اور چائے کا تصویر فلیش کارڈز (پہلے اور دوسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر بچوں کو دیکھائیے۔)

# ۶



چائے

## (پرنٹنگ کا مواد)

### 'ء' کے الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ بنا کر سرگرمی کروایئے۔)

| | | |
|---|---|---|
| گاؤں | آؤ | کھاؤ |
| لاؤ | لکھائی | کھائی |
| لائی | چارپائی | بھائی |
| کھائے | آئے | لائے |
| گائے | جاؤ | کھاؤ |
| سناؤ | آئس کریم | ناؤ |
| نئی | نئے | گئے |
| تاؤ | آئی | چائے |

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

| (پرنٹنگ کا مواد) |
| --- |
| 'ء' کے جملوں پر مبنی فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)<br>(ان جملوں کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور سرگرمی کروایئے۔) |
| دوڑ کر جاؤ۔ |
| جلدی ادھر آؤ۔ |
| گڑیا گانا مت گاؤ۔ |
| حنا نئی گڑیا لائی۔ |
| نائی کے پاس چارپائی ہے۔ |
| بابا کھانا کھاؤ۔ |
| بھائی رضائی لائے۔ |
| ہم سب آئس کریم کھائیں۔ |
| اپنی لکھائی کی کاپی لاؤ۔ |
| گائے کے پاس جاؤ۔ |

(پرنٹنگ کا مواد)

## 'ء' کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

(اس ورک شیٹ کے پرنٹ لیجیے اور سرگرمی کروایئے۔)

تصاویر کی مدد سے درست الفاظ کے گرد دائرہ لگایئے اور تصاویر میں رنگ بھریئے۔



آؤ　　چائے　　سناؤ



رضائی　　لکھائی　　کھائی



بھائی　　جائی　　کھائی



گائے　　آئے　　جاؤ





کھائی　　چائے　　آئس کریم

## (پرنٹنگ کا مواد)

### تصویر تراشے (پانچویں دن کے لیے)

(پرنٹ لے کر کاٹیے اور چارٹ پر چسپاں کر کے ہر بچے کو رنگ کرنے یا کرافٹ کرنے کے لیے دیجیے ۔)





# گنتی کا تعارف اور نظم گنتی

کُل دن: 5

پیریڈ: 40 منٹ

**مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اردو میں ایک تا دس گنتی کی شناخت کر سکیں گے۔
- اردو میں ایک تا دس تک گنتی کو پڑھ سکیں۔
- اردو میں ایک تا دس درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔
- اردو میں ایک تا دس گنتی کے توڑ کے جوڑ کر سکیں۔
- اردو میں ایک تا دس گنتی کی ترتیب لگا سکیں۔

## درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: اردو گنتی ایک تا پانچ (1-5) کا حرفی فلیش کارڈز، کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 86)، ورک شیٹ، مختلف اشیا گنتی کے لیے
- دوسرے دن کے لیے: اردو گنتی ایک تا پانچ (1-5)، تصویر کا فلیش کارڈز، کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 86)، ریت کی ٹرے، ورک شیٹ
- تیسرے دن کے لیے: اردو گنتی چھ تا دس (6-10) کا حرفی فلیش کارڈز، کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 87)، ورک شیٹ، مختلف اشیا گنتی کے لیے
- چوتھے دن کے لیے: اردو گنتی چھ تا دس (6-10)، تصویر کا فلیش کارڈز، کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 87،88)، ریت کی ٹرے، ورک شیٹ
- پانچویں دن کے لیے: گنتی نظم، کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 89)، ورک شیٹ

## مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

## ذیلی مہارتیں:

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

## پہلا دن:

### "ایک تا پانچ (1-5) گنتی" کی پہچان

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو اردو میں ''ایک تا پانچ گنتی (1-5) "کو متعارف کروانے کا ہے۔
- اردو میں ''ایک تا پانچ گنتی (1-5) "کا تعارف کروانے کے لیے فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جس طرح حساب یعنی Math میں Counting ہوتی ہے اسی طرح اردو میں اس کو گنتی کہتے ہیں۔ جیسے ایک، دو، تین، چار، پانچ۔
- بورڈ پر ایک طرف ہن سوں کی گنتی (12345) لکھیے اور ان کے ساتھ ساتھ اردو کی گنتی (ایک، دو، تین، چار، پانچ) لکھیے۔ اس کے بعد بچوں کو ان کی پہچان کروائیے۔
- طلبہ کو ہاتھ کی انگلیوں کے اشاروں کی مدد سے ایک تا پانچ گنتی کی پہچان بھی کروائیے۔ اور بچوں کو ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو خود اپنے ہاتھ کی انگلیوں کے اشاروں کی مدد سے ایک تا پانچ گنتی کرنے اور پڑھنے کی مشق کروائیے۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

- بچوں کو(گیند، پھول، ٹافی، زرافہ، گھڑی) کی تصاویر کی مختلف تعداد دیکھایئے۔اور ان کو گننے کے لیے کہیے اور درست اردو میں گننا سکھایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے تصویر فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- اس کے بعد بورڈ پر لکھی ایک تا پانچ گنتی کی بلند خوانی تین سے چار مرتبہ کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 86 کھلوایئے۔طلبہ سے اس صفحے پر دی تصاویر کو دیکھنے اور اردو گنتی ایک تا پانچ کی بلند خوانی سے پڑھوایئے۔

جانچ: طلبہ سے بورڈ میں لکھی گئی ہن سوں کی گنتی کو دیکھائے اور ان سے درست اردو کی گنتی کا نام پوچھیے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 86 پر موجود تصاویر کو دیکھنے اور گنتی کو یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: "ایک تا پانچ (1-5) گنتی" کی، لکھائی اور بناوٹ

- طلبہ کو "ایک تا پانچ گنتی (1-5)" کا فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے اس کی آواز ادا کیجیے اور ساتھ طلبہ کو بھی دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں کو اردو گنتی کا اعادہ کروایئے۔
- بورڈ پر ''ایک تا پانچ گنتی (1-5) " لکھیے اور پانچ سے سات بار ان کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر لکھی گئی اردو میں ''ایک تا پانچ گنتی (1-5) " کی نشاندہی بھی کروایئے۔
- بچوں کی رہنمائی کیجیے کہ وہ اردو کی گنتی ''ایک تا پانچ (1-5) " کے فلیش کارڈز کو درست ترتیب دے سکیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھایئے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔بچوں کو اس ٹرے میں 'ایک تا پانچ گنتی (1-5) 'لکھنے کی مشق کروایئے۔
- اس کے بعد بچوں میں " ایک تا پانچ گنتی (1-5) " کی ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور ان پر لکھے گئے "ایک، دو، تین، چار، پانچ" گنتی پر پنسل پھیرنے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ایک تا پانچ حرفی گنتی پر مبنی شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- بورڈ پر اردو حرفی گنتی ایک تا پانچ گنتی (1-5) کے توڑ لکھیے، ایک ایک کر کے باری باری بچوں کو اپنے پاس بلوایئے۔اور ان کے جوڑ کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 86 کھلوایئے۔اور اس میں نیچے دی گئی ایک تا پانچ گنتی (1-5) پر پنسل پھیرنے کا کام کروایئے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ بلند خوانی سے پڑھوایئے۔

جانچ: بورڈ پر مختلف تعداد کی تصاویر کے فلیش کارڈ چسپاں کریں اور بچوں کو گننے کے لیے کہیے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 86 پر موجود ایک تا پانچ گنتی (1-5) کو یاد کرنے اور ان پر پنسل پھیرنے کا کام کرنے کو دیجیے۔

## تیسرا دن: " چھ تا دس (6-10) گنتی" کی پہچان

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو اردو میں ''چھ تا دس گنتی (6-10) " کو متعارف کروانے کا ہے۔
- اردو میں ''چھ تا دس گنتی (6-10) " کا تعارف کروانے کے لیے فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں ۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جس طرح حساب یعنی Math میں Counting ہوتی ہے اسی طرح اردو میں اس کو گنتی کہتے ہیں۔جیسے ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ، نو، دس۔

- بورڈ پر ایک طرف ہن سوں کی گنتی (678910) لکھے اور ان کے ساتھ ساتھ اردو کی گنتی (چھ، سات، آٹھ، نو، دس) لکھیے۔ اس کے بعد بچوں کو ان کی پہچان کروائیے۔
- طلبہ کو ہاتھ کی انگلیوں کے اشاروں کی مدد سے چھ تا دس گنتی کی پہچان بھی کروائیے۔ اور بچوں کو ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو خود اپنے ہاتھ کی انگلیوں کے اشاروں کی مدد سے چھ تا دس گنتی کرنے اور پڑھنے کی مشق کروائیے۔
- بچوں کو (کتاب، قلم، غبارہ، گلاس، ربڑ) کی تصاویر کی مختلف تعداد دیکھائیے۔ اور ان کو گننے کے لیے کہیے اور درست اردو میں گننا سکھائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے تصویر فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- اس کے بعد بورڈ پر لکھی چھ تا دس گنتی کی بلند خوانی تین سے چار مرتبہ کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 87 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی تصاویر کو دیکھنے اور اردو گنتی چھ تا دس کی بلند خوانی سے پڑھوائیے۔

جانچ: طلبہ سے بورڈ میں لکھی گئی ہن سوں کی گنتی کو دیکھائے اور ان سے درست اردو کی گنتی کا نام پوچھیے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 87 پر موجود تصاویر کو دیکھنے اور گنتی کو یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: " چھ تا دس (6-10) گنتی " کی، لکھائی اور بناوٹ

- طلبہ کو "چھ تا دس گنتی (6-10)" کا فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے اس کی آواز ادا کیجیے اور ساتھ طلبہ کو بھی دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں کو اردو گنتی کا اعادہ کروائیے۔
- بورڈ پر 'چھ تا دس گنتی (6-10) " لکھیے اور پانچ سے سات بار ان کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بورڈ پر لکھی گئی اردو میں 'چھ تا دس گنتی (6-10) " کی نشاندہی بھی کروائیے۔
- بچوں کی رہنمائی کیجیے کہ وہ اردو کی گنتی 'چھ تا دس (6-10) " کے فلیش کارڈز کو درست ترتیب دے سکیں۔
- بچوں کو گروہی صورت میں بٹھائیے اور ہر گروپ میں ریت کی ٹرے دیجیے۔ بچوں کو اس ٹرے میں 'چھ تا دس گنتی (6-10) 'لکھنے کی مشق کروائیے۔
- اس کے بعد بچوں میں 'چھ تا دس گنتی (6-10) " کی ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور ان پر لکھے گئی "چھ، سات، آٹھ، نو، دس" گنتی پر پنسل پھیرنے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے چھ تا دس حرفی گنتی پر مبنی شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- بورڈ پر اردو حرفی گنتی چھ تا دس گنتی (6-10) کے توڑ لکھیے، ایک ایک کر کے باری باری بچوں کو اپنے پاس بلوائیے۔ اور ان کے جوڑ کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 87 کھلوائیے۔ اور اس میں نیچے دی گئی چھ تا دس گنتی (6-10) پر پنسل پھیرنے کا کام کروائیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ بلند خوانی سے پڑھوائیے۔

جانچ: بورڈ پر مختلف تعداد کی تصاویر کے فلیش کارڈ چسپاں کریں اور بچوں کو گننے کے لیے کہیے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 87 پر موجود چھ تا دس گنتی (6-10) کو یاد کرنے اور ان پر پنسل پھیرنے کا کام کرنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: نظم "گنتی"

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبق سنیے۔ اردو گنتی چند بچوں سے بورڈ پر لکھوائے جائیں۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 89 سے نظم "گنتی" کی بلند خوانی کیجیے۔ طلبہ کو نظم ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحے پر موجود الفاظ طلبہ خود پڑھ سکتے ہیں۔ کچھ طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیے اور دیگر طلبہ کو ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت دیجیے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

- بچوں میں ورک شیٹیں تقسیم کریں۔ انھیں ہدایت دیں کہ وہ گنتی " ایک تادس" کے خاکے میں کریون کی مدد سے رنگ بھریں۔

(آپ کی معاونت کے لیے ایک تادس گنتی کے خاکے پر مبنی شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- کام مکمل ہو جانے پر چیک کریں۔ طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ ہر بچہ باری باری اپنی ورک شیٹ جماعت میں ساتھیوں کو دکھائے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 89 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: نظم "گنتی" یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

## (پرنٹنگ کا مواد)

### ایک تا پانچ گنتی کے تصویر فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)


(ان کے پرنٹ لے کر بورڈ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو ایک تا پانچ تک گنتی گننے کی سرگرمی کروایئے۔)












| (پرنٹنگ کا مواد) | |
|---|---|
| ایک تا پانچ گنتی کی ورک شیٹ (دوسرے دن کے لیے)<br>(ایک تا پانچ گنتی کی ورک شیٹ کے پرنٹ بچوں میں تقسیم کیجیے اور ان پر پنسل پھیرنے کی سرگرمی کروایئے۔) | |
| ایک | |
| دو | |
| تین | |
| چار | |
| پانچ | |


## (پرنٹنگ کا مواد)


### چھ تا دس گنتی کے تصویر فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بورڈ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو چھ تا دس تک گنتی گننے کی سرگرمی کروایئے۔)











| (پرنٹنگ کا مواد) | |
|---|---|
| چھ تا دس گنتی کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)<br>(چھ تا دس گنتی کی ورک شیٹ کے پرنٹ بچوں میں تقسیم کیجیے اور ان پر پنسل پھیرنے کی سرگرمی کروایئے۔) | |
| چھ | |
| سات | |
| آٹھ | |
| نو | |
| دس | |

(پرنٹنگ کا مواد)

## ایک تا دس گنتی کے خاکے (پانچویں دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کیجیے اور ایک تا دس گنتی کے خاکوں میں اپنی مرضی سے رنگ بھرنے کی سرگرمی کروایئے۔)

| | |
|---|---|
| دو | ایک |
| چار | تین |
| چھ | پانچ |
| آٹھ | سات |
| دس | نو |

# بصری حروف (میں، ہوں) اور مذکر مونث

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5<br><br>پیریڈ: 40 منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ بصری حروف کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ بصری حروف کا استعمال جان سکیں گے۔<br>■ بصری حروف کو درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔<br>■ مذکر مونث کی پہچان کر سکیں ۔<br>■ مذکر کے مونث اور مونث کے مذکر لکھ سکیں گے۔ |

## درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 90،91)، بصری حروف (میں)، ورک شیٹ، بصری حروف (میں) کا فلیش کارڈ
- دوسرے دن کے لیے: کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 90،91)، بصری حروف (ہوں)، ورک شیٹ، بصری حروف (ہوں) کا فلیش کارڈ
- تیسرے دن کے لیے: کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 92)، مذکر، مونث، تصویر فلیش کارڈ،
- چوتھے دن کے لیے: کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 93)، مذکر، مونث، ورک شیٹ،
- پانچویں دن کے لیے: مذکر مؤنث، تصاویر خاکے، الفاظ کے تراشے، ورک شیٹ، رنگین پنسلیں

## مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

## ذیلی مہارتیں:

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

## پہلا دن:

### "میں" کا استعمال

- طلبہ کو بصری حروف "میں" کے فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے یہ حروف بولیں اور طلبہ کو بھی دہرانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے بصری حرف "میں" کا فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- جماعت میں سے کسی ایک بچے کو اپنے پاس بلائیے اور اس کے ہاتھ میں "میں" کا کارڈ پکڑائیے۔ طلبہ پر وضاحت کیجیے اور بتائیے کہ اپنا تعارف کرواتے ہوئے یا اپنے بارے میں بتانے کے لیے "میں" استعمال ہوتا ہے۔ میں ایک طالب علم ہوں۔ اس جملے میں "میں" کا استعمال ہوا ہے۔ طلبہ کو جملہ "میں ایک طالب علم ہوں" تین سے چار پر دہرانے کے لیے کہیے۔
- اس کے بعد ایک ایک طالب علم سے کہیے کہ وہ باری باری اپنی جگہ پر کھڑا ہو اور اپنا نام بتائیے جیسے "میں علی ہوں"۔
- بصری حرف "میں" کو ہم اپنے بارے میں بھی بتانے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔ جیسے میں ایک لڑکا ہوں۔ میں آئس کریم شوق سے کھاتا ہوں۔ میں ایک پاکستانی ہوں۔ میں لاہور میں رہتا ہوں وغیرہ۔
- بورڈ پر "میں" کے حوالے سے جملے لکھیے اور بچوں کو بلند آواز میں پڑھنے کے لیے کہیے۔

Aquiline We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

- "میں" کے استعمال کا فرق واضح ہو جانے کے بعد طلبہ کو ایک ایک کر کے اپنا تعارف کروانے کے لیے کہیے ۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 90 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی تصاویر اور ساتھ دیے گئے ان کے تعارف کی پڑھائی کروایئے۔
- بصری حرف " میں "کا فلیش کارڈ جماعت میں نمایاں جگہ پر آویزاں کر دیں۔

جانچ: طلبہ سے کہیں کہ وہ ایک ایسا جملہ بولیں جس میں بصری حرف "میں" آئے۔ آپ خود پہلے ایک مثال دیجیے: جیسے، میں ایک لڑکا ہوں۔

گھر کا کام: قاعدے کا صفحہ نمبر 90 میں موجود بصری حرف "میں" پر پنسل پھیرنے کی مشق کرنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: "ہوں" کا استعمال

- طلبہ کو بصری حروف "ہوں" کے فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے یہ حروف بولیں اور طلبہ کو بھی دہرانے کی ہدایت دیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے بصری حرف "ہوں" کا فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- جماعت میں سے کسی ایک بچے کو اپنے پاس بلایئے اور اس کے ہاتھ میں "ہوں" کا کارڈ پکڑایئے۔ طلبہ پر وضاحت کیجیے اور بتایئے کہ "میں" کے جملے کے ساتھ ہمیشہ "ہوں" استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: میں ایک لڑکا ہوں۔ میں فٹ بال شوق سے کھیلتا ہوں۔ ان جملوں میں "میں" کے ساتھ آخر میں "ہوں" کا استعمال ہوا ہے۔ طلبہ کو جملے تین سے چار پر دہرانے کے لیے کہیے۔
- اس کے بعد ایک ایک طالب علم سے کہیے کہ وہ باری باری اپنی جگہ پر کھڑا ہو اور اپنا نام بتایئے جیسے "میں احمد ہوں"۔
- بصری حرف "ہوں" کو ہم اپنے بارے میں بھی بتانے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔ جیسے میں ایک لڑکا ہوں۔ میں آئس کریم شوق سے کھاتا ہوں۔ میں ایک پاکستانی ہوں۔ میں لاہور میں رہتا ہوں وغیرہ۔
- بورڈ پر "ہوں" کے حوالے سے جملے لکھیے اور بچوں بلند آواز میں پڑھنے کے لیے کہیے۔
- "ہوں" کے استعمال کا فرق واضح ہو جانے کے بعد طلبہ کو ایک ایک کر کے اپنا تعارف کروانے کے لیے کہیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 90 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی تصاویر اور ساتھ دیے گئے ان کے تعارف کی پڑھائی کروایئے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 91 کھلوایئے اور طلبہ کو اس کی مشق کی پہلی سرگرمی کا کام کروایئے۔
- بصری حرف " ہوں "کا فلیش کارڈ جماعت میں نمایاں جگہ پر آویزاں کر دیں۔

جانچ: طلبہ سے کہیں کہ وہ ایک ایسا جملہ بولیں جس میں بصری حرف "ہوں" آئے۔ آپ خود پہلے ایک مثال دیجیے: جیسے، میں ایک لڑکا ہوں۔

گھر کا کام: قاعدے کا صفحہ نمبر 90 میں موجود بصری حرف "میں" پر پنسل پھیرنے اور قاعدے کا صفحہ نمبر 91 کی دوسری سرگرمی کا بھی کام دیجیے۔

## تیسرا دن: " مذکر مؤنث "کا تصور

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو ' 'مذکر مؤنث" کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو ' 'مذکر مؤنث" کے فلیش کارڈ دکھائیں ۔ اور ان کو بتائیں کہ اس دنیا میں اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا جوڑا بنایا ہے اور ہر جوڑے میں ایک مذکر اور ایک مؤنث ضرور ہوتا ہے۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیں کہ 'مذکر' لفظ نر کے لیے یعنی male افراد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے لڑکا، بھائی، باپ، گھوڑا، بکرا، وغیرہ۔ اور اسی طرح 'مؤنث' لفظ مادہ کے لیے یعنی female افراد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے لڑکی، بہن، امی، گھوڑی، بکری، وغیرہ۔

- اس کے بعد ایک بچہ اور بچی کو اپنے پاس بلوایئے اور تمام بچوں کو بتایئے کہ بچہ یعنی لڑکا مذکر کی نمائندگی کرتا ہے اور جبکہ بچی یعنی لڑکی مؤنث کی نمائندگی کرتی ہے۔
- اس کے بعد بورڈ پر دو کالم بنایئے اور بچوں سے ان کی فیملی کے افراد کے بارے میں پوچھیے اور ان کو مذکر اور مؤنث کے خانے میں لکھتے جایئے۔ جیسے امی، بہن، چچی پھوپھی، خالہ، دادی اور نانی کو مؤنث کے خانے میں لکھیے جبکہ کہ ابو، بھائی، چچا، پھوپھا، خالو، دادا اور نانا کو مذکر کے خانے میں لکھیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر لکھے گے مذکر اور مؤنث کی بچوں کو بلند آواز سے تین سے چار مرتبہ پڑھنے کی مشق کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 92 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی مذکر مؤنث کی تصاویر کو دیکھنے اور ان کے نام کو بلند خوانی سے پڑھوایئے۔

جانچ: طلبہ سے بورڈ میں لکھے گئے الفاظ میں سے مذکر مؤنث کی پہچان کروایئے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 92 پر موجود تصاویر کو دیکھنے اور ان کے نام کو یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: "مذکر مؤنث" کی مشق

- طلبہ کو "مذکر مؤنث" کا فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے اس کی آواز ادا کیجیے اور ساتھ طلبہ کو بھی دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں کو مذکر مؤنث کا اعادہ کروایئے۔
- بورڈ پر "مذکر مؤنث" کے کالم بنوایئے اور ان کے نام لکھیے اور طلبہ سے سات بار ان کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر لکھی گئے "مذکر مؤنث" کی نشاندہی بھی کروایئے۔
- بچوں کی بتایئے کہ آج ہم ایک "مذکر مؤنث" کی سرگرمی کرنے والے ہیں۔ کچھ تصاویر بورڈ پر چسپاں کر دیجیے۔ اور باری باری طلبہ کا اپنے پاس بلوایئے۔ ان کو بتائی گئی تصویر کو غور سے دیکھنے کو کہیے اور "مذکر" یا "مؤنث" کے سٹیکی نوٹ کو درست تصویر پر لگانے کے مشق کروایئے۔
- اس کے بعد بچوں میں "مذکر مؤنث" کی ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور ان پر لکھے گئے ناموں کو "مذکر" یا "مؤنث" سے پنسل سے ملانے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے مذکر مؤنث کے تصویر فلیش کارڈ اور ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 93 کھلوایئے، اس میں نیچے دی گئی سرگرمی کا کام بچوں کو کروایئے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ بلند خوانی سے پڑھوایئے۔

جانچ: مختلف تصویری فلش کارڈ دیکھا کر مذکر اور مؤنث کی نشاندہی کیجیے۔


گھر کا کام: صفحہ نمبر 93 پر موجود مذکر مؤنث کی سرگرمی کے نام کو پڑھنے اور یاد کرنے کا کام کرنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: "مذکر مؤنث" کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 92 پر موجود 'مذکر مؤنث' کے الفاظ کی تین سے چار مرتبہ بلند خوانی کروایئے۔
- مرغے کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کیا ہے؟ اس کی مونث کا کیا نام ہے؟ یہ ہمارے کس طرح کام آتا ہے؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب (مرغی، گوشت، انڈے کھاتے) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھایئے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ تراشے دیجیے اور بچوں کو مذکر مونث کے تراشے کو اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- نیز مذکر مونث والے الفاظ کی ورک شیٹ پر ایک جیسے رنگوں کا بھی استعمال کیجیے۔

Allpoline Publishers, Printers & Booksellers

(آپ کی معاونت کے لیے تصاویر کے تراشے اور مذکر مؤنث الفاظ کی ورک شیٹ ساتھ دی جارہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)



آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔

**جانچ:** جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "ابو" کا مؤنث پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "بہن اور پھوپھی" کا مذکر پوچھیے۔

بچوں سے ان کے پسندیدہ فیملی افراد کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔

**گھر کا کام:** 'مذکر مؤنث' کے الفاظ یاد کرنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

## بصری حروف کے فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(بصری حروف کے فلیش کارڈز کو کاٹیے اور بچوں کو سرگرمی کروایئے۔)

میں

ہوں

(پرنٹنگ کا مواد)

## مذکر مونث کے فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)

(مذکر مونث کے فلیش کارڈز کو کاٹیے اور بچوں کو سرگرمی کروایئے۔)













مونث

مذکر

(پرنٹنگ کا مواد)

## مذکر مونث کے الفاظ (چوتھے دن کے لیے)

(دیئے گئے مذکر کو درست مونث سے پنسل سے ملانے کی سرگرمی کروایئے۔)

| | |
|---|---|
| ابا | تائی |
| خالو | گدھی |
| گدھا | شیرنی |
| تایا | چچی |
| شیر | خالہ |
| چچا | امی |
| طوطا | طوطی |

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

## مذکر مونث کے الفاظ کارڈز (پانچویں دن کے لیے)


(مذکر مونث کے الفاظ کو کاٹیے اور ایک جیسے رنگ کرنے کی بچوں کو سرگرمی کروایئے۔)

| | |
|---|---|
| بھائی | چڑیا |
| بہن | دادی |
| امی | گھوڑی |
| ابا | چڑا |
| دادا | گھوڑا |


(پرنٹنگ کا مواد)

## تصویری تراشے (پانچویں دن کے لیے)

(دی گئی تصاویر میں اپنی مرضی کے رنگ بھرنے کی سرگرمی کروایئے۔)







# واحد جمع اور الفاظ متضاد

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ واحد جمع اور الفاظ کے متضاد کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ واحد جمع اور الفاظ کے متضاد کا استعمال جان سکیں گے۔<br>■ بصری حروف کو درست بناوٹ سے لکھ سکیں گے۔<br>■ الفاظ کے متضاد لکھ سکیں گے ۔<br>■ واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھ سکیں گے۔ |
| پیریڈ: 40 منٹ | |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 94)، واحد جمع، تصویر فلیش کارڈ،
- دوسرے دن کے لیے: کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 95)، واحد جمع، ورک شیٹ،
- تیسرے دن کے لیے: واحد جمع، تصاویر خاکے، الفاظ کے تراشے، ورک شیٹ، رنگین پنسلیں
- چوتھے دن کے لیے: کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 96،97)، الفاظ متضاد، تصویر فلیش کارڈ،
- پانچویں دن کے لیے: کے جی قاعدے کا (صفحہ نمبر 97)، الفاظ متضاد، ورک شیٹ،

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

## پہلا دن: "واحد جمع" کا تصور

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو ''واحد جمع'' کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو ''واحد جمع'' کے فلیش کارڈ دکھائیں ۔ اور ان کو بتائیں کہ کوئی چیز بھی ایک سے زیادہ ہو سکتی ہے۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیں کہ 'واحد' لفظ ایک چیز کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے پنسل، کاپی وغیرہ۔ اور اسی طرح 'جمع' لفظ ایک سے زیادہ چیزوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے پنسلیں، کاپیاں، وغیرہ۔
- اس کے بعد بچوں کو ایک قلم دیکھائیے اور ان کو بتائیے یہ واحد ہے یعنی اکیلا ہے۔ اور پھر بچوں کو تین قلم دیکھائیے اور ان کو بتائیے کہ یہ جمع ہے یعنی ایک سے زیادہ ہے۔

Aquiline We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

- اس کے بعد بورڈ پر دو کالم بنائیے اور بچوں سے کمرہ جماعت میں پڑی چیزوں کا نام پوچھیے اور ان کو واحد کے خانے میں لکھتے جائیے۔ جیسے دروازہ، کھڑکی، بستہ، کتاب، ٹوکری، گھڑی، وغیرہ۔ پھر ان کے 'جمع' کر کے جمع کے خانے میں لکھتے جائیے۔ جیسے دروازوں، کھڑکیوں، بستے، کتابوں، ٹوکریاں، گھڑیوں وغیرہ۔
- اس کے بعد بورڈ پر لکھے گے واحد اور جمع کی بچوں کو بلند آواز سے تین سے چار مرتبہ پڑھنے کی مشق کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 94 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئے واحد جمع کی تصاویر کو دیکھنے اور ان کے نام کو بلند خوانی سے پڑھوائیے۔

جانچ: طلبہ سے پوچھیے واحد کسے کہتے ہیں؟

گھر کا کام: صفحہ نمبر 94 پر موجود تصاویر کو دیکھنے اور ان کے نام کو یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: "واحد جمع" کی مشق

- طلبہ کو "واحد جمع'' کا فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے اس کی آواز ادا کیجیے اور ساتھ طلبہ کو بھی دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں کو واحد جمع کا اعادہ کروائیے۔
- بورڈ پر ''واحد جمع "کے کالم بنوائیے اور ان کے نام لکھیے اور طلبہ سے سات بار ان کا نام اور آواز پڑھائیے۔
- بورڈ پر لکھی گئے '' واحد جمع" کی نشاندہی بھی کروائیے۔
- بچوں کی بتائیے کہ آج ہم ایک '' واحد جمع "کی سرگرمی کرنے والے ہیں۔ کچھ تصاویر بورڈ پر چسپاں کر دیجیے۔ اور باری باری طلبہ کا اپنے پاس بلوائیے۔ ان کو بتائی گئی تصویر کو غور سے دیکھنے کو کہیے اور '' واحد "یا'' جمع "کے سٹیکی نوٹ کو درست تصویر پر لگانے کے مشق کروائیے۔
- اس کے بعد بچوں میں '' واحد جمع " کی ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور ان پر لکھے گئے ناموں کو '' واحد "یا'' جمع " سے پنسل سے ملانے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے واحد جمع کے تصویر فلیش کارڈ اور ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 95 کھلوائیے، اس میں نیچے دی گئی سرگرمی کا کام بچوں کو کروائیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ بلند خوانی سے پڑھوائیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 94 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 95 پر موجود واحد جمع کی سرگرمی کے نام کو پڑھنے اور یاد کرنے کا کام کرنے کو دیجیے۔

## تیسرا دن: "واحد جمع" کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 94 پر موجود 'واحد جمع' کے الفاظ کی تین سے چار مرتبہ بلند خوانی کروائیے۔
- پرندہ کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جائیے اور بچوں کو دیکھائیے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کیا ہے؟ اس کی جمع کیا ہے؟ ہم اسے کہاں دیکھتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب (پرندہ، پرندے، آسمان پر) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ تراشے دیجیے اور بچوں کو واحد جمع کے تراشے کو اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- نیز واحد جمع والے الفاظ کی ورک شیٹ پر ایک جیسے رنگوں کا بھی استعمال کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے تصاویر کے تراشے اور واحد جمع کی ورک شیٹ ساتھ دی جارہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔

**جانچ:** جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔"مرغے "کا جمع پوچھیے۔کچھ بچوں سے "بکرے اور تارے "کا واحد پوچھیے۔

بچوں سے ان کے پسندیدہ کھلونے کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔

**گھر کا کام:** 'واحد جمع' کے الفاظ یاد کرنے کا کام دیجیے۔




## چوتھا دن: " الفاظ متضاد "کا تصور

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو ''الفاظ متضاد "کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو ''الفاظ متضاد "کے فلیش کارڈ دکھائیں ۔اور ان کو بتائیں کہ کسی بھی چیز یا لفظ کا متضاد ہو سکتا ہے۔

(آپ کی معاونت کے لیے الفاظ متضاد کے تصویر فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- اس کے بعد طلبہ کو بتائیں کہ 'الفاظ متضاد' کو الفاظ اُلٹ بھی کہتے ہیں جس کے معنی ہوتے ہیں کسی بھی چیز یا لفظ کے مخالف چیز یا لفظ لکھنا ہوتا ہے۔جیسے اچھا، بُرا، نیا پرانا، صاف، گندا وغیرہ۔
- اس کے بعد کمرہ جماعت میں سے ایک پتلا بچے اور ایک موٹا بچے کو اپنے پاس بلوایئے اور تمام بچوں کو بتایئے کہ اس پتلے بچے کا متضاد (اُلٹ) یہ موٹا بچہ ہے۔یعنی پتلا بچہ موٹے بچے کا متضاد (اُلٹ) ہے۔
- اس کے بعد بورڈ پر دو کالم بنایئے اور بچوں سے کچھ چیزوں کے نام پوچھیے اور ان کے نام کو الفاظ کے خانے میں لکھتے جایئے۔جیسے بڑا، صاف، اونچا، دن، سخت وغیرہ۔پھر ان کے 'متضاد' کر کے متضاد کے خانے میں لکھتے جایئے۔جیسے چھوٹا، گندا، نیچا، رات، نرم وغیرہ۔
- اس کے بعد بورڈ پر لکھے گے الفاظ متضاد کی بچوں کو بلند آواز سے تین سے چار مرتبہ پڑھنے کی مشق کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 96،97 کھلوایئے۔طلبہ سے اس صفحے پر دی گئے الفاظ متضاد کی تصاویر کو دیکھنے اور ان کے نام کو بلند خوانی سے پڑھوایئے۔

**جانچ:** طلبہ سے پوچھیے دن کا متضاد کیا ہے؟

**گھر کا کام:** صفحہ نمبر 96،97 پر موجود تصاویر کو دیکھنے اور ان کے نام کو یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## پانچواں دن: " الفاظ متضاد "کی مشق

- طلبہ کو " الفاظ متضاد '' کا فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے اس کی آواز ادا کیجیے اور ساتھ طلبہ کو بھی دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں کو الفاظ متضاد کا اعادہ کروایئے۔
- بورڈ پر '' الفاظ متضاد " کے کالم بنوایئے اور ان کے نام لکھیے اور طلبہ سے سات بار ان کا نام اور آواز پڑھایئے۔
- بورڈ پر لکھی گئے '' الفاظ متضاد " کی نشاندہی بھی کروایئے۔
- بچوں کی بتایئے کہ آج ہم ایک '' الفاظ متضاد "کی سرگرمی کرنے والے ہیں۔کچھ تصاویر بورڈ پر چسپاں کر دیجیے۔اور باری باری طلبہ کا اپنے پاس بلوایئے۔ان کو بتائی گئی تصویر کو غور سے دیکھنے کو کہیے اور '' متضاد "کے سٹیکی نوٹ کو درست تصویر پر لگانے کے مشق کروایئے۔

- اس کے بعد بچوں میں '' الفاظ متضاد " کی ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور ان پر لکھے گئے ''متضاد" کو پنسل سے ملانے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے الفاظ متضاد کے تصویر فلیش کارڈ اور ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 98 کھلوایئے، اس میں نیچے دی گئی سرگرمی (لفظوں کو متضاد سے ملایئے) کا کام بچوں کو کروایئے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ بلند خوانی سے پڑھوایئے۔

جانچ: مختلف تصویری فلش کارڈ دیکھا کر الفاظ کے متضاد کی نشاندہی کیجیے۔

گھر کا کام: صفحہ نمبر 98 پر موجود الفاظ کے متضاد پر پنسل پھیرنے کا کام کرنے کو دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

واحد جمع، الفاظ متضاد کے فلیش کارڈز (پہلے اور چوتھے دن کے لیے)

(واحد جمع، الفاظ متضاد کے فلیش کارڈز کو کاٹیے اور بچوں کو سرگرمی کروایئے۔)

واحد جمع


الفاظ متضاد


(پرنٹنگ کا مواد)

## واحد جمع کے فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(واحد جمع کے فلیش کارڈز کو کاٹیے اور بچوں کو سرگرمی کروایئے۔)

















(پرنٹنگ کا مواد)

## واحد جمع کے الفاظ (تیسرے دن کے لیے)

(دیئے گئے واحد کو درست جمع سے پنسل سے ملانے کی سرگرمی کروایئے۔)

| | |
|---|---|
| پنسل | بوتلیں |
| بوتل | گھڑیاں |
| گھڑی | پنسلیں |
| کتاب | شرٹیں |
| سائیکل | کھلونے |
| کھلونا | کتابیں |
| شرٹ | سائیکلیں |

Aquiline
We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

## واحد جمع کے الفاظ کارڈز (تیسرے دن کے لیے)


(واحد جمع کے الفاظ کو پڑھائیے اور ایک جیسے رنگ کرنے کی بچوں کو سرگرمی کروائیے۔)

| | |
|---|---|
| مالٹے | تارے |
| گدھے | تالا |
| مالٹا | تارا |
| تالے | بکرے |
| گدھا | بکرا |


## (پرنٹنگ کا مواد)


### تصویری تراشے (تیسرے دن کے لیے)

(دی گئی تصاویر میں اپنی مرضی کے رنگ بھرنے کی سرگرمی کروایئے۔)









## (پرنٹنگ کا مواد)

### الفاظ متضاد کے فلیش کارڈز (چوتھے اور پانچویں دن کے لیے)

(الفاظ متضاد کے فلیش کارڈز کو کاٹیے اور بچوں کو سرگرمی کروایئے۔)

















(پرنٹنگ کا مواد)

## الفاظ متضاد کے الفاظ (پانچویں دن کے لیے)

(دیئے گئے الفاظ کو درست متضاد سے پنسل سے ملانے کی سرگرمی کروایئے۔)

| | |
|---|---|
| اچھا | گندا |
| بڑا | بُرا |
| صاف | بھرا ہوا |
| خالی | چھوٹا |
| دائیں | نیچا |
| اونچا | زیادہ |
| کم | بائیں |

Aquiline
We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

# سردی نظم اوراعادہ

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5<br><br>پیریڈ: 40 منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ نظم ترنم سے پڑھ سکیں گے۔<br>■ رکن ملا کر الفاظ پڑھ سکیں گے۔<br>■ مصوتہ "ے" سے الفاظ اوران کو جملوں میں استعمال کر سکیں گے۔<br>■ کھانے پینے کے آداب، اردو گنتی ایک تا دس سنا سکیں گے۔<br>■ بصری حروف (میں، ہوں)، مذکر مونث کی مکمل پہچان اور ان کو پڑھ سکیں گے۔<br>■ واحد جمع، الفاظ متضاد کی مکمل پہچان اور ان کو پڑھ سکیں گے۔ |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: سردی (نظم)، ورک شیٹ، کریون کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 99)
- دوسرے دن کے لیے: مصوتہ "ے" سے ارکان، الفاظ سازی اور جملے کا اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 61 تا 73)
- تیسرے دن کے لیے: "کھانے پینے کے آداب" اور "نظم (ننّھے مُنّے نشان)" کا اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 74 تا 80)، ورک شیٹ
- چوتھے دن کے لیے: "حرف 'ں' (نون غنہ)" "ہمزہ" اور "گنتی اور گنتی نظم" کا اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 81 تا 89)، ورک شیٹ
- پانچویں دن کے لیے: "بصری حروف (میں، ہوں)"، "مذکر مؤنث"، "واحد جمع" اور "الفاظ متضاد" کا اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 90 تا 98)، ورک شیٹ

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- ترتیب دینا
- تلاش کرنا
- منتخب کرنا

## پہلا دن: نظم "سردی"

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبق سنیے۔ کچھ الفاظ کے متضاد سنیے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 99 سے نظم "سردی" کی بلند خوانی کیجیے۔ طلبہ کو نظم ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحے پر موجود الفاظ طلبہ خود پڑھ سکتے ہیں۔ کچھ طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروایئے اور دیگر طلبہ کو ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں میں ورک شیٹیں تقسیم کریں۔ انھیں ہدایت دیں کہ وہ سردی کے خاکے میں کریون کی مدد سے رنگ بھریں۔
- کام مکمل ہو جانے پر چیک کریں۔ طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ ہر بچہ باری باری اپنی ورک شیٹ جماعت میں ساتھیوں کو دکھائے اور اس سے متعلق ایک ایک حرف بھی سنائے۔

**جانچ:** طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 99 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

**گھر کا کام:** نظم "سردی" یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

## دوسرا دن: مصوتہ "ے" سے ارکان، الفاظ سازی اور جملے کا اعادہ

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- طلبہ کو مصوتہ "ے" کے بھرپور استعمال پر مشتمل الفاظ پر مبنی کہانی قاعدے کے صفحہ نمبر 61 سے مکمل سنائیے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- کہانی سنانے کے بعد طلبہ کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے درج ذیل سوالات کے جوابات پوچھیں:
- آسمان پر کیا چمک رہے تھے؟ چنو منو آسمان سے کیا دیکھا کرتے تھے؟ طوطے اور گھوڑے کیا کر رہے تھے؟ آپ کس وقت سوتے ہیں؟
- مصوتہ "ے" سے متعلق پڑھائے گئے تصور کا اعادہ کرواتے ہوئے بچوں کو بتائیں کہ 'ے' کسی بھی لفظ کے شروع میں نہیں آتا، یہ ہمیشہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے۔ تو اس کی آواز / اے / ہوتی ہے۔ جب 'ے' لفظ کے آخر میں تو پورا ہی آتا ہے، جیسے، "تارے"، "جالے" وغیرہ میں۔ مگر درمیان میں آتے ہوئے یہ اپنی چھوٹی شکل بنالیتا ہے۔ جیسے، "کھیل"، "ریل" وغیرہ میں۔ طلبہ سے یہ لفظ دوبار پڑھوائیں۔
- بورڈ پر ایک طرف حروف تہجی کی آدھی اشکال اور دوسری طرف بھاری آواز والے حرف لکھے۔
- مختلف طلبہ کو ایک ایک کر کے بلائیے اور بورڈ پر ایک ایک حرف کے ساتھ مصوتہ "ے" کی پرچی جوڑیں اور طلبہ سے پھر یہ رکن بلند آواز میں پڑھائیے۔
- بورڈ کے ایک جانب ارکان "طو، گا، تا، با، کھا، دا، چا" اور دوسری جانب ارکان "ئے، رے، لے، طے، ئے، نے، جے" طلبہ سے یہ ارکان پڑھوائیے اور پھر ان ارکان کو آپس میں ملا کر الفاظ بنوائیے اور طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 67 کھلوائیے۔ پھر اس صفحے پر دی گئی تصویروں میں نظر آنے والے کرداروں اور اشیا کے نام پوچھیے۔
- طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے جملوں کو ایک ایک کر کے بلند آواز سے پڑھوائیے اور پھر جملوں پر لکھائی کی مشق کروائیے۔
- طلبہ کو قاعدے کا صفحہ نمبر 68، 69 اور 70 پر دی گئی سرگرمیوں کی مشق کی دہرائی کروائیے۔

**جانچ:** بورڈ پر الفاظ "سیب، دیگ، جیب، میز، دیر" لکھیے اور چند طلبہ سے ان لفظوں میں "ے" کی چھوٹی شکل کے گرد دائرے لگوائیے اور یہ الفاظ پڑھوائیے۔

**گھر کا کام:** طلبہ کو صفحہ نمبر 72 کے الفاظ یاد کرنے اور صفحہ نمبر 73 کی مشق کا کام کرنے کو دیجیے۔

## تیسرا دن: "کھانے پینے کے آداب" اور "نظم (ننّھے مُنّے نشان)" کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں کو مختلف کھانوں کی تصویری فلیش کارڈز دیکھیے اور اُن سے اِن کے نام پوچھیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ جس طرح ہمیں مختلف کھانے پسند ہیں اسی طرح ہمیں ان کو کھانے کا طریقہ بھی آنا چاہیے۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جا رہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام کھانے کے آداب کا اعادہ کر سکیں گے
- بورڈ پر کھانے کے تصویری فلیش کارڈز کو لگائیے۔ اور میز پر پڑے سٹکی نوٹ میں سے ان کے ناموں کے درست سٹکی نوٹ کو لگانے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے کھانے کے تصویری فلیش کارڈز اور ان کے نام کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- قاعدے کا صفحہ نمبر 74 کھلوائیے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو دیکھنے کی ہدایت کیجیے۔ اس کے بعد بچوں کو کھانے پینے کے آداب کی پڑھائی کروائیے۔
  - کھانے سے پہلے ہاتھ دھوئیے۔
  - بسم اللہ پڑھیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- کھانا ہمیشہ دائیں ہاتھ سے کھایئے۔
- کھانا ختم کرنے کے بعد الحمد اللہ کہیے!۔
- ہمیشہ بیٹھ کر پانی پیئے۔

- اس کے بعد ننّھے منّے نشان نظم باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- اس کے بعد نظم میں رنگین الفاظ بورڈ پر لکھیے اور بچوں کو ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو زبر، زیر اور پیش کے خاکے میں کریون کی مدد سے رنگ بھریں۔

(آپ کی معاونت کے لیے زبر، زیر اور پیش کے خاکے کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- بورڈ پر زبر، زیر اور پیش کے نشان بنایئے اور بچوں کو سمجھائے کہ یہ کیسے آواز بدلتے ہیں۔
- ان کو بتایئے کہ زبر ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے اوپر لگتا ہے اور اس کی آواز کو اوپر کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "بستہ" کے شروع میں "بَ" پر زبر کا نشان اس کی آواز کو اوپر کھینچ رہا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتایئے کہ "زیر" ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے نیچے لگتا ہے اور اس کی آواز کو نیچے کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "بلی" کے شروع میں "بِ" پر "زیر" کا نشان اس کی آواز کو نیچے کھینچ رہا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ فلیش کارڈ پر نشان "پیش" لکھا گیا ہے۔ ان کو بتایئے کہ "پیش" ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے اوپر لگتا ہے اور اس کی آواز کو اوپر کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "بلبل" کے شروع میں "بُ" پر "پیش" کا نشان اس کی آواز کو اوپر کھینچ رہا ہے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 75 تا 80 کھلوایئے۔ طلبہ کا ان صفحات کا مکمل اعادہ کروایئے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 74 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: نظم میں دیئے گئے رنگیں الفاظ کو پڑھنے اور یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: " حرف 'ں' (نون غنہ)" ہمزہ "اور "گنتی اور گنتی نظم "کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں کو 'ں' اور اس کے ذخیرہ الفاظ کی دہرائی کروایئے اور ان کو 'ن' اور 'ں' کے درمیان فرق کو واضح کیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتایئے کہ 'ء' الف کی آواز دیتا ہے۔ یہ عام طور پر "و، ی، ے" کے اوپر لگتا ہے اور ان کی آواز کو کھینچتا ہے۔
- اس کے بعد قاعدے میں "و، ی، ے" والے 'ء' کے الفاظ پڑھوایئے۔
- اردو میں 'ایک تا دس گنتی (1-10)" کا تعارف کروانے کے لیے فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں ۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جس طرح حساب یعنی Math میں Counting ہوتی ہے اسی طرح اردو میں اس کو گنتی کہتے ہیں۔ جیسے ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ، نو، دس۔
- بورڈ پر ایک طرف ہن سوں کی گنتی (12345678910) لکھے اور ان کے ساتھ ساتھ اردو کی گنتی (ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ، نو، دس) لکھیے۔ اس کے بعد بچوں کو ان کی دہرائی کروایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے تصویر فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 86 تا صفحہ نمبر 89 تک دہرائی کروایئے۔ اس میں موجود تصویروں کی پہچان کروایئے اور ان کے ذخیرہ الفاظ کو یاد کرنے اور پہچان کرنے کی ہدایت کیجیے۔

- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام کھانے کے آداب کا اعادہ کر سکیں گے
- اس کے بعد بچوں میں 'ایک تا دس گنتی (1-10) " کی ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور ان پر لکھے گئ "ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ، نو، دس" گنتی پر پنسل پھیرنے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے کھانے کے تصویری فلیش کارڈز اور ان کے نام کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد گنتی نظم باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 89 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: نظم میں دیئے گئے رنگیں الفاظ کو پڑھنے اور یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## پانچواں دن: "بصری حروف (میں، ہوں)"، " مذکر مؤنث "، "واحد جمع" اور "الفاظ متضاد" کا اعادہ

- یہ دن اب تک بڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں کو بصری حرف "میں "، "ہوں" کی دہرائی کروائیے۔ ان کو بتائیے کہ ہم اپنے بارے میں بھی بتانے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔ جیسے میں ایک لڑکا ہوں۔ میں آئس کریم شوق سے کھاتا ہوں۔ وغیرہ۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیں کہ 'مذکر' لفظ نر کے لیے یعنی male افراد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے لڑکا، بھائی، باپ، گھوڑا، بکرا، وغیرہ۔ اور اسی طرح 'مؤنث' لفظ مادہ کے لیے یعنی female افراد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے لڑکی، بہن، امی، گھوڑی، بکری، وغیرہ
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیں کہ 'واحد' لفظ ایک چیز کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے پنسل، کاپی وغیرہ۔ اور اسی طرح 'جمع' لفظ ایک سے زیادہ چیزوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے پنسلیں، کاپیاں، وغیرہ۔
- اس کے بعد بچوں کو ایک قلم دیکھائیے اور ان کو بتائیے یہ واحد ہے یعنی اکیلا ہے۔ اور پھر بچوں کو تین قلم دیکھائیے اور ان کو بتائیے کہ یہ جمع ہے یعنی ایک سے زیادہ ہے۔
- اس کے بعد بورڈ پر دو کالم بنائیے اور بچوں سے کمرہ جماعت میں پڑی چیزوں کا نام پوچھیے اور ان کو واحد کے خانے میں لکھتے جائیے۔ جیسے دروازہ، کھڑکی، بستہ، کتاب، ٹوکری، گھڑی، وغیرہ۔ پھر ان کے 'جمع' کر کے جمع کے خانے میں لکھتے جائیے۔ جیسے دروازوں، کھڑکیوں، بستے، کتابوں، ٹوکریاں، گھڑیوں وغیرہ۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیں کہ 'الفاظ متضاد' کو الفاظ اُلٹ بھی کہتے ہیں جس کے معنی ہوتے ہیں کسی بھی چیز یا لفظ کے مخالف چیز یا لفظ لکھنا ہوتا ہے۔ جیسے اچھا، بُرا، نیا پرانا، صاف، گندا وغیرہ۔
- اس کے بعد کمرہ جماعت میں سے ایک پتلا بچے اور ایک موٹا بچے کو اپنے پاس بلوائیے اور تمام بچوں کو بتائیے کہ اس پتلے بچے کا متضاد (اُلٹ) یہ موٹا بچہ ہے۔ یعنی پتلا بچہ موٹے بچے کا متضاد (اُلٹ) ہے۔

(آپ کی معاونت کے لیے تصویر فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 90 تا صفحہ نمبر 98 تک دہرائی کروائیے۔ اس میں موجود تصویروں کی پہچان کروائیے اور ان کے ذخیرہ الفاظ کو یاد کرنے اور پہچان کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام کھانے کے آداب کا اعادہ کر سکیں گے

- اس کے بعد بچوں میں ''واحد جمع "،'' ''مذکر مؤنث " کی ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور ان پر لکھے گئے ناموں کو ''واحد"یا'' ''جمع" سے پنسل سے ملانے اور'' ''مذکر مؤنث " الفاظ میں ایک جیسا رنگ کرنے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے واحد جمع کے تصویر فلیش کارڈ اور ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے اور جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ سب سے پہلے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد گنتی نظم باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 89 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: نظم میں دیئے گئے رنگیں الفاظ کو پڑھنے اور یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

## سردی والے موسم کے فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(سردی کے موسم کے خاکے کا پرنٹ لیجیے اور بچوں کو ان پر اپنی مرضی کے رنگ بھرنے کے لے دیجیے۔)




## (پرنٹنگ کا مواد)

### کھانے کی چیزوں کے فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو دیکھا کر ان کے نام پوچھیے۔)













(پرنٹنگ کا مواد)

## کھانے کی چیزوں کے نام کے فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)


(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ دیکھا کر ان کے درست نام پر چسپاں کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)


| | |
|---|---|
| ڈبل روٹی | جیم |
| دودھ | انڈا |
| بریانی | روٹی |


## (پرنٹنگ کا مواد)

### زبر، زیر اور پیش کے فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(زبر، زیر اور پیش کے فلیش کارڈ کا پرنٹ لیجیے اور بچوں کو ان کے نام بولنے اور ان پر اپنی مرضی کے رنگ بھرنے کے لے دیجیے۔)







## (پرنٹنگ کا مواد)

### ایک تا پانچ گنتی کے تصویر فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)


(ان کے پرنٹ لے کر بورڈ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو ایک تا پانچ تک گنتی گننے کی سرگرمی کروایئے۔)












| (پرنٹنگ کا مواد) | |
|---|---|
| ایک تا پانچ گنتی کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)<br>(ایک تا پانچ گنتی کی ورک شیٹ کے پرنٹ بچوں میں تقسیم کیجیے اور ان پر پنسل پھیرنے کی سرگرمی کروایئے۔) | |
| ایک | |
| دو | |
| تین | |
| چار | |
| پانچ | |


## (پرنٹنگ کا مواد)


### چھ تا دس گنتی کے تصویر فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بورڈ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو چھ تا دس تک گنتی گننے کی سرگرمی کروایئے۔)











| (پرنٹنگ کا مواد) | |
|---|---|
| چھ تا دس گنتی کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)<br>(چھ تا دس گنتی کی ورک شیٹ کے پرنٹ بچوں میں تقسیم کیجیے اور ان پر پنسل پھیرنے کی سرگرمی کروایئے۔) | |
| | چھ |
| | سات |
| | آٹھ |
| | نو |
| | دس |

| (پرنٹنگ کا مواد) | | | |
|---|---|---|---|
| ایک تا دس گنتی کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)<br>(ایک تا دس گنتی کی ورک شیٹ کے پرنٹ بچوں میں تقسیم کیجیے اور ان پر پنسل پھیرنے کی سرگرمی کروایئے۔) | | | |
| 1 | ایک | 6 | چھ |
| 2 | دو | 7 | سات |
| 3 | تین | 8 | آٹھ |
| 4 | چار | 9 | نو |
| 5 | پانچ | 10 | دس |

(پرنٹنگ کا مواد)

## مذکر مونث کے فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(مذکر مونث کے فلیش کارڈز کو کاٹیے اور بچوں کو سرگرمی کروایئے۔)













مونث


مذکر


(پرنٹنگ کا مواد)

## واحد جمع کے فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(واحد جمع کے فلیش کارڈز کو کاٹیے اور بچوں کو سرگرمی کروایئے۔)

















(پرنٹنگ کا مواد)

## الفاظ متضاد کے فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(الفاظ متضاد کے فلیش کارڈز کو کاٹیے اور بچوں کو سرگرمی کروایئے۔)

















(پرنٹنگ کا مواد)

## واحد جمع کے الفاظ (پانچویں دن کے لیے)

(دیئے گئے واحد کو درست جمع سے پنسل سے ملانے کی سرگرمی کروایئے۔)

| | |
|---|---|
| پنسل | بوتلیں |
| بوتل | گھڑیاں |
| گھڑی | پنسلیں |
| کتاب | شرٹیں |
| سائیکل | کھلونے |
| کھلونا | کتابیں |
| شرٹ | سائیکلیں |

Aquiline
We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

(پرنٹنگ کا مواد)

## مذکر مونث کے الفاظ کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(مذکر مونث کے الفاظ کو کاٹیے اور ایک جیسے رنگ کرنے کی بچوں کو سرگرمی کروایئے۔)

| | |
|---|---|
| بھائی | چڑیا |
| بہن | دادی |
| امی | گھوڑی |
| ابا | چڑا |
| دادا | گھوڑا |

# شیر اور چوہا، میرے جسم کے حصّے

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ تصاویر دیکھ کر کہانی بنانا سیکھ سکیں گے۔<br>■ کہانی کے مختلف سوالات کے جواب دیں سکیں گے۔<br>■ جسم کے حصوں کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ جسم کے حصوں کے نام بلند آواز میں ادا کر سکیں گے۔ |
| پیریڈ: 40 منٹ | |

## درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: شیر اور چوہا آدھی کہانی، تصویری فلیش کارڈ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 100)
- دوسرے دن کے لیے: شیر اور چوہا مکمل کہانی، تصویری فلیش کارڈ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 100)
- تیسرے دن کے لیے: جسم کے حصوں کے نام کا تعارف، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 101)
- چوتھے دن کے لیے: جسم کے حصوں کے نام کی مشق، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 102)، تصویری فلیش کارڈ
- پانچویں دن کے لیے: جسم کے حصوں کے نام کی مشق، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 103)، تصویر کے تراشے، جسم کے حصوں کے نام الفاظ کے فلیش کارڈ

## مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

## ذیلی مہارتیں:

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

## پہلا دن:

### شیر اور چُوہا

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو شیر اور چوہے کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بورڈ پر شیر اور چوہے کا تصویر فلیش کارڈ لگائیے اور بچوں کو ان کا نام بھی بتائیے۔
- (آپ کی معاونت کے لیے شیر اور چوہے کے تصویری فلیش کارڈز اور ان کے نام کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)
- بچوں کو آسان الفاظ پر مشتمل (آدھی کہانی) "شیر اور چوہا" کو دو سے تین بار سنائیے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- پیارے بچو! کسی جنگل میں ایک شیر رہتا تھا۔ صبح سویرے اُٹھ کر جنگل کے جانوروں سے بات چیت کرتا اور ان کے مسلے حل کرتا تھا۔ کیونکہ شیر جنگل کا بادشاہ تھا۔ ایک دن شیر جانوروں کے مسلے حل کر کے کھانا کھا کر دھوپ میں آرام کر رہا تھا۔ سردیوں کی صبح تھی۔ اسے دھوپ میں نیند آ گئی۔ وہاں پر کہیں سے ایک چُوہا آ نکلا۔ اس کو بہت سردی لگ رہی تھی۔ اس نے جب شیر کو سوئے ہوئے دیکھا تو اس پر چڑھ گیا۔ شیر کے سنہری بھورے نرم اور گرم بالوں میں گھس گیا۔ چُوہا کو سردی لگنا بند ہو گئی۔ اس نے چھلنا شروع کر دیا۔ اسے اس کے بالوں میں سکون مل رہا تھا۔ ان نے اچھلنا کودنا جاری رکھا۔ شیر کی آنکھ کھل گئی اسے بہت

غصہ آیا اس نے چُوہے کو اپنے پنجوں میں پکڑ لیا۔ اور بولا۔۔۔ بولو چُوہے میاں! تمھارے ساتھ کیا مسلہ ہے۔ چُوہا بولا جناب معاف کیجیے گا۔ اگر میں نے آپ کی نیند خراب کی ہو۔ چُوہے نے شیر سے کہا مجھے جانے دیں۔ ہو سکتا ہے میں کبھی آپ کے کام آجاؤ۔ شیر ہنسا اور بولا! بھلا مجھے کسی چُوہے کی کیا مدد مل سکتی ہے۔ اس نے چُوہے کو معاف کر دیا اور جانے دیا۔

کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

- پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنایئے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔
- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے اہم الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔ جیسے: شیر صبح سویرے کیا کرتا تھا؟ شیر کہا آرام کر رہا تھا؟ شیر کے بالوں میں کو چلا گیا تھا؟ چُوہے نے شیر کے بالوں میں جا کر کیا کرنا شروع کر دیا؟ وغیرہ
- قاعدے کا صفحہ نمبر 100 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو دیکھنے کے لیے کہیے۔

جانچ: بچوں کو شیر اور چوہے کے تصویر فلیش کارڈ دیکھا کر ان کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 100 پر موجود تصاویر کو دیکھنے اور کہانی بنا کر لانے کو کہیے۔

## دوسرا دن: شیر اور چُوہا

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا کہانی کا سبق سنیے۔
- بورڈ پر شیر اور چوہے کا تصویر فلیش کارڈ لگایئے اور بچوں کو ان کا نام بھی پوچھیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے شیر اور چوہے کے تصویری فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- بچوں کو آسان الفاظ پر مشتمل (مکمل کہانی) "شیر اور چوہا" کو دو سے تین بار سنایئے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- پیارے بچو! کچھ دن بعد جنگل میں کہیں سے شکاری آ گئے۔ انھوں نے جگہ جگہ شیر کو پھسانے کے لیے جال بچھا رکھے تھے۔ شیر ایک جال میں پھنس گیا۔ اس نے بہت ہاتھ وَاؤں مارے لیکن جال بہت مضبوط تھا۔ شکاری نے شیر کو جال میں پھنسا دیکھ کر بہت خوش ہوا۔ وہ اپنے باقی شکاری ساتھوں کو بلانے کے لیے دوڑا۔ اچانک وہاں پر وہی چُوہا آ گیا۔ اس نے شیر کو جال میں پھنسے دیکھا تو بولا۔۔۔! جناب شیر میاں آپ تو جال میں پھنس گئے ہیں۔ چلیں میں آپ کی مدد کرتا ہوں۔ شیر نے کہا۔ یہ جال بہت مضبوط ہے۔ مجھ سے نہیں کچھ ہو سکا تو تم چھوٹے میاں کیا کرو گئے؟ چُوہے نے اپنے تیز دانتوں سے جال کو کاٹنا شروع کر دیا۔ تھوڑی دیر بعد چُوہے نے جال کاٹ دیا۔ شیر جال سے آزاد ہو گیا۔ اس نے چُوہے کا شکریہ ادا کیا اور کہا آج سے تم میرے دوست ہو۔ یوں دونوں ہنسی خوشی رہنے لگے۔

کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

- پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنایئے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔
- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے اہم الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔ جیسے: کچھ دن بعد جنگل میں کون آ گئے تھے؟ شکاری نے جگہ جگہ کیا چیزیں بچھا رکھی تھی؟ جال میں کون پھنس گیا تھا؟ چُوہے نے شیر کو جال میں پھنسا دیکھا تو کیا کیا؟ چُوہے نے جال کو کس کی مدد سے کاٹا؟ وغیرہ۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 100 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو دیکھنے کے لیے کہیے۔
- اس کے بعد بچوں کو شیر اور چوہے کے خاکے میں رنگ بھرنے کی سرگرمی کروایئے۔

- طلبہ کو گروپوں کے صورت میں بٹھایئے۔ طلبہ کی تعداد کے مطابق شیر اور چوہے والے خاکے تقسیم کیجیے اور ان پر رنگ بھرنے کے لیے دیجیے۔ ہر گروپ کے پاس باری باری جایئے اور جہاں ضرورت ہے بچوں کی مدد کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے شیر اور چوہے کے خاکے کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 100 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 100 پر موجود تصاویر کو دیکھنے اور کہانی بنا کر لانے کو کہیے۔

## تیسرا دن: "میرے جسم کے حصے" کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو جسم کے حصوں کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم جسم کے حصوں کے بارے میں پڑھنے والے ہیں۔ جسم کے حصوں کے چاٹ کو کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کے زندہ رہنے کے لیے اور مختلف کام سرانجام دینے کے لیے ہمارے جسم کے مختلف حصے بنائے ہیں۔ یہ جسم کے حصے اہم کا سرانجام دیتے ہیں۔ جیسے ہم آنکھوں کی مدد سے دیکھتے ہیں۔ ہم کانوں کی دد سے سنتے ہیں۔ ہم ہاتھوں اور انگلیوں کی مدد سے چیزوں کو پکڑتے ہیں۔ اہم ٹانگوں کی مدد سے چلتے ہیں۔
- اس کے بعد اساتذہ اپنے جسم کے حصوں کی طرف اشارہ کرے گی اور بچوں سے ان کا نام پوچھے گی۔ جیسے ٹیچر اپنی بازو کی طرف اشارہ کرے گئی یہ کیا ہے؟ تمام بچے اس کا نام (بازو) بتائیں گے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 101 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے جسم کے حصوں کے نام کی پہچان کراوایئے اور ان کو بلند خوانی سے پڑھوایئے۔
- اس کے بعد باری باری ایک ایک طلبہ کو اپنے پاس بلوایئے اور ان کو مختلف تصویر فلیش کارڈز دیکھایئے اور ان کا نام اور کام پوچھیے۔ جیسے آنکھ کا تصویر فلیش کارڈ بچے کو دیکھائے وہ ان کا نام (آنکھ) بتایئے گا اور اس کا کام یعنی اس کی مدد سے ہم چیزوں کو دیکھتے ہیں بتائے گا۔

(آپ کی معاونت کے لیے جسم کے حصوں کے تصویری فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 101 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: حروف تہجی پر زبر کا نشان لگانے کا کام مکمل کرنے کو دیجیے۔

## چوتھا دن: "میرے جسم کے حصے" کی مشق

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبق سنیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر جسم کے حصوں کے نام لکھیے اور پانچ سے سات بار ان کے نام اور آواز پڑھایئے۔
- اس کے بعد بچوں کو دو ٹیموں میں تقسیم کیجیے۔ اور ان کو ٹیم اے (Team A) اور ٹیم بی (Team B) کا نام دیجیے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتایئے کہ آج ہم ایک سرگرمی کرنے والے ہیں۔ اس میں پہلی باری ٹیم اے (Team A) کی ہو گی اور دوسری باری ٹیم بی (Team B) کی ہو گی۔
- بورڈ پر کچھ جسم کے حصوں کے نام (آنکھ، ناک، کان، ہاتھ، ہونٹ، پاؤں، سر، ناک، گال، بازو، ٹانگ) لکھیے اور ٹیم اے (Team A) اور ٹیم بی (Team B) سے ایک ایک کر کے بچوں کو بلا کر ان سے بورڈ پر لکھے الفاظ پر جسم کے حصوں کے درست تصویری فلیش کارڈ منتخب کرنے کو کہیے۔
- اس کے بعد بچوں کو بورڈ پر لکھے جسم کے حصوں کے توڑ کرنے اور پھر اس کے جوڑ کرنے کی مشق کروایئے۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

(آپ کی معاونت کے لیے جسم کے حصوں کے تصویری فلیش کارڈ اور توڑ اور جوڑ کی ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 102 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی مشق کروایئے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 101 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: قاعدے کے صفحہ نمبر 103 پر موجود سرگرمی کا کام کرکے آنے کو کہیے۔

## پانچواں دن: "میرے جسم کے حصے" کی مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 101 پر موجود 'جسم کے حصوں کے نام' کی تین سے چار مرتبہ بلند خوانی کروایئے۔
- ایک بچے کا "Parts of Body" کا چاٹ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کیا ہے؟ اس میں آپ کو کیا چیزیں نظر آرہی ہیں؟ ناک کہاں ہے اور یہ ہمارے کس کام آتا ہے؟ ہاتھ کہاں پر ہے اور ہم اس کے کیا کام لیتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب (جسم کے حصوں کا چاٹ، جسم کے حصے، وہاں ہے، ہم اس سے سونگھتے ہیں، وہاں ہے، ہم اس سے اپنے کام کرتے ہیں) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھایئے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ تراشے دیجیے اور بچوں کو جسم کے حصوں کے تراشے کو اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- نیز جسم کے حصوں کے نام والے الفاظ کی ورک شیٹ پر ایک جیسے رنگوں کا بھی استعمال کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے تصاویر کے تراشے اور جسم کے حصوں کے نام کی ورک شیٹ ساتھ دی جارہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے

اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔




جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ "جسم کے حصہ" کا کام بھی پوچھیے۔ کچھ بچوں سے "جسم کے حصوں" کے نام پوچھیے۔

بچوں سے ان کے پسندیدہ جسم کے حصے کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔

گھر کا کام: 'جسم کے حصوں کے نام' یاد کرنے کا کام دیجیے۔


We Publish Future... Printers & Booksellers

| (پرنٹنگ کا مواد) | |
|---|---|
| شیر اور چُوہا کا تصویر فلیش کارڈ (پہلے اور دوسرے دن کے لیے)<br>(ان کے پرنٹ لے کر بورڈ پر چسپاں کریں اور بچوں کو ان کے نام بتایئے اور ان سے متعلقہ کہانی بھی سنایئے۔) | |
| شیر |  |
| چُوہا |  |

(پرنٹنگ کا مواد)

## شیر اور چُوہا کا خاکے (دوسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)







## (پرنٹنگ کا مواد)

### جسم کے حصوں کا تصویری فلیش کارڈز (تیسرے اور چوتھے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو جسم کے حصوں کے نام اور ان کے کام کے بارے میں پہلے پوچھیے پھر بتائیے۔)

| | |
|---|---|
|  |  |
|  |  |
|  |  |
|  |  |

## (پرنٹنگ کا مواد)

### توڑ، جوڑ کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ بچوں میں تقسیم کیجیے اور توڑ کے جوڑ اور جوڑ کے توڑ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)

دیئے گئے الفاظ کے توڑ کے جوڑ کیجیے۔

آ ن کھ ----------

ک ا ن ----------

ہ ا تھ ----------

ہ و ن ٹ ----------

پ ا ء و ل ----------

ب ا ز و ----------

دیئے گئے الفاظ کے جوڑ کے توڑ کیجیے۔

ناک ------ ------ ------

ٹانگ ------ ------ ------ ------

سر ------ ------

گال ------ ------ ------

آنکھ ------ ------ ------ ------

ہونٹ ------ ------ ------ ------


ہاتھ ------ ------ ------


| (پرنٹنگ کا مواد) | |
|---|---|
| جسم کے حصوں کے نام کے کارڈز (پانچویں دن کے لیے)<br>(جسم کے حصوں کے نام کو پڑھائیے اور ایک جیسے رنگ کرنے کی بچوں کو سرگرمی کروائیے۔) | |
| آنکھ | کان |
| کان | ناک |
| ہاتھ | آنکھ |
| ناک | ٹانگ |
| ٹانگ | ہاتھ |

## (پرنٹنگ کا مواد)

### جسم کے حصوں ک تصویری تراشے (پانچویں دن کے لیے)

(دی گئی تصاویر میں اپنی مرضی کے رنگ بھرنے کی سرگرمی کروایئے۔)









# پیارے رنگ، سبزی کھایئے

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ پیارے رنگ کے بارے میں جان سکیں گے۔<br>■ پیارے رنگ کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ مختلف رنگ والی چیزوں کے شناخت کر سکیں گے۔<br>■ رنگ کے نام لکھ سکیں گے۔<br>■ مختلف نئے الفاظ کے توڑ، جوڑ سیکھ سکیں گے۔<br>■ مختلف نئے الفاظ کے توڑ، جوڑ کی آواز کو بیان کر سکیں گے۔<br>■ مختلف نئے الفاظ کو لکھ سکیں گے۔ |
| پیریڈ: 40 منٹ | |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: پیارے رنگ (لال)، تصویری فلیش کارڈ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 104)، ورک شیٹ
- دوسرے دن کے لیے: پیارے رنگ (پیلا)، تصویری فلیش کارڈ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 104)، ورک شیٹ
- تیسرے دن کے لیے: پیارے رنگ (نیلا)، تصویری فلیش کارڈ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 104)، ورک شیٹ
- چوتھے دن کے لیے: پیارے رنگ مشق، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 105)، ڈسپوزیبل پلیٹ، واٹر کلر (رنگ)، Ear Cotton Stick، چارٹ
- پانچویں دن کے لیے: سبزی کھایئے (نئے الفاظ سیکھیے)، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 107)، ورک شیٹ

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

**پہلا دن:** پیارے رنگ (لال) کا تعارف، لکھائی

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو پیارے رنگ کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتایئے کہ یہ ساری دنیا پیارے پیارے رنگوں سے سجی ہوئی ہے۔ اس میں ہمیں ارد گرد رنگ برنگی چیزیں نظر آتی ہیں۔ یہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے بنائی ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سرخ رنگ کے بارے میں پڑھے گے۔ کمرہ جماعت میں "ٹماٹر" لے جائے۔ بچوں کو دیکھائے اور اس کا نام بچوں سے پوچھیے۔

- بچوں کو اس کے سرخ رنگ کے بارے میں بتایئے۔اس کے بعد بچوں سے مزید ان چیزوں کے نام پوچھیے جو سرخ رنگ کی ہیں جیسے (سرخ بس، کار، مرچ، سٹابری) وغیرہ۔جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور باقی بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- بچوں کو مزید سرخ رنگ والی تصاویر دیکھایئے اور ان کے نام بورڈ پر لکھیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے سرخ رنگ والی تصویری فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- اس کے بعد بچوں کو گلاب کے پھول کا فلیش کارڈ دیکھائے اور اس کے متعلق آسان جملہ بورڈ پر لکھیے۔ جیسے یہ پھول لال ہے۔اور بچوں کو بلند آواز میں پڑھنے کے لیے کہیے۔
- اس کے بعد بچوں میں "لال" رنگ کی ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور اس پر پنسل پھیرنے کے لیے کہیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے، جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 104 کھلوایئے۔طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی سرخ رنگ سے متعلقہ چیزوں کو پڑھنے، لکھنے اور یاد کرنے کا کام کہیے۔

جانچ: بچوں کو مختلف سرخ رنگ کی چیزوں کے فلیش کارڈ دیکھایئے اور ان کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو سرخ رنگ والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: پیارے رنگ (پیلا) کا تعارف، لکھائی

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا رنگوں کا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو پیارے رنگ کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتایئے کہ ہمارے ارد گرد ہمیں رنگ برنگی چیزیں نظر آتی ہیں۔یہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے بنائی ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پیلے رنگ کے بارے میں پڑھے گے۔کمرہ جماعت میں "کیلا" لے جائے۔بچوں کو دیکھائے اور اس کا نام بچوں سے پوچھیے۔
- بچوں کو اس کے پیلے رنگ کے بارے میں بتایئے۔اس کے بعد بچوں سے مزید ان چیزوں کے نام پوچھیے جو پیلے رنگ کی ہیں جیسے (سورج، بس، لیمو، تارہ، بطخ) وغیرہ۔جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے اور باقی بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- بچوں کو مزید پیلے رنگ والی تصاویر دیکھایئے اور ان کے نام بورڈ پر لکھیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے پیلے رنگ والی تصویری فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- اس کے بعد بچوں کو آم کا فلیش کارڈ دیکھائے اور اس کے متعلق آسان جملہ بورڈ پر لکھیے۔ جیسے یہ پھل پیلا ہے۔اور بچوں کو بلند آواز میں پڑھنے کے لیے کہیے۔
- اس کے بعد بچوں میں "پیلے" رنگ کی ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور اس پر پنسل پھیرنے کے لیے کہیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے، جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 104 کھلوایئے۔طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی پیلے رنگ سے متعلقہ چیزوں کو پڑھنے، لکھنے اور یاد کرنے کا کام کہیے۔

جانچ: بچوں کو مختلف پیلے رنگ کی چیزوں کے فلیش کارڈ دیکھایئے اور ان کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو پیلے رنگ والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: پیارے رنگ (نیلا) کا تعارف، لکھائی

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا رنگوں کا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو پیارے رنگ کو متعارف کروانے کا ہے۔

- بچوں کو بتائیے کہ یہ ساری دنیا پیارے پیارے رنگوں سے سجی ہوئی ہے۔اس میں ہمیں ارد گرد رنگ برنگی چیزیں نظر آتی ہیں۔یہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے بنائی ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم نیلے رنگ کے بارے میں پڑھے گے۔کمرہ جماعت میں "نیلا قلم" لے جائے۔بچوں کو دیکھائے اور اس کا نام بچوں سے پوچھیے۔
- بچوں کو اس کے نیلے رنگ کے بارے میں بتائیے۔اس کے بعد بچوں سے مزید ان چیزوں کے نام پوچھیے جو نیلے رنگ کی ہیں جیسے (آسمان، تتلی، غبارہ، پرندہ، سیاہی) وغیرہ۔جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے اور باقی بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- بچوں کو مزید نیلے رنگ والی تصاویر دیکھائیے اور ان کے نام بورڈ پر لکھیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے نیلے رنگ والی تصویری فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- اس کے بعد بچوں کو بستہ کا فلیش کارڈ دیکھائے اور اس کے متعلق آسان جملہ بورڈ پر لکھیے۔جیسے یہ بستہ نیلا ہے۔اور بچوں کو بلند آواز میں پڑھنے کے لیے کہیے۔
- اس کے بعد بچوں میں "نیلے" رنگ کی ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور اس پر پنسل پھیرنے کے لیے کہیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے، جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 104 کھلوائیے۔طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی نیلے رنگ سے متعلقہ چیزوں کو پڑھنے، لکھنے اور یاد کرنے کا کام کہیے۔

جانچ: بچوں کو مختلف نیلے رنگ کی چیزوں کے فلیش کارڈ دیکھائیے اور ان کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو نیلے رنگ والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

---

## چوتھا دن: پیارے رنگ (سرخ، پیلا، نیلا) کی مشق

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا رنگوں کا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو پیارے رنگوں کی مشق کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتائیے کہ یہ ساری دنیا تین رنگوں (سرخ، پیلا، نیلا) سے مل کر بنی ہوئی ہے۔اور باقی رنگ جو ہمیں نظر آتے ہیں۔وہ بھی ان تین رنگوں کو ملا کر ہی بنے ہوتے ہیں۔
- بچوں کو پوچھیے کہ انہوں نے اپنے ارد گرد "سرخ"، "پیلے"، "نیلے" رنگ کی کون کون سی چیزیں دیکھی ہیں ان کے نام بتائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 105 کھلوائیے۔طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی رنگ بھرنے والی سرگرمی کروائیے۔جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے، جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کیجیے۔درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیے کہ آج ہم رنگ والی ایک سرگرمی کرنے والے ہیں جس سے ہم تین بنیادی رنگوں "سرخ"، "پیلے"، "نیلے" سے باقی رنگ بنائے گے
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔اور ان میں سامان تقسیم کیجیے۔ڈسپوزیبل پلیٹ، واٹر کلر (رنگ)، Ear Cotton Stick، چارٹ
- بچوں میں سامان تقسیم کرنے کے بعد ان کو ڈسپوزیبل پلیٹ میں تینوں بنیادی رنگ ڈال کر دیں اور Ear Cotton Stick کی مدد سے چارٹ پر مختلف رنگ بنانے کی ہدایت کیجیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے جہاں ضرورت ہو بچوں کی رہنمائی کیجیے۔درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- آرٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 105 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو تینوں بنیادی رنگ (سرخ، نیلا، پیلا) والی چیزوں کے نام یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## پانچواں دن: " سبزی کھایئے " نئے الفاظ سیکھیے

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا رنگوں کا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو نئے الفاظ پڑھنے، ان کے جوڑ کرنے، ان کی آوازوں کی پہچان کرنے اور لکھنے کی مشق کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتایئے کہ آج ہم نئے الفاظ سیکھنے والے ہیں۔ اس کے بعد بورڈ میں حروف تہجی لکھیے اور بچوں سے ان کی آوازوں کے بارے میں پوچھیے۔ اور بعد ازں تمام حروف تہجی کی آوازوں بتایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر الفاظ "خرگوش"، "ٹانگ"، "بستہ" لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے اس الفاظ "خرگوش"، "ٹانگ"، "بستہ" میں کون کون سے حروف تہجی کے حرف شامل ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب (خ، ر، گ، و، ش / ٹ، ا، ن، گ / ب، س، ت، ہ) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کے توڑ بورڈ پر لکھیے۔
- بورڈ پر توڑ لکھنے کے بعد ان کے حروف کو ملا کر ان کی آوازیں پہلے بچوں سے پوچھیے پھر ان کی رہنمائی کرتے ہوئے درست آوازیں ادا کیجیے اور ساتھ ساتھ بچوں کو دہرانے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 107 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیئے گئے الفاظ کے توڑ کو ملا کر لفظ پڑھنے کی مشق کروایئے اور ان الفاظ پر پنسل پھیرنے کی مشق کروا کر الفاظ لکھنا بھی سیکھایئے۔
- اس کے بعد بچوں کو سرگرمی کے لیے ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور اس میں الفاظ کے توڑ کرنے اور توڑ کے جوڑ کر کے الفاظ بنانے کی مشق کروایئے اور ساتھ ساتھ ان کی درست آواز بھی ادا کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے جہاں ضرورت ہو ان کی رہنمائی کیجیے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے ۔

(آپ کی معاونت کے لیے توڑ، جوڑ کی ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

جانچ: طلبہ سے مختلف حروف کی آوازیں سنیے۔


گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 107 پر موجود الفاظ اور ان کی آوازوں کو یاد کرنے کا کام دیجیے۔

We Publish Future...
Publishers, Printers & Booksellers

## (پرنٹنگ کا مواد)

### سرخ رنگ والی چیزوں کا تصویری فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو سرخ رنگ والی چیزوں کے نام اور ان کے بارے میں بتایئے ۔)


| | |
|---|---|
|  |  |
|  |  |
|  |  |

## (پرنٹنگ کا مواد)

### پیلے رنگ والی چیزوں کا تصویری فلیش کارڈز (دوسرا دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو پیلے رنگ والی چیزوں کے نام اور ان کے بارے میں بتائیے۔)













## (پرنٹنگ کا مواد)

### نیلے رنگ والی چیزوں کا تصویری فلیش کارڈز (تیسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو نیلے رنگ والی چیزوں کے نام اور ان کے بارے میں بتائیے۔)

| | |
|---|---|
|  |  |
|  |  |
|  |  |

## (پرنٹنگ کا مواد)

### ورک شیٹ (پانچویں دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ بچوں میں تقسیم کیجیے اور توڑ کے جوڑ اور جوڑ کے توڑ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)

دیئے گئے الفاظ کے توڑ کے جوڑ کیجیے۔

ٹ و ک ر ی ----------

آ ل و ----------

گ و بھ ی ----------

ص ح ت ----------

م ٹ ر ----------

گ ا ج ر ----------

دیئے گئے الفاظ کے جوڑ کے توڑ کیجیے۔

شور ------ ------ ------

پالک ------ ------ ------ ------

راجا ------ ------ ------ ------

طاقت ------ ------ ------ ------

مضبوط ------ ------ ------ ------ ------

سبزی ------ ------ ------ ------

# سبزی کھایئے اور بوجھو تو میں کون ہوں!

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ سبزی اور پھل کے بارے میں جان سکیں گے۔<br>■ مختلف قسم کی سبزی اور پھل کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ سبزی کے نام لکھ سکیں گے۔<br>■ مختلف نئے الفاظ کے توڑ، جوڑ سیکھ سکیں گے۔<br>■ مختلف نئے الفاظ کے توڑ، جوڑ کی آواز کو بیان کر سکیں گے۔<br>■ مختلف نئے الفاظ کو لکھ سکیں گے۔ |
| پیریڈ: 40 منٹ | |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: سبزی کھایئے کا تعارف، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 108)، پڑھائی
- دوسرے دن کے لیے: سبزی کھایئے، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 108)، پڑھائی
- تیسرے دن کے لیے: سبزی کھایئے (مشق)، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 109)، پڑھائی، ورک شیٹ
- چوتھے دن کے لیے: بُوجھو تو میں کون؟ (نئے الفاظ سیکھیے)، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 111)، ورک شیٹ
- پانچویں دن کے لیے: بُوجھو تو میں کون؟ (پھلوں کا تعارف)، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 112)، پڑھائی

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

**پہلا دن:** "سبزی کھایئے" کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتایئے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو سبزی کو متعارف کروانے کا ہے۔
- یہ دن بچوں کو نئے الفاظ اور جملے پڑھنے، ان کے جوڑ کرنے، ان کی آوازوں کی پہچان کروانے کا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتایئے کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے بے شمار نعمتیں عطا کی ہے۔ ان نعمتیں میں کھانے پینے کی بے شمار چیزیں شامل ہیں۔ جیسے پھل، سبزیاں، گوشت، دالیں، شربت، دودھ، گندم، چاول وغیرہ۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبزیوں کے بارے میں پڑھنے والے ہیں۔ بچوں کو بتایئے کہ تمام سبزیاں زمین میں اُگائی جاتی ہیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ کون کون سبزی شوق سے کھاتا ہے؟ کیا انہوں نے کبھی سبزی دیکھی بھی ہے؟ اگر ہاں تو ان کے نام بتایئے۔

We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

- بورڈ پر اس کے بعد سبزیوں (آلو، گوبھی، مٹر، گاجر، پالک) کے فلیش کارڈ لگائیے اور ساتھ ان کا نام بھی لکھیے اور بچوں کو بلند آواز سے تین سے چار مرتبہ پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے سبزی کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- قاعدے کا صفحہ نمبر 108 اور 109 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیئے گئے نئے الفاظ اور آسان جملوں کی پڑھائی کروائیے۔
- اس صفحات میں دی گئی سبزیوں اور ان کے ساتھ دی گئی خصوصیات کو کہانی کی صورت میں بچوں کو بتائیے۔ تاکہ بچوں میں دلچسپی برقرار ہے۔
- بچوں کو نئے الفاظ اور آسان جملوں کی درست تلفظ کی بھی مشق کروائیے۔ ان الفاظ اور جملوں کی تین سے چار مرتبہ پڑھائی کروائی جائے اور ساتھ ساتھ بچوں کو بھی پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔

جانچ: طلبہ سے مختلف سبزیوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 107 پر موجود الفاظ اور جملوں کو پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: "سبزی کھایئے" کا تعارف

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبزی والا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو سبزی کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتائیے کہ ہمارے خوراک کا اہم حصہ سبزی ہے۔ اس کے بعد بچوں سے کچھ سوالات پوچھیے جیسے سبزی کا راجا ہے؟ کون سی سبزی صحت بناتی ہے؟ کون سی سبزی زیادہ مزہ دار ہوتی ہے؟ کون سے سبزی طاقت دیتی ہے؟ کون سی سبزی مضبوط بناتی ہے؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست جواب (آلو، گوبھی، مٹر، گاجر، پالک) دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر آلو کا تصویر فلیش کارڈ لگائیے اور اس کے سامنے اس سے متعلقہ الفاظ اور آسان جملے بھی لکھیے جیسے: میں آلو ہوں۔ مجھے پکالو۔ میں سبزیوں کا راجا ہوں۔ بچوں کو ان جملوں کی پڑھائی کروائیے اور ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ دہرانے کی بھی ہدایت کیجیے۔
- اسی طرح گوبھی، مٹر، گاجر اور پالک کے آسان الفاظ اور جملے باری باری لکھیے اور ان کی بلند خوانی کروائیے۔
- اس طرح پڑھائی کروانے کے بعد بچوں کا نئے الفاظ کا اعادہ کروائیے اور اس کے لیے ایک سرگرمی بھی کروائیے۔
- سبزیوں سے متعلقہ الفاظ اور آسان جملے جن کی پڑھائی کروائی گئی ہے ان کو اسی طرح بورڈ میں لکھا رہنے دیں۔ پھر ایک ایک کر کے باری باری بچوں کو پاس بلوائیے اور ان کو بتائے گئے الفاظ کی نشاندہی کرنے اور اس آواز کی ادائیگی کرنے کی بھی ہدایت کیجیے۔
- اسی طرح کچھ بچوں کو بورڈ پر لکھے آسان جملوں کو پڑھنے کی بھی ہدایت کیجیے۔ جہاں ضرورت ہو بچوں کی رہنمائی کیجیے اور ان کی حوصلہ افزائی بھی کیجیے۔ درست الفاظ اور جملوں کو پڑھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 108 اور 109 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیئے گئے نئے الفاظ اور آسان جملوں کی پڑھائی کروائیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 109 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 108 پر موجود الفاظ اور جملوں کو پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: "سبزی کھایئے" مشق

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبزی والا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو سبزی کی مشق کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو پوچھیے کہ انہیں کون سی سبزی سب سے زیادہ پسند ہے۔ اور اس کی پسند کی وجہ کیا ہے؟

- بچوں کو پوچھیے کہ انہوں نے اپنے ارد گرد کون کون سی سبزی دیکھی ہیں ان کے نام بتایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر ایک طرف آسان جملہ لکھیے جیسے میں سبزیوں کا راجا ہوں۔ اس کے سامنے اسی جملے کے الفاظ کو بے ترتیب کر کے لکھیے جیسے راجا میں سبزیوں کا ہوں۔ اب بچوں کو پہلے درست ترتیب والے جملے کو پڑھنے کی ہدایت کیجیے اور پھر بے ترتیب والے جملے کے الفاظ کو پڑھنے کے لیے کہیے۔
- اسی طرح بچوں کو جملے کی درست ترتیب کے بارے میں بتایئے۔ اور مزید آسان جملوں کے الفاظ کو بے ترتیب کر کے بورڈ پر لکھیے اور ان کی درست ترتیب بچوں سے کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 110 کھلوایئے۔ طلبہ کو اس صفحے میں دی گئی سرگرمیوں کو کروایئے۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیے کہ آج ہم رنگ والی ایک سرگرمی کرنے والے ہیں جس سے ہم سبزیوں "آلو"، "گوبھی"، "مٹر"، "گاجر"، "پالک" میں اپنی مرضی سے رنگ بھریں گے۔
- بچوں کی تعداد کے مطابق سبزیوں کے خاکے تقسیم کیجیے اور ان کو اپنی مرضی سے ان پر رنگ کرنے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے سبزی کے خاکے کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے جہاں ضرورت ہو بچوں کی رہنمائی کیجیے۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- سبزیوں کے رنگ کئے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 109 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 110 میں دی گئی سرگرمیوں کی دہرائی کا کام کر کے آنے کو دیجیے۔

## چوتھا دن: "بُوجھو تو میں کون؟" نئے الفاظ سیکھیے

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبزی کا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو نئے الفاظ پڑھنے، ان کے جوڑ کرنے، ان کی آوازوں کی پہچان کرنے اور لکھنے کی مشق کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتایئے کہ آج ہم نئے الفاظ سیکھنے والے ہیں۔ اس کے بعد بورڈ میں حروف تہجی لکھیے اور بچوں سے ان کی آوازوں کے بارے میں پوچھیے۔ اور بعد ازں تمام حروف تہجی کی آوازوں بتایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر الفاظ "ہونٹ"، "سورج"، بستہ "لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے اس الفاظ "ہونٹ"، "سورج"، "ٹھنڈا" میں کون کون سے حروف تہجی کے حرف شامل ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب (ح،و،ن،ٹ / س،و،ر،ج / ٹھ،ن،ڈ،ا) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بچوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کے توڑ بورڈ پر لکھیے۔
- بورڈ پر توڑ لکھنے کے بعد ان کے حروف کو ملا کر ان کی آوازیں پہلے بچوں سے پوچھیے پھر ان کی رہنمائی کرتے ہوئے درست آوازیں ادا کیجیے اور ساتھ ساتھ بچوں کو دہرانے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 111 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیئے گئے الفاظ کے توڑ کو ملا کر لفظ پڑھنے کی مشق کروایئے اور ان الفاظ پر پنسل پھیرنے کی مشق کروا کر الفاظ لکھنا بھی سیکھایئے۔
- اس کے بعد بچوں کو سرگرمی کے لیے ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور اس میں الفاظ کے توڑ کرنے اور توڑ کے جوڑ کر کے الفاظ بنانے کی مشق کروایئے اور ساتھ ساتھ ان کی درست آواز بھی ادا کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے جہاں ضرورت ہو ان کی رہنمائی کیجیے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے توڑ، جوڑ کی ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

جانچ: طلبہ سے مختلف حروف کی آوازیں سنیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 111 پر موجود الفاظ اور ان کی آوازوں کو یاد کرنے کا کام دیجیے۔

## پانچویں دن: "بُوجھو تو میں کون؟" (پھلوں کا تعارف)

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو پھلوں کو متعارف کروانے کا ہے۔
- یہ دن بچوں کو نئے الفاظ اور جملے پڑھنے، ان کے جوڑ کرنے، ان کی آوازوں کی پہچان کروانے کا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیے کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے بے شمار نعمتیں عطا کی ہے۔ ان نعمتیں میں کھانے پینے کی بے شمار چیزیں شامل ہیں۔ جیسے پھل، سبزیاں، گوشت، دالیں، شربت، دودھ، گندم، چاول وغیرہ۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پھلوں کے بارے میں پڑھنے والے ہیں۔ بچوں کو بتائیے کہ تمام پھل زمین پر اُگائے جاتے ہیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ کون کون پھل شوق سے کھاتا ہے؟ کیا انہوں نے کبھی پھل دیکھی بھی ہے؟ اگر ہاں تو ان کے نام بتائیے۔
- بورڈ پر اس کے بعد پھلوں (آم، انگور، سیب، انار) کے فلیش کارڈ لگائیے اور ساتھ ان کا نام بھی لکھیے اور بچوں کو بلند آواز سے تین سے چار مرتبہ پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے پھلوں کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- قاعدے کا صفحہ نمبر 112 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیئے گئے نئے الفاظ اور آسان جملوں کی پڑھائی کروائیے۔
- اس صفحات میں دیئے گئے پھل اور ان کے ساتھ دی گئی خصوصیات کو کہانی کی صورت میں بچوں کو بتائیے۔ تاکہ بچوں میں دلچسپی برقرار رہے۔
- بچوں کو نئے الفاظ اور آسان جملوں کی درست تلفظ کی بھی مشق کروائیے۔ ان الفاظ اور جملوں کی تین سے چار مرتبہ پڑھائی کروائی جائے اور ساتھ ساتھ بچوں کو بھی پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔

جانچ: طلبہ سے مختلف پھلوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 112 پر موجود الفاظ اور جملوں کو پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔


Aghaz Publishers, Printers & Booksellers


## (پرنٹنگ کا مواد)

### سبزی کا تصویری فلیش کارڈز (پہلے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو مختلف سبزیوں کے نام اور ان کے بارے میں بتایئے۔)















## (پرنٹنگ کا مواد)

### سبزی کے خاکے (تیسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)











(پرنٹنگ کا مواد)

## توڑ، جوڑ کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ بچوں میں تقسیم کیجیے اور توڑ کے جوڑ اور جوڑ کے توڑ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)

دیئے گئے الفاظ کے توڑ کے جوڑ کیجیے۔

گ ی ن د ----------

ا ن ا ر ----------

پ س ن د ----------

بھ ر ے ----------

ب ا د ش ا ہ ----------

گ ی ن د ----------

دیئے گئے الفاظ کے جوڑ کے توڑ کیجیے۔

موتی ------ ------ ------ ------

بوجھو ------ ------ ------ ------

دانے ------ ------ ------ ------

پھلوں ------ ------ ------ ------ ------


کشمش ------ ------ ------ ------

انگور ------ ------ ------ ------ ------

## (پرنٹنگ کا مواد)

### پھلوں کا تصویری فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو مختلف پھلوں کے نام اور ان کے بارے میں بتائیے ۔)













# بوجھو تو میں کون ہوں؟، ریل (نظم) اور اعادہ

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>▪ پھل کے بارے میں جان سکیں گے۔<br>▪ مختلف قسم کی پھل کی شناخت کر سکیں گے۔<br>▪ پھلوں کے نام لکھ سکیں گے۔<br>▪ مختلف نئے الفاظ کے توڑ، جوڑ سیکھ سکیں گے۔<br>▪ مختلف نئے الفاظ کے توڑ، جوڑ کی آواز کو بیان کر سکیں گے۔<br>▪ مختلف نئے الفاظ کو لکھ سکیں گے۔<br>▪ نظم ترنم سے پڑھ سکیں گے |
| پیریڈ: 40 منٹ | |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: بُوجھو تو میں کون؟، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 112)، پڑھائی
- دوسرے دن کے لیے: بُوجھو تو میں کون؟ (مشق)، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 113)، پڑھائی، ورک شیٹ
- تیسرے دن کے لیے: ریل (نظم)، ورک شیٹ، کریون کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 114)
- چوتھے دن کے لیے: شیر اور چوہا کہانی، میرے جسم کے حصّے، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 100 تا 103)، ورک شیٹ (اعادہ)
- پانچویں دن کے لیے: پیارے رنگ، سبزی کھایئے، بُوجھو تو میں کون؟ (پھل)، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 104 تا 113)، ورک شیٹ (اعادہ)

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

**پہلا دن:** "بُوجھو تو میں کون؟" کا تعارف

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا پھل والا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو پھلوں کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتایئے کہ ہمارے خوراک کا اہم حصہ پھل بھی ہے۔ اس کے بعد بچوں سے کچھ سوالات پوچھیے جیسے پھلوں کا بادشاہ کس کو کہا جاتا ہے؟ کس کو خشک کر کے کشمش بنایا جاتا ہے؟ کون گیند کی طرح گول ہے؟ کس کے چھوٹے چھوٹے موتی جیسے دانے ہوتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست جواب (آم، انگور، سیب، انار) دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر آم کا تصویر فلیش کارڈ لگایئے اور اس کے سامنے اس سے متعلقہ الفاظ اور آسان جملے بھی لکھیے جیسے: میرا رنگ پیلا ہے۔ سب مجھے پھلوں کا بادشاہ کہتے ہیں۔ بُوجھو تو میں کون ہوں؟ بچوں کو ان جملوں کی پڑھائی کروایئے اور ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ دہرانے کی بھی ہدایت کیجیے۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

- اسی طرح انگور، سیب، انار کے آسان الفاظ اور جملے باری باری لکھیے اور ان کی بلند خوانی کروایئے۔
- اس طرح پڑھائی کروانے کے بعد بچوں کا نئے الفاظ کا اعادہ کروائے اور اس کے لیے ایک سرگرمی بھی کروایئے۔
- پھلوں سے متعلقہ الفاظ اور آسان جملے جن کی پڑھائی کروائی گئی ہے ان کو اسی طرح بورڈ میں لکھا رہنے دیں۔ پھر ایک ایک کر کے باری باری بچوں کو پاس بلوایئے اور ان کو بتائے گئے الفاظ کی نشاندہی کرنے اور اس آواز کی ادائیگی کرنے کی بھی ہدایت کیجیے۔
- اسی طرح کچھ بچوں کو بورڈ پر لکھے آسان جملوں کو پڑھنے کی بھی ہدایت کیجیے۔ جہاں ضرورت ہو بچوں کی رہنمائی کیجیے اور ان کی حوصلہ افزائی بھی کیجیے۔ درست الفاظ اور جملوں کو پڑھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 112 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیئے گئے نئے الفاظ اور آسان جملوں کی پڑھائی کروایئے۔

جانچ: طلبہ سے پوچھیے کہ سیب، انار، انگور اور آم کے رنگ کیا نام بتایئے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 112 پر موجود الفاظ اور جملوں کو پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: "بُوجھو تو میں کون؟" مشق

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا پھلوں والا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو پھل کی مشق کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو پوچھیے کہ انہیں کون سے پھل سب سے زیادہ پسند ہے۔ اور اس کی پسند کی وجہ کیا ہے؟
- بچوں کو پوچھیے کہ انہوں نے اپنے ارد گرد کون کون سی پھل دیکھے ہیں ان کے نام بتایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر ایک طرف آسان جملہ لکھیے جیسے میں پھلوں کا بادشاہ آم ہے۔ اس کے سامنے اسی جملے کے الفاظ کو بے ترتیب کر کے لکھیے آم، پھلوں، بادشاہ کا ہے۔ اب بچوں کو پہلے درست ترتیب والے جملے کو پڑھنے کی ہدایت کیجیے اور پھر بے ترتیب والے جملے کے الفاظ کو پڑھنے کے لیے کہیے۔
- اسی طرح بچوں کو جملے کی درست ترتیب کے بارے میں بتایئے۔ اور مزید آسان جملوں کے الفاظ کو بے ترتیب کر کے بورڈ پر لکھیے اور ان کی درست ترتیب بچوں سے کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 113 کھلوایئے۔ طلبہ کو اس صفحے میں دی گئی سرگرمیوں کو کروایئے۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیے کہ آج ہم رنگ والی ایک سرگرمی کرنے والے ہیں جس سے ہم پھلوں "آم"، "سیب"، "انگور"، "انار" میں اپنی مرضی سے رنگ بھریں گے۔
- بچوں کی تعداد کے مطابق پھلوں کے خاکے تقسیم کیجیے اور ان کو اپنی مرضی سے ان پر رنگ کرنے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے پھلوں کے خاکے کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے جہاں ضرورت ہو بچوں کی رہنمائی کیجیے۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- پھلوں کے رنگ کئے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 112 پر دیے گئے پھلوں کے نام بتائیں اور ان کے بارے میں دو جملے لکھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 113 میں دی گئی سرگرمیوں کی دہرائی کا کام کر کے آنے کو دیجیے۔

## تیسرا دن: نظم "ریل"

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبق سنیے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر 114 سے نظم "ریل" کی بلند خوانی کیجیے۔ طلبہ کو نظم ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت دیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

- صفحے پر موجود الفاظ طلبہ خود پڑھ سکتے ہیں۔ کچھ طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیے اور دیگر طلبہ کو ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں میں ورک شیٹیں تقسیم کریں۔ انھیں ہدایت دیں کہ وہ ریل کے خاکے میں کریون کی مدد سے رنگ بھریں۔

(آپ کی معاونت کے لیے ریل کے خاکے کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- کام مکمل ہو جانے پر چیک کریں۔ طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ ہر بچہ باری باری اپنی ورک شیٹ جماعت میں ساتھیوں کو دکھائے اور اس سے متعلق ایک ایک حرف بھی سنائے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 114 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: نظم " ریل " یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: " شیر اور چوہا (کہانی)" اور "میرے جسم کے حصے" کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں کو قاعدے کا صفحہ نمبر 100 میں شیر اور چوہے کی تصاویر دیکھائیے اور بچوں کو آسان الفاظ پر مشتمل "شیر اور چوہا" کہانی سنائیے۔
- کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔ جیسے: شیر صبح سویرے کیا کرتا تھا؟ شیر کہا آرام کر رہا تھا؟ شیر کے بالوں میں کو چلا گیا تھا؟ چُوہے نے شیر کے بالوں میں جا کر کیا کرنا شروع کر دیا؟:۔ کچھ دن بعد جنگل میں کون آ گئے تھے؟ شکاری نے جگہ جگہ کیا چیزیں بچھا رکھی تھی؟ جال میں کون پھنس گیا تھا؟ چُوہے نے شیر کو جال میں پھنسا دیکھا تو کیا کیا؟ چُوہے نے جال کو کس کی مدد سے کاٹا؟ وغیرہ۔
- اس کے بعد بچوں کو جسم کے حصوں کا چاٹ دیکھاتے ہوئے جسم کے حصوں کا اعادہ کروائیے۔
- بچوں کو جسم کے حصوں کے تصویر فلیش کارڈ اور اہم کام کے بارے میں بھی بتائیے ۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیے کہ آج ہم ایک سرگرمی کرنے والے ہیں۔ اس میں پہلی باری ٹیم اے (Team A) کی ہو گی اور دوسری باری ٹیم بی (Team B) کی ہو گی۔
- بورڈ پر کچھ جسم کے حصوں کے نام (آنکھ، ناک، کان، ہاتھ، ہونٹ، پاؤں، سر، ناک، گال، بازو، ٹانگ) لکھیے اور ٹیم اے (Team A) اور ٹیم بی (Team B) سے ایک ایک کر کے بچوں کو بلا کر ان سے بورڈ پر لکھے الفاظ پر جسم کے حصوں کے درست تصویری فلیش کارڈ منتخب کرنے کو کہیے۔
- اس کے بعد بچوں کو بورڈ پر لکھے جسم کے حصوں کے توڑ کرنے اور پھر اس کے جوڑ کرنے کی مشق کروائیے۔
- (آپ کی معاونت کے لیے جسم کے حصوں کے تصویری فلیش کارڈ اور توڑ اور جوڑ کی ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)
- قاعدے کا صفحہ نمبر 100 تا 103 کھلوائیے۔ طلبہ کو ان صفحات کی دہرائی کروائیے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 101، 100 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو قاعدے کے صفحہ نمبر 101 پر موجود جسم کے حصوں کے نام یاد کر کے آنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: " پیارے رنگ " ، "سبزی کھائیے" اور "بُوجھو تو میں کون" کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے لیے رنگوں، سبزیوں اور پھلوں کے نام باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بورڈ پر سبزیوں اور پھلوں کے تصویری فلیش کارڈ لگائیے اور بچوں کو باری باری ان کے ناموں کے درست سٹیکی نوٹ کو تصور پر لگانے کی سرگرمی کروائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے سبزیوں اور پھلوں کے تصویری فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 104 تا صفحہ نمبر 113 تک پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے کو ان اسباق کی دہرائی بھی کروائیے۔

- اعادے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی دی جارہی ہے۔ جس کے ذریعے سے بچے کھیل کھیل میں اب تک پڑھے گئے تمام حروف کا اعادہ کر سکیں گے
- بچوں کو بتائیے کہ یہ ساری دنیا پیارے پیارے رنگوں سے سجی ہوئی ہے۔ اس میں ہمیں ارد گرد رنگ برنگی چیزیں نظر آتی ہیں۔ یہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے بنائی ہے۔
- بچوں کو بتائیے کہ یہ ساری دنیا تین رنگوں (سرخ، پیلا، نیلا) سے مل کر بنی ہوئی ہے۔ اور باقی رنگ جو ہمیں نظر آتے ہیں۔ وہ بھی ان تین رنگوں کو ملا کر ہی بنے ہوتے ہیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیے کہ آج ہم رنگ والی ایک سرگرمی کرنے والے ہیں جس سے ہم تین بنیادی رنگوں "سرخ"، "پیلے"، "نیلے" سے باقی رنگ بنائے گے
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھائیے۔ اور ان میں سامان تقسیم کیجیے۔ ڈسپوزیبل پلیٹ، واٹر کلر (رنگ)، Ear Cotton Stick، چارٹ
- بچوں میں سامان تقسیم کرنے کے بعد ان کو ڈسپوزیبل پلیٹ میں تینوں بنیادی رنگ ڈال کر دیں اور Ear Cotton Stick کی مدد سے چارٹ پر مختلف رنگ بنانے کی ہدایت کیجیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے جہاں ضرورت ہو بچوں کی رہنمائی کیجیے۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

جانچ: بورڈ پر مختلف آسان الفاظ لکھ اس کے توڑ بچوں سے کروائیے۔


گھر کا کام: بچوں کو رنگوں، سبزیوں اور پھلوں کے نام پڑھنے اور یاد کر کے آنے کا کام دیجیے۔


We Publish Future..
Publishers, Printers & Booksellers

## (پرنٹنگ کا مواد)

### پھلوں کے خاکے (دوسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)











## (پرنٹنگ کا مواد)

### ریل کے خاکے (دوسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)







## (پرنٹنگ کا مواد)

### جسم کے حصوں کا تصویری فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو جسم کے حصوں کے نام اور ان کے کام کے بارے میں پہلے پوچھیے پھر بتائیے۔)

| | |
|---|---|
|  |  |
|  |  |
|  |  |
|  |  |

(پرنٹنگ کا مواد)

## توڑ، جوڑ کی ورک شیٹ (چوتھے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ بچوں میں تقسیم کیجیے اور توڑ کے جوڑ اور جوڑ کے توڑ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)

دیئے گئے الفاظ کے توڑ کے جوڑ کیجیے۔

آ ن کھ ----------

ک ا ن ----------

ہ ا تھ ----------

ہ و ن ٹ ----------

پ ا ء و ل ----------

ب ا ز و ----------

دیئے گئے الفاظ کے جوڑ کے توڑ کیجیے۔

ناک ------ ------ ------

ٹانگ ------ ------ ------ ------

سر ------ ------

گال ------ ------ ------

آنکھ ------ ------ ------ ------



ہونٹ ------ ------ ------ ------

ہاتھ ------ ------ ------

## (پرنٹنگ کا مواد)

### سبزی کا تصویری فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو مختلف سبزیوں کے نام اور ان کے بارے میں بتایئے۔)


| | |
|---|---|
|  |  |
|  |  |
|  |  |

## (پرنٹنگ کا مواد)

### پھلوں کا تصویری فلیش کارڈز (پانچویں دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو مختلف پھلوں کے نام اور ان کے بارے میں بتائیے ۔)













# کچھوا اور خرگوش ، میری پسند، میرا پیارا گھر

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5<br><br>پیریڈ: 40 منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ تصاویر دیکھ کر کہانی بنانا سیکھ سکیں گے۔<br>■ کہانی کے مختلف سوالات کے جواب دیں سکیں گے۔<br>■ اپنی پسند کی چیز کے بارے میں آسان جملے لکھ سکیں۔<br>■ اپنے گھر کے بارے میں بتا سکیں گے۔<br>■ اپنے گھر کی چیزوں کے نام بھی لکھ سکیں گے۔<br>■ اپنے گھر کے بارے میں آسان جملے لکھ سکیں گے۔ |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: کچھوا اور خرگوش آدھی کہانی، تصویری فلیش کارڈ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 106)
- دوسرے دن کے لیے: کچھوا اور خرگوش مکمل کہانی، تصویری فلیش کارڈ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 106)
- تیسرے دن کے لیے: میری پسند (تخلیقی لکھائی)، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 115)، ذخیرہ الفاظ کا ورک شیٹ، بلی، مچھلی کے تصویری فلیش کارڈ
- چوتھے دن کے لیے: میرا پیارا گھر (تخلیقی لکھائی)، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 116)، جانوروں کے کا تصویری فلیش کارڈ، گھر کی چیزوں کے نام کے فلیش کارڈ،
- پانچویں دن کے لیے: میرا پیارا گھر (تخلیقی لکھائی)، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 116)، تصویری فلیش کارڈ، گھر کے خاکے، رنگین پنسلیں

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

## پہلا دن: کچھوا اور خرگوش

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو کچھوا اور خرگوش کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بورڈ پر کچھوا اور خرگوش کا تصویر فلیش کارڈ لگائیے اور بچوں کو ان کا نام بھی بتائیے۔
- (آپ کی معاونت کے لیے کچھوا اور خرگوش کے تصویری فلیش کارڈز اور ان کے نام کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)
- بچوں کو آسان الفاظ پر مشتمل (آدھی کہانی) "کچھوا اور خرگوش" کو دو سے تین بار سنائیے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)

- پیارے بچو! کسی جنگل میں ایک خرگوش اور کچھوا رہتے تھے۔ دونوں ہر روز ندی کے کنارے ملتے تھے۔ خرگوش کو اپنی تیز رفتاری پر بہت ناز تھا۔ وہ ہر وقت کچھوے کی سست روی کا مذاق اڑاتا رہتا تھا اور اس پر ہنستا تھا کہ تم اتنے سست کیوں ہو؟ اس کی بات سن کر بولا۔۔۔ بے شک میں سست ہوں۔ لیکن مجھے اپنی چال پر کوئی شرمندگی نہیں۔ خرگوش نے کچھوے کی بات سن کر اس کو ڈوڑ کے لیے چیلنج کر دیا۔ کچھوا دوڑ کے لیے رضامند ہو گیا۔ انھوں نے درخت کو دوڑ کا اختتام پوائنٹ بنایا۔ دوڑ شروع ہوئی۔ خرگوش تیز دوڑتا ہوا کچھوے کی آنکھ سے اوجھل ہو گیا۔ کچھ دور جا کر اس نے سوچا ابھی کچھوا بہت دوت ہے کیوں نہ تھوڑی دیر درخت کے نیچے آرام کر لو۔ خرگوش آرام کرنے کے لیے درخت کے نیچے بیٹھ گیا اور سو گیا۔

کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

- پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنایئے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔
- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے اہم الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔ جیسے: خرگوش اور کچھوا کہاں ملتے تھے؟ خرگوش کو کس چیز پر ناز تھا؟ خرگوش کچھوا کی کس چیز کا مذاق اُڑاتا تھا؟ کچھوے نے خرگوش کو کیا جواب دیا؟ خرگوش نے کچھوے کو کس چیز کا چیلنج دیا؟ وغیرہ
- قاعدے کا صفحہ نمبر 106 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو دیکھنے کے لیے کہیے۔

جانچ: بچوں کو کچھوا اور خرگوش کے تصویر فلیش کارڈ دیکھا کر ان کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 106 پر موجود تصاویر کو دیکھنے اور کہانی بنا کر لانے کو کہیے۔

## دوسرا دن: کچھوا اور خرگوش

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا کہانی کا سبق سنیے۔
- بورڈ پر کچھوا اور خرگوش کا تصویر فلیش کارڈ لگایئے اور بچوں کو ان کا نام بھی پوچھیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے کچھوا اور خرگوش کے تصویری فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

- بچوں کو آسان الفاظ پر مشتمل (مکمل کہانی) "کچھوا اور خرگوش" کو دو سے تین بار سنایئے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)

پیارے بچو! خرگوش مزے لے لے کر سو رہا تھا کچھوا اس کے پاس سے گزر گیا اور اس نے اپنی دوڑ جاری رکھی کچھ دیر بعد جب خرگوش کی آنکھ کھلی۔ اس نے سوچا کہ کچھوا تو ابھی بھی بہت دور ہو گا۔ وہ آنکھیں ملتا ہوا اُٹھا اور اختتام پوائنٹ تک چلنے لگا۔ اسے اپنی تیز رفتاری پر اتنا غرور تھا کہ خرگوش نے یہ بھی نہ سوچا کہ اسے سوئے ہوئے کافی دیر ہو گئی تھی۔ کچھوا اس سے آگے نکل جائے گا۔ جب وہ اختتام پوائنٹ پر پہنچا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ کچھوا وہاں پر کھڑا اس کا انتظار کر رہا تھا۔ خرگوش کچھوے کو وہاں دیکھ کر بہت شرمندہ ہوا۔ کچھوے نے اپنا چیلنج جیت کر مکمل کر لیا۔ خرگوش نے کچھوے کے ساتھ دوستی کر لی اور آئندہ سے اس کی سست رفتاری کا کبھی مذاق نہیں اُڑایا۔

کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

- پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنایئے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔
- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے اہم الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔ جیسے: دوڑ کے دوران خرگوش نے کیا کیا؟ جب خرگوش سو رہا تھا تو کچھوا کیا کر رہا تھا؟ خرگوش نے اپنی تیز رفتاری کے غرور میں کس چیز کا خیال نہیں کیا؟ خرگوش نے اختتام پوائنٹ پر کس کو دیکھا؟ دوڑ ختم ہونے کے بعد خرگوش نے کچھوے کے ساتھ کیا کیا۔ وغیرہ

- قاعدے کا صفحہ نمبر 106 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو دیکھنے کے لیے کہیے۔
- اس کے بعد بچوں کو کچھوا اور خرگوش کے خاکے میں رنگ بھرنے کی سرگرمی کروایئے۔
- طلبہ کو گروپوں کے صورت میں بٹھایئے۔ طلبہ کی تعداد کے مطابق کچھوا اور خرگوش والے خاکے تقسیم کیجیے اور ان پر رنگ بھرنے کے لیے دیجیے۔ ہر گروپ کے پاس باری باری جایئے اور جہاں ضرورت ہے بچوں کی مدد کیجیے

(آپ کی معاونت کے لیے کچھوا اور خرگوش کے خاکے کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 106 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 106 پر موجود تصاویر کو دیکھنے اور کہانی بنا کر لانے کو کہیے۔

## تیسرا دن: "میری پسند" تخلیقی لکھائی

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبق سنیے
- یہ دن بچوں کو میری پسند کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے کہیے کہ آج ہم آپ لوگوں کی پسند کے بارے میں بات کریں گے۔ ان کو بتائیں کہ ہر گھر میں کوئی نا کوئی پالتو جانور ہوتا ہے۔ جس کو ہم اپنے شوق کی وجہ سے رکھتے ہیں۔ جیسے طوطا، بلی، مچھلی، کتا، بکرا وغیرہ۔
- طلبہ کو باری باری کھڑا کریں اور ان سے ان کے گھر میں رکھے پالتو جانور کے بارے میں پوچھیے۔ جیسے: آپ کے گھر میں کون سا پالتو جانور ہے؟ اس کا نام کیا ہے؟ یہ کس رنگ کا ہے؟ آپ اس کو کیا کھانا ڈالتے ہوں؟
- اس کے بعد بچوں کو مچھلی اور بلی کا تصویر فلیش کارڈ دیکھائے۔ اور ان کا نام پوچھیے۔ اور ان سے متعلق دو دو آسان جملے بنایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے مچھلی اور بلی کے تصویر فلیش کارڈ اور اس کے خاکے کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- قاعدے کا صفحہ نمبر 115 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی مچھلی اور بلی کی تصاویر دیکھایئے اور ان کو کہیے کہ اگر آپ کو ان میں سے ایک کو اپنے پاس رکھنے کا موقع ملے تو آپ کیا رکھیں گے؟ اور کیوں؟۔
- اس کے بعد بچوں سے باری باری جواب وصول کیجیے۔ اور ان کو بعد قاعدے کے صفحہ نمبر 115 پر نیچے موجود لائنوں کو پُر کرنے کی سرگرمی کروائے۔
- بچوں کو مچھلی اور بلی کے متعلق آسان جملے بنانے جیسے: میری مچھلی کا نام "نیلی" ہے۔ اس کو میں نے ایک شیشے کے جار میں رکھا ہوا ہے۔ میری بلی کا نام "مانو" ہے۔ یہ سفید رنگ کی ہے۔ اس کے آرام کے لیے ایک خاص ٹوکری رکھی ہوئی ہے۔ وغیرہ۔ اور ان کو لکھنے کے لیے کہیے۔

جانچ: طلبہ سے ان کے پالتو جانور کا نام اور اس کے متعلق دو جملے بھی پوچھیے۔

گھر کا کام: قاعدے کا صفحہ نمبر 115 پر موجود مچھلی اور بلی کے بارے میں آسان جملے لکھنے اور یاد کرنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: "میرا پیارا گھر" کا تعارف

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو میرا پیارا گھر کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں سے بتائیں کہ اس دنیا میں ہر چیز کو رہنے کے لیے گھر کی ضروری ہوتی ہے۔ جہاں وہ سکون سے رہتا ہے۔ جیسے جنگل میں اپنے اپنے گھروں میں رہتے ہیں۔ مثلاً شیر، چیتا، ریچھ غار میں رہتے ہیں، پرندے درختوں میں اپنا گھونسلہ بناتے ہیں۔ مچھلیاں پانی میں رہتی ہیں۔؟ بندر درختوں پر رہتے ہیں۔ مکھی اپنے چھتے میں رہتی ہے۔ تمام بچوں کو ان کے تصویر فلیش کارڈ بھی دیکھائے۔

(آپ کی معاونت کے لیے جانوروں کے گھروں کا تصویری فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- طلبہ کو بتایئے جس طرح جانور اپنے اپنے گھروں میں رہتے ہیں اسی طرح ہمیں بھی رہنے کے لیے گھر کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ گھر مختلف انداز کے ہو سکتے ہیں۔
- اس کے بعد بچوں سے ان کے گھر کے بارے میں پوچھیے کہ ان کے گھر میں کتنے کمرے ہیں۔ ان کے گھر میں کون کون رہتا ہے۔ ان کے گھر میں کون سا رنگ ہوا ہے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 116 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی گھر کی تصویر دیکھایئے، گھر میں موجود کمروں کی بھی پہچان کروایئے۔
- بچوں کو گھر میں موجود کمروں یعنی بیڈ روم، کچن، ڈرائینگ روم، باتھ روم کے تصویر بھی دیکھایئے۔ اور ان کے ناموں کی پہچان بھی کروایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر گھر کے مختلف جگہوں کے نام لکھیے اور پانچ سے سات بار ان کے نام اور آواز پڑھایئے۔

جانچ: طلبہ کو مختلف گھر کے مختلف حصوں کے تصویری فلیش کارڈ دیکھایئے اور ان کا نام پوچھیے۔

گھر کا کام: قاعدے کا صفحہ نمبر 116 پر موجود گھر کی تصویر اور مدد گار الفاظ کو یاد کرنے کا کام دیجیے۔

## پانچواں دن: "میرا پیارا گھر" (تخلیقی لکھائی)

- قاعدے کے صفحہ نمبر 116 پر موجود 'گھر اور اس کے حصوں کے نام' کی تین سے چار مرتبہ بلند خوانی کروایئے۔
- ایک گھر اور اس کے مختلف حصوں کے تصویر فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کیا ہے؟ اس میں کتنے کمرے ہیں ؟ کچن کہاں ہے اور ہم کچن میں کیا کام کرتے ہیں؟ ڈرائینگ روم کہاں پر ہے؟ باتھ روم کہاں پر ہے؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب (گھر ہے، دو کمرے، وہاں، اور ہم کھانا پکارتے ہیں، وہاں، وہاں ) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر مدد گار الفاظ لکھیے جیسے: (پیارا گھر، کمرے، امی ابو، خوشی، صفائی، میری پسندیدہ جگہ)۔ ان کو تین سے چار مرتبہ پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔
- بچوں کو گھر کے متعلق آسان جملے بنانے کے لیے کہیے۔ اور ساتھ ساتھ بورڈ پر بھی لکھیے جیسے میرا گھر بہت پیارا ہے، اس میں دو کمرے ہیں۔ امی ابو میرے ساتھ اس گھر میں رہتے ہیں۔ امی گھر کی صفائی کا خیال رکھتی ہے۔ میں اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ خوشی سے اپنے گھر رہتا ہوں۔ یہ میری پسندیدہ جگہ ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو گھر کے خاکے تقسیم کیجیے اور ان کو اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے جہاں ضرورت ہو بچوں کی رہنمائی کیجیے۔ درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔

(آپ کی معاونت کے لیے گھر کے خاکے کا مواد ساتھ دی جا رہی ہے۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)

- قاعدے کا صفحہ نمبر 116 کھلوایئے۔ اور مدد گار الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔

اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔

جانچ: طلبہ سے ان کے گھر کے بارے میں سوالات پوچھیے جیسے آپ کے گھر میں کتنے کمرے ہیں؟ کیا آپ کے گھر میں صحن ہے؟

گھر کا کام: قاعدے کے صفحہ نمبر 116 پر موجود گھر کے متعلق تین آسان جملوں کو لکھنے کا کام کر کے آنے کا کہیے۔

(پرنٹنگ کا مواد)

## خرگوش اور کچھوا کا تصویر فلیش کارڈ (پہلے اور دوسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بورڈ پر چسپاں کریں اور بچوں کو ان کے نام بتائیے اور ان سے متعلقہ کہانی بھی سنائیے۔)

| | |
|---|---|
| خرگوش |  |
| کچھوا |  |


## (پرنٹنگ کا مواد)


### خرگوش اور کچھوا کا خاکے (دوسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)











| (پرنٹنگ کا مواد) | |
|---|---|
| مچھلی اور بلی کا تصویر فلیش کارڈ (تیسرے دن کے لیے)<br>(ان کے پرنٹ لے کر بورڈ پر چسپاں کریں اور بچوں کو ان کے نام بتایئے اور ان سے متعلقہ آسان جملے بھی بتایئے۔) | |
| مچھلی |  |
| بلّی |  |

## (پرنٹنگ کا مواد)

### مختلف تصویر خاکے (تیسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)





## (پرنٹنگ کا مواد)

### مختلف جانوروں کے گھروں کے تصویری فلیش کارڈز (چوتھے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو جانوروں کے نام اور ان کے گھر کے بارے میں بتائیے۔)













## (پرنٹنگ کا مواد)

### گھر خاکے (پانچویں دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)





# سوچ کر لکھیے (تخلیقی لکھائی)

| | |
|---|---|
| کُل دن:5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ جنگل اور جانوروں کے بارے میں جان سکیں گے۔<br>■ جنگل کے رہنے والے جانورں کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ مختلف جنگل کے جانورں کے نام پڑھ اور لکھ سکیں گے۔<br>■ مختلف نئے الفاظ کے توڑ، جوڑ سیکھ سکیں گے۔<br>■ مختلف نئے الفاظ کے توڑ، جوڑ کی آواز کو بیان کر سکیں گے۔ |
| پیریڈ: 40منٹ | |

## درکار معاونات:

- پہلے دن کے لیے: سوچ کر لکھیے؟(نئے الفاظ سیکھیے)، کے جی قاعدہ(صفحہ نمبر117)،ورک شیٹ
- دوسرے دن کے لیے: سوچ کر لکھیے؟( جنگل کی کہانی )، کے جی قاعدہ(صفحہ نمبر117)، تصویر فلیش کارڈ،
- تیسرے دن کے لیے: سوچ کر لکھیے؟(جنگل کی کہانی)، کے جی قاعدہ(صفحہ نمبر117)،ورک شیٹ
- چوتھے دن کے لیے: سوچ کر لکھیے؟(تخلیقی لکھائی)، کے جی قاعدہ(صفحہ نمبر117)،ورک شیٹ
- پانچویں دن کے لیے: سوچ کر لکھیے، جنگل کے جانور(شیر، بکری، ہرن، ہاتھی) کے تراشے، رنگین پیپرز کے کٹے پیس، گوند،

## مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

## ذیلی مہارتیں:

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

## پہلا دن: " سوچ کر لکھیے "نئے الفاظ سیکھیے

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو نئے الفاظ پڑھنے، ان کے جوڑ کرنے، ان کی آوازوں کی پہچان کرنے اور لکھنے کی مشق کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتائیے کہ آج ہم نئے الفاظ سیکھنے والے ہیں۔ اس کے بعد بورڈ میں حروف تہجی لکھیے اور بچوں سے ان کی آوازوں کے بارے میں پوچھیے۔ اور بعد ازں تمام حروف تہجی کی آوازوں بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر الفاظ "جانور "،"لومڑی"، بکری "لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے اس الفاظ "جانور "،"لومڑی"، بکری " میں کون کون سے حروف تہجی کے حرف شامل ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب (ج، ا، ن، و، ر / ل، و، م، ڑ، ی / ب، ک، ر، ی) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کے توڑ بورڈ پر لکھیے۔

Aquiline We Publish Future.. Publishers, Printers & Booksellers

- بورڈ پر توڑ لکھنے کے بعد ان کے حروف کو ملا کر ان کی آوازیں پہلے بچوں سے پوچھیے پھر ان کی رہنمائی کرتے ہوئے درست آوازیں ادا کیجیے اور ساتھ ساتھ بچوں کو دہرانے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 117 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیئے گئے مدد گار الفاظ کے توڑ کو ملا کر لفظ پڑھنے کی مشق کروائیے اور ان الفاظ پر پنسل پھیرنے کی مشق کروا کر الفاظ لکھنا بھی سکھائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو سرگرمی کے لیے ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور اس میں الفاظ کے توڑ کرنے اور توڑ کے جوڑ کر کے الفاظ بنانے کی مشق کروائیے اور ساتھ ساتھ ان کی درست آواز بھی ادا کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے جہاں ضرورت ہو ان کی رہنمائی کیجیے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے ۔

(آپ کی معاونت کے لیے توڑ، جوڑ کی ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)

جانچ: طلبہ سے مختلف حروف کی آوازیں سنیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 117 پر موجود مدد گار الفاظ اور ان کی آوازوں کو یاد کرنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: "سوچ کر لکھیے؟" کا تعارف

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھائے گئے نئے الفاظ کے توڑ اور جوڑ کا سبق سنیے۔
- بورڈ پر جنگل اور جنگل کے رہنے والے جانوروں کا تصویر فلیش کارڈ لگائیے اور بچوں کو ان کے نام بھی بتائیے۔
- (آپ کی معاونت کے لیے جنگل اور جنگل میں رہنے والے جانوروں کے تصویری فلیش کارڈز اور ان کے نام کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جا رہا ہے۔)
- بچوں کو آسان الفاظ پر مشتمل (آدھی کہانی) "جنگل" کو دو سے تین بار سنائیے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- پیارے بچو! کسی جنگل میں بہت سے جانور رہتے تھے۔ ان میں ہاتھی، ہرن، چوہا، طوطا، زرافہ، لومڑی وغیرہ رہتے تھے۔ شیر اس جنگل کا بادشاہ تھا۔ یہ تمام جانور اکھٹے رہتے اور کھانا کھاتے تھے۔ ہر شام کو یہ جنگل کے وسط میں جمع ہو جاتے اور شیر کو اپنے مسائل بتاتے اور اس طرح سب جانور مل کر اس مسلے کا حل نکالتے۔ ایک دن بکری نے اپنا مسلہ شیر کے سامنے رکھا کہ شیر بادشاہ میں بہت پریشان ہوں۔ شیر نے اس نے پریشانی کی وجہ پوچھی تو اس نے کہا کہ شیر بادشاہ مجھے کھانے کے لیے ہری بھری گھاس چاہیے ہوتی ہے۔

کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

- پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنائیے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔
- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے اہم الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔ جنگل میں رہنے والے جانوروں کے نام بتائیے۔ اس جنگل کا بادشاہ کون تھا؟ ہر شام کو جانور کیوں اکھٹے ہوتے تھے؟ وغیرہ
- قاعدے کا صفحہ نمبر 117 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو دیکھنے کے لیے کہیے۔

جانچ: بچوں کو شیر اور چوہے کے تصویر فلیش کارڈ دیکھا کر ان کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 117 پر موجود تصاویر کو دیکھنے اور کہانی بنا کر لانے کو کہیے۔

## تیسرا دن: "سوچ کر لکھیے؟" کا تعارف

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا کہانی کا سبق سنیے۔
- بورڈ پر شیر اور چوہے کا تصویر فلیش کارڈ لگائیے اور بچوں کو ان کا نام بھی پوچھیے۔

We Publish Nature... Publishers, Printers & Booksellers

(آپ کی معاونت کے لیے جنگل اور جنگل میں رہنے والے جانوروں کے تصویری فلیش کارڈز کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- بچوں کو آسان الفاظ پر مشتمل (مکمل کہانی) "شیر اور چوہا" کو دو سے تین بار سنایئے: (کہانی سناتے ہوئے درست اور واضح تلفظ کا خاص خیال رکھیے)
- پیارے بچو! بکری کو ہری بھری گھاس بہت پسند ہوتی ہے۔ لیکن نہر کے کا بند ٹوٹنے کی وجہ سے وہاں پانی بھرنا شروع ہو گیا ہے۔ ساری گھاس خراب ہو رہی ہے ۔ شیر نے کہا! اس طرح تو جنگل میں بھی پانی آسکتا ہے سارے جانور کے نہر کے پاس جہاں بند ٹوٹا تھا وہاں چلے گئے۔ سب جانوروں نے مل کر نہر کا بند باندھنا شروع کر دیا۔ ہاتھی نے اپنی سونڈ سے لکڑی کے بڑے بڑے ٹکڑے بند پر رکھے۔ لومڑی اور زرافہ نے بھی اس پر گھاس پھوس رکھی۔ سب نے مل کر نہر کا بند باندھ دیا اور کچھ دیر بعد نہر سے پانی باہر آنا بند ہو گیا۔ اس طرح سب نے مل کر بکری کا مسلہ حل کیا۔ واپسی پر وہ سب جنگل کے گھنے حصے سے گزرے وہاں پر آم کے درخت لگے تھے۔ سب نے مل کر آم کھائے اور ہنسی خوشی رہنے لگے۔ ۔

کہانی سناتے ہوئے درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھیے:

- پہلی بار میں طلبہ کو کہانی سنایئے اور انھیں خاموشی سے کہانی سننے کی ہدایت دیجیے۔
- دوسری مرتبہ کہانی سناتے ہوئے اہم الفاظ بچوں کو ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- تیسری بار کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی بر قرار رکھنے کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔ جیسے: بکری کو کیا چیز بہت پسند تھی؟، ساری گھاس کیوں خراب ہو رہی تھی؟، جنگل کے جانوروں نے کس طرح نہر کا بند باندھا؟ بند باندھنے کے بعد سب نے واپسی پر کیا چیز کھائی؟ وغیرہ۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 117 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو دیکھنے کے لیے کہیے۔
- اس کے بعد بچوں کو ہاتھی ، لومڑی، بکری اور شیر کے خاکے میں رنگ بھرنے کی سرگرمی کروایئے۔
- طلبہ کو گروپوں کے صورت میں بٹھایئے۔ طلبہ کی تعداد کے مطابق ہاتھی، لومڑی، بکری اور شیر والے خاکے تقسیم کیجیے اور ان پر رنگ بھرنے کے لیے دیجیے۔ ہر گروپ کے پاس باری باری جایئے اور جہاں ضرورت ہے بچوں کی مدد کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے ہاتھی، لومڑی، بکری اور شیر کے خاکے کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

جانچ: طلبہ سے جنگل کے جانوروں کے بارے میں کچھ سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 117 پر موجود تصاویر کو دیکھنے اور کہانی بنا کر لانے کو کہیے۔

## چوتھا دن: " سوچ کر لکھیے "(تخلیقی لکھائی)

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو سوچ کر لکھیے (تخلیقی لکھائی) کے بارے میں بتایئے۔
- بچوں کو پوچھیے کہ کیا انہوں نے کبھی جنگل کو دیکھا ہے یا اس کے بارے میں سنا ہے۔ پھر ان کو بتایئے کہ جنگل ہمارے ماحول کے لیے کتنے فائدہ مند ہوتے ہیں، یہ ہمارے ماحول کو صاف ستھرا رکھتے ہیں، تازہ ہوا کا بہترین ذریعہ ہے۔ جنگل جانوروں کا گھر ہوتا ہے۔ جس میں وہ بہت اچھے طریقے سے رہتے ہیں۔ جنگل میں رہنے والے جانوروں کو "جنگلی جانور" کہتے ہیں۔
- بچوں کو پوچھیے کہ کیا انہوں نے کبھی جنگل جانوروں کو دیکھا ہے؟ اگر جی ہاں، تو جگہ کا نام بتایئے اور انہوں نے وہاں کون کون سے جانور دیکھے ہیں؟
- اس کے بعد بورڈ پر ایک طرف الفاظ لکھیے جیسے پودے، درخت، ندی، جنگل۔ اس کے سامنے اسی الفاظ کو آسان جملے میں استعمال کر کے لکھیے جیسے: جنگل میں بہت سے پودے لگے ہوتے ہیں۔ بندر درخت میں رہتے ہیں۔ جنگل میں ایک خوبصورت ندی ہے۔ جنگل میں بہت سے جانور رہتے ہیں۔
- اسی طرح بچوں کو بتایئے کہ الفاظ کو استعمال کر کے جملے آسان جملے کس طرح بنانے ہیں۔ بچوں سے دو یا تین جملے بنوایئے اور بورڈ پر لکھیے اور ان کی پڑھائی بھی کروایئے۔

- قاعدے کا صفحہ نمبر 117 کھلوایئے۔ طلبہ کو اس صفحے میں دی گئی سرگرمی کروایئے۔


جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 117 پر دیئے گئے مدد گار الفاظ سے جملے بنانے کے لیے کہیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 117 میں دی گئی سرگرمی کا کام کر کے آنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: "کس نے بنایا؟" "مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 117 پر موجود مدد گار الفاظ اور ان کے جملوں کی تین سے چار مرتبہ بلند خوانی کروایئے۔
- جنگل کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔
- اس کے بعد بچوں سے کچھ سوالات پوچھیے: جیسے جنگل میں کون رہتے ہیں؟ جنگل کس کا گھر ہوتا ہے؟ جنگل ہمارے ماحول کو کس طرح صاف رکھتے ہیں؟
- طوطے کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کیا چیز ہے؟ اس کا نام کیا ہے؟ اور ہم اسے کہاں رکھتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب (پرندہ، طوطا، پنجرے میں) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھایئے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ تراشے دیجیے اور بچوں کو جنگل کے جانوروں (شیر، ہرن، ہاتھی، زرافہ) کے تراشے کو اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- نیز زرافہ اور ہرن کے تراشے میں رنگین پیپرز کے کٹے پیس کو گوند کی مدد سے چسپاں کریں اور مختلف رنگوں کا بھی استعمال کیجیے۔


(آپ کی معاونت کے لیے تصویری اور شیر، ہرن، ہاتھی، زرافہ کے تراشے ساتھ دیے جا رہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)





آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔





جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ تین مزید جانوروں کے نام بتایئے۔ کچھ بچوں سے پوچھیے کہ ہمیں طوطے کو ہم پیار سے کیا کہتے ہیں۔

بچوں سے جنگل کے جانوروں میں ان کے پسندیدہ جانور کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔

گھر کا کام: 'جنگل میں رہنے والے جانوروں' کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

(پرنٹنگ کا مواد)

## توڑ، جوڑ کی ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ بچوں میں تقسیم کیجیے اور توڑ کے جوڑ اور جوڑ کے توڑ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)

دیئے گئے الفاظ کے توڑ کے جوڑ کیجیے۔

ل و م ڑ ی ----------

چ و ہ ا ----------

ب ن د ر ----------

ہ ر ن ----------

چ ی ت ا ----------

ز ی ب ر ا ----------

دیئے گئے الفاظ کے جوڑ کے توڑ کیجیے۔

شیر ------ ------ ------

طوطا ------ ------ ------ ------

ندی ------ ------ ------

زرافہ ------ ------ ------ ------ ------

گھاس ------ ------ ------

بکری ------ ------ ------ ------

## (پرنٹنگ کا مواد)


### مختلف چیزوں کے فلیش کارڈز (دوسرے اور تیسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو دیکھا کر ان کے نام پوچھیے۔)













(پرنٹنگ کا مواد)

جنگل میں رہنے والے جانوروں کے نام کے فلیش کارڈز (دوسرے اور تیسرے دن کے لیے)

(ان الفاظ کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور فلیش کارڈ دیکھا کر ان کے درست نام پر چسپاں کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)


| | |
|---|---|
| ہرن | طوطا |
| ہاتھی | لومڑی |
| شیر | زرافہ |

## (پرنٹنگ کا مواد)

### جنگل کے جانوروں کے خاکے (تیسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)











(پرنٹنگ کا مواد)

## مختلف تصویر خاکے (پانچویں دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے اور رنگ پیپرز کو چسپاں کرنے کی سرگرمی کروائیے۔)







## (پرنٹنگ کا مواد)

### مختلف تصویر خاکے (پانچویں دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے اور رنگ پیپرز کو چسپاں کرنے کی سرگرمی کروائیے۔)





# کس نے بنایا؟(نئے الفاظ سیکھیے)

| | |
|---|---|
| کُل دن:5 | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ اس دنیا کے حالق کے بارے میں جان سکیں گے۔<br>■ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزوں کی شناخت کر سکیں گے۔<br>■ مختلف چیزوں کے نام پڑھ اور لکھ سکیں گے۔<br>■ مختلف نئے الفاظ کے توڑ، جوڑ سیکھ سکیں گے۔<br>■ مختلف نئے الفاظ کے توڑ، جوڑ کی آواز کو بیان کر سکیں گے۔ |
| پیریڈ: 40منٹ | |

**درکار معاونات:**

- پہلے دن کے لیے: کس نے بنایا؟(نئے الفاظ سیکھیے)، کے جی قاعدہ(صفحہ نمبر108)،ورک شیٹ
- دوسرے دن کے لیے: کس نے بنایا؟(تعارف )، کے جی قاعدہ(صفحہ نمبر109)،پڑھائی
- تیسرے دن کے لیے: کس نے بنایا؟، کے جی قاعدہ(صفحہ نمبر109)،پڑھائی
- چوتھے دن کے لیے: کس نے بنایا؟(مشق)، کے جی قاعدہ(صفحہ نمبر110)،پڑھائی،ورک شیٹ
- پانچویں دن کے لیے: کس نے بنایا؟، پھلوں، پرندہ، پہاڑ، سورج کے تراشے، رنگین پیپرز کے کٹے پیس، گوند،

**مرکزی مہارتیں:**

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

**ذیلی مہارتیں:**

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

**پہلا دن:**

## "کس نے بنایا؟" نئے الفاظ سیکھیے

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو نئے الفاظ پڑھنے، ان کے جوڑ کرنے، ان کی آوازوں کی پہچان کرنے اور لکھنے کی مشق کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتائیے کہ آج ہم نئے الفاظ سیکھنے والے ہیں۔ اس کے بعد بورڈ میں حروف تہجی لکھیے اور بچوں سے ان کی آوازوں کے بارے میں پوچھیے۔ اور بعد ازں تمام حروف تہجی کی آوازوں بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر الفاظ "صفائی "،"جنگل"،خوشی "لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے اس الفاظ "صفائی"،"جنگل"،خوشی" میں کون کون سے حروف تہجی کے حرف شامل ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب (ص،ف،ا،ء،ی / ج،ن،گ،ل / خ،و،ش،ی) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیے۔
- اس کے بعد بچوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کے توڑ بورڈ پر لکھیے۔

Aquiline We Publish Future.. Publishers Printers & Booksellers

- بورڈ پر توڑ لکھنے کے بعد ان کے حروف کو ملا کر ان کی آوازیں پہلے بچوں سے پوچھیے پھر ان کی رہنمائی کرتے ہوئے درست آوازیں ادا کیجیے اور ساتھ ساتھ بچوں کو دہرانے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 108 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیئے گئے الفاظ کے توڑ کو ملا کر لفظ پڑھنے کی مشق کروائیے اور ان الفاظ پر پنسل پھیرنے کی مشق کروا کر الفاظ لکھنا بھی سیکھائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو سرگرمی کے لیے ورک شیٹ تقسیم کیجیے اور اس میں الفاظ کے توڑ کرنے اور توڑ کے جوڑ کر کے الفاظ بنانے کی مشق کروائیے اور ساتھ ساتھ ان کی درست آواز بھی ادا کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- جماعت کا گھوم کر جائزہ لیجیے جہاں ضرورت ہو ان کی رہنمائی کیجیے اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے توڑ، جوڑ کی ورک شیٹ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

جانچ: طلبہ سے مختلف حروف کی آوازیں سنیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 118 پر موجود الفاظ اور ان کی آوازوں کو یاد کرنے کا کام دیجیے۔

## دوسرا دن: "کس نے بنایا؟" کا تعارف

- بچوں کو سلام کیجیے اور بتائیے کہ جب کوئی سلام کرے تو جواب میں 'وَعَلَيْكُمُ السَّلَام' کہنا چاہیے۔
- بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیے اور بچوں کو بھی ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔
- یہ دن بچوں کو کس نے بنایا؟ کو متعارف کروانے کا ہے۔
- یہ دن بچوں کو نئے الفاظ اور جملے پڑھنے، ان کے جوڑ کرنے، ان کی آوازوں کی پہچان کروانے کا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیے کہ ہمیں ارد گرد جو بھی چیزیں نظر آتی ہیں وہ سب کی سب اللہ تعالیٰ نے بنائی ہیں۔ جیسے سبزیاں، پھل، پھول، پانی، ہوا، روشنی، چاند، انسانوں، جانوروں، پرندوں، آسمان، تارے، یہ زمین، پہاڑ، وادیاں، دریا، سمندر، درخت، وغیرہ۔

(آپ کی معاونت کے لیے تصویری فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- بچوں کو بتائیے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ اس نے ہمیں اور تمام چیزوں کو پیدا کیا ہے۔ وہ ہمارا مالک ہے۔ اور ہمیں اس کی عبادت کرنی چاہیے اور اس کے بتائے ہوئے حکم کے مطابق زندگی گزارنی چاہیے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزوں کے بارے میں پڑھنے والے ہیں۔ بچوں کو بتائیے کہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے پیدا کی ہیں۔ جیسے ہمیں کھانے کی بے شمار چیزیں عطا کی ہیں (پھل، سبزیاں، دودھ، گوشت، گندم، چاول، دالیں، انڈا)۔ بچوں سے پوچھیے کہ کون کون سبزی شوق سے کھاتا ہے؟ کس کو کون سا پھل پسند ہے؟ انڈا کون صبح ناشتہ میں کرتا ہے؟
- بورڈ پر اس کے بعد (پھل، سبزیاں، دودھ، گوشت، گندم، چاول، دالیں، انڈا) کے فلیش کارڈ لگائیے اور ساتھ ان کا نام بھی لکھیے اور بچوں کو بلند آواز سے تین سے چار مرتبہ پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔

(آپ کی معاونت کے لیے تصویری کے فلیش کارڈ کا مواد اس منصوبہ بندی کے ساتھ دیا جارہا ہے۔)

- قاعدے کا صفحہ نمبر 119 کھلوائیے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیئے گئے نئے الفاظ اور آسان جملوں کی پڑھائی کروائیے۔
- بچوں کو نئے الفاظ اور آسان جملوں کی درست تلفظ کی بھی مشق کروائیے۔ ان الفاظ اور جملوں کی تین سے چار مرتبہ پڑھائی کروائی جائے اور ساتھ ساتھ بچوں کو بھی پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔

Publishers, Printers & Booksellers

جانچ: طلبہ سے اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چیزوں کے نام پوچھیے۔

گھر کا کام: بچوں کو اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چیزوں کے نام لکھنے اور یاد کرنے کا کام دیجیے۔

## تیسرا دن: "کس نے بنایا؟" کا تعارف

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو سبزی کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتایئے کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور اسی نے ہمارے لیے تمام چیزیں بنائی ہیں۔ اس کے بعد بچوں سے کچھ سوالات پوچھیے جیسے پھل کس نے بنائے ہیں؟ رنگ برنگے پھول کس نے بنائے ہیں؟ یہ پیارے پیارے جو ہمیں نظر آتے ہیں ان کو ہمارے لیے کس نے بنایا ہے؟ درختوں پر ہمارے لیے پھل کون اُگاتا ہے؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے۔ درست جواب (اللہ تعالیٰ) دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس کے بعد بورڈ پر پھول کا تصویر فلیش کارڈ لگایئے اور اس کے سامنے اس سے متعلقہ الفاظ اور آسان جملے بھی لکھیے جیسے: میں پھول ہوں۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے۔ میں خوشبو دیتا ہوں۔ بچوں کو ان جملوں کی پڑھائی کروایئے اور ساتھ ساتھ دو سے تین مرتبہ دہرانے کی بھی ہدایت کیجیے۔
- اسی طرح پھل، جانور، پانی، دنیا، کے آسان الفاظ اور جملے باری باری لکھیے اور ان کی بلند خوانی کروایئے۔
- اس طرح پڑھائی کروانے کے بعد بچوں کا نئے الفاظ کا اعادہ کروائے اور اس کے لیے ایک سرگرمی بھی کروایئے۔
- اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزوں سے متعلقہ الفاظ اور آسان جملے جن کی پڑھائی کروائی گئی ہے ان کو اسی طرح بورڈ میں لکھا رہنے دیں۔ پھر ایک ایک کر کے باری باری بچوں کو پاس بلوایئے اور ان کو بتائے گئے الفاظ کی نشاندہی کرنے اور اس آواز کی ادائیگی کرنے کی بھی ہدایت کیجیے۔
- اسی طرح کچھ بچوں کو بورڈ پر لکھے آسان جملوں کو پڑھنے کی بھی ہدایت کیجیے۔ جہاں ضرورت ہو بچوں کی رہنمائی کیجیے اور ان کی حوصلہ افزائی بھی کیجیے۔ درست الفاظ اور جملوں کو پڑھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 119 کھلوایئے۔ طلبہ سے اس صفحے پر دیئے گئے نئے الفاظ اور آسان جملوں کی پڑھائی کروایئے۔

جانچ: طلبہ سے بورڈ پر لکھے الفاظ (پانی، پھل، باغ) کے متعلق آسان جملہ بنانے کو کہیے۔

گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 119 پر موجود الفاظ اور جملوں کو پڑھ کر آنے کا کام دیجیے۔

## چوتھا دن: "کس نے بنایا؟" مشق

- طلبہ سے گزشتہ روز میں پڑھایا گیا سبق سنیے۔
- یہ دن بچوں کو کس نے بنایا؟ کی مشق کو متعارف کروانے کا ہے۔
- بچوں کو پوچھیے کہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی تین چیزوں کے نام بتایئے اور یہ ہمارے کس کام آتی ہیں؟ یہ بھی بتایئے۔
- بچوں کو پوچھیے کہ کیا انہوں نے کبھی پہاڑی علاقے کی سیر کی ہے؟ اگر جی ہاں، تو انہوں نے وہاں کون کون سی چیزیں دیکھی ہیں؟
- اس کے بعد بورڈ پر ایک طرف الفاظ لکھیے جیسے ہوا، روشنی، درخت، پہاڑ۔ اس کے سامنے اسی الفاظ کو آسان جملے میں استعمال کر کے لکھیے جیسے: ہوا اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے پیدا کی ہے۔ سورج کی روشنی بہت زیادہ ہوتی ہے۔
- اسی طرح بچوں کو بتایئے کہ الفاظ کو استعمال کر کے جملے آسان جملے کس طرح بنانے ہیں۔ بچوں سے دو یا تین جملے بنوایئے اور بورڈ پر لکھیے اور ان کی پڑھائی بھی کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 120 کھلوایئے۔ طلبہ کو اس صفحے میں دی گئی پہلی سرگرمی کو کروایئے۔

Publishers, Printers & Booksellers

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 119 پر دیئے گئے الفاظ اور جملے کی پڑھائی کروایئے۔


گھر کا کام: بچوں کو صفحہ نمبر 120 میں دی گئی دوسری سرگرمی کا کام کرکے آنے کو دیجیے۔


## پانچواں دن: "کس نے بنایا؟" "مشق

- قاعدے کے صفحہ نمبر 119 پر موجود الفاظ اور جملوں کی تین سے چار مرتبہ بلند خوانی کروایئے۔
- اللہ تعالیٰ کے نام کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔
- اس کے بعد بچوں سے کچھ سوالات پوچھیے: جیسے ہمیں کس نے پیدا کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی تین چیزوں کے نام بتایئے۔ یہ اُونچے اُونچے پہاڑ کس نے بنائے ہیں۔
- سورج کا فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں لے جایئے اور بچوں کو دیکھایئے اور اس کے بارے میں کچھ سوال پوچھیے۔ جیسے یہ کیا چیز ہے؟ اس سے ہمیں کیا چیز ملتی ہے؟ اور ہم اس کو کہاں دیکھتے ہیں؟
- بچوں کے جواب کا انتظار کیجیے اور درست جواب (سورج، روشنی، آسمان) دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- اس طرح کے کھیل بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔
- بچوں کو گروپوں کی صورت میں بٹھایئے۔ آج کا دن آرٹ اور کرافٹنگ کے لیے مختص کیجیے۔
- ہر گروپ میں سامان تقسیم کیجیے۔ تراشے دیجیے اور بچوں کو اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزیں (پھلوں، پرندہ، پہاڑ) کے تراشے کو اپنی مرضی سے رنگ کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- نیز سورج کے تراشے میں رنگین پیپرز کے کٹے پیس کو گوند کی مدد سے چسپاں کریں اور مختلف رنگوں کا بھی استعمال کیجیے۔



(آپ کی معاونت کے لیے تصویری اور سورج کے تراشے ساتھ دیے جارہے ہیں۔ بچوں کی تعداد کی مناسبت سے ان کے پرنٹ لے لیجیے)







آرٹ اور کرافٹ کے نمونے

- آرٹ اور کرافٹ کے نمونے ملاحظہ کیجیے۔ بچوں کا تیار کردہ کام ڈسپلے کیجیے اور آخر میں گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔

جانچ: جانچ کے لیے بچوں سے سجائی گئی چیزوں کے نام پوچھیے۔ تین پھلوں کے نام بتایئے۔ کچھ بچوں سے پوچھیے کہ ہمیں روشنی کون دیتا ہے۔

بچوں سے اللہ تعالیٰ کی بنائی ہو چیزوں میں ان کے پسندیدہ چیز کا نام اور پسند کی وجہ پوچھیے۔

گھر کا کام: 'اللہ تعالیٰ' کی بنائی ہوئی چیزوں کے نام یاد کرنے کا کام دیجیے۔

## (پرنٹنگ کا مواد)

### توڑ، جوڑ کی ورک شیٹ (پہلے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ بچوں میں تقسیم کیجیے اور توڑ کے جوڑ اور جوڑ کے توڑ کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)

دیئے گئے الفاظ کے توڑ کے جوڑ کیجیے۔

گ ا ڑ ی ----------

ر ن گ ----------

پ س ن د ----------

بھ ر ے ----------

ب ا د ش ا ہ ----------

گ ی ن د ----------

دیئے گئے الفاظ کے جوڑ کے توڑ کیجیے۔

موتی ------ ------ ------ ------

بوجھو ------ ------ ------ ------

دانے ------ ------ ------ ------

پھلوں ------ ------ ------ ------ ------ ------

کشمش ------ ------ ------ ------

انگور ------ ------ ------ ------ ------ ------


## (پرنٹنگ کا مواد)

### مختلف چیزوں کے فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو دیکھا کر ان کے نام پوچھیے۔)













## (پرنٹنگ کا مواد)

### مختلف چیزوں کے فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو دیکھا کر ان کے نام پوچھیے۔)














## (پرنٹنگ کا مواد)

### مختلف کھانے چیزوں کے فلیش کارڈز (دوسرے دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر چارٹ پر چسپاں کیجیے اور بچوں کو دیکھا کر ان کے نام پوچھیے۔)












## (پرنٹنگ کا مواد)

### مختلف تصویر خاکے (پانچویں دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے اور رنگ پیپرز کو چسپاں کرنے کی سرگرمی کروایئے۔)










## (پرنٹنگ کا مواد)

### مختلف تصویر خاکے (پانچویں دن کے لیے)

(ان کے پرنٹ لے کر بچوں میں تقسیم کریں اور اپنی مرضی سے رنگ کرنے اور رنگ پیپرز کو چسپاں کرنے کی سرگرمی کروائیے۔)







# مکمل اعادہ کا تدریسی منصوبہ بندی

| | |
|---|---|
| کُل دن: 5<br><br>پیریڈ: 40 منٹ | **مقاصد:** اس تدریس کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>■ کہانی غور سے سُن کر سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔<br>■ نظم سُن کر ساتھ ساتھ دُہرا سکیں گے۔<br>■ کتاب کے تمام اسباق اور ان کی مشقی سرگرمیاں حل کر سکیں۔<br>■ نئے الفاظ کی آواز ادا کرنا اور جملوں میں ان کو استعمال کر سکیں۔<br>■ الفاظ کے توڑ، جوڑ کر کے ان کو درست تلفظ سے پڑھ سکیں۔<br>■ تصاویر کو دیکھ کر تخلیقی لکھائی کر سکیں گے۔ |

## درکار معاونات:

- پہلا دن کے لیے: تعارف، نظم (مرغا، رانی گڑیا)، حروف تہجی کا مکمل اعادہ، اچھا بچہ بنیے، نٹ کھٹ نو، بصری حروف (یہ، وہ، ہے، ہیں)، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 4 تا 24)، ورک شیٹ (اعادہ)
- دوسرا دن کے لیے: مصوتہ "ا"، "و" "ی" سے ارکان، الفاظ سازی اور جملے کا مکمل اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 25 تا 60)، ورک شیٹ (اعادہ)
- تیسرے دن کے لیے: مصوتہ "ے" سے ارکان، الفاظ سازی اور جملے، کھانے پینے کے آداب، ننھے منھے نشان (نظم)، اعراب (زبر، زیر، پیش)، نون غنہ (ں)، ہمزہ (ء) کا مکمل اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 61 تا 85)، ورک شیٹ (اعادہ)
- چوتھے دن کے لیے: گنتی، نظم (گنتی، سردی)، بصری حروف (میں، ہوں)، مذکر مؤنث، واحد جمع، الفاظ متضاد کا اعادہ، کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 86 تا 99)، ورک شیٹ (اعادہ)
- پانچویں دن کے لیے: کہانی (شیر اور چوہا، کچھوا اور خرگوش)، پیارے رنگ، سبزی کھایئے، بوجھو تو میں کون ہو؟، نظم (ریل)، میری پسند، میرا پیارا گھر، سوچ کر لکھیے، کس نے بنایا؟ کے جی قاعدہ (صفحہ نمبر 100 تا 120، ورک شیٹ (اعادہ)

## مرکزی مہارتیں:

- سُننا
- بولنا
- لکھنا

## ذیلی مہارتیں:

- مشاہدہ کرنا
- یاد میں لانا
- منتخب کرنا
- پہچاننا
- پیشن گوئی کرنا

## پہلا دن: "تعارف" تا "بصری حروف (یہ، وہ، ہے، ہیں)" کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو نظمیں (مرغا، رانی گڑیا) کو باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔

Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 4 تا صفحہ نمبر 24 تک تمام اسباق پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے تمام اسباق میں مشکل الفاظ اور تصاویر کی پہچان کریں اور ان کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- بچوں کو حروف تہجی اور بھاری آواز والے حروف کی پڑھائی کروایئے۔ ان سے بننے والی چیزوں کی پہچان کروایئے اور ان کی ابتدائی آوازوں کی بھی پہچان کروایئے۔
- طلبہ کو بتایئے کہ ان حروف کو (ا، د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ، و) نٹ کھٹ نو کہا جاتا ہے۔ ان کو "نٹ کھٹ نو" حروف کی نظم ترنم سے پڑھ کر دوبار سنایئے انھیں بھی ساتھ ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر اب مثالوں سے طلبہ کو سمجھایئے کہ کس طرح یہ حروف اپنے سے پہلے انے والے حروف کو اپنے ساتھ ملاتے ہیں اور بعد میں آنے والوں کو دوست نہیں بناتے اور نہ ہی اپنے ساتھ ملاتے ہیں۔ جیسے: کر، رک۔ سر، رگ وغیرہ۔ طلبہ کو ایک ساتھ نٹ کھٹ نو حروف چارٹ سے دیکھتے ہوئے بار بار پڑھنے کی ہدایت دیجیے تا کہ بچوں کو ان حروف کے نام یاد ہو جائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو بصری حروف (یہ، وہ، ہے، ہیں) کے تعارف کی دہرائی کروایئے۔ ان کو بتایئے کہ قریب کی چیزوں کہ لیے حرف "یہ" بولا جاتا ہے۔ دور کی چیزوں کہ لیے حرف "وہ" بولا جاتا ہے۔ کسی ایک چیز یا شخص کے ساتھ "ہے" استعمال ہوتا ہے اور زیادہ چیزوں یا شخص کے لیے کے ساتھ "ہیں" استعمال ہوتا ہے۔
- بچوں کو قاعدے کا صفحہ نمبر 4 تا 24 تک تمام اسباق کی مکمل پڑھائی اور دہرائی کروائی جائے۔

**جانچ:** طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 19، 21، 23 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

**گھر کا کام:** بچوں کو قاعدے کے صفحہ نمبر 4 تا 24 پر موجود مشقی سرگرمیوں کا کام دہرانے اور یاد کر کے آنے کو دیجیے۔

## دوسرا دن: مصوتہ "ا"، مصوتہ "و" اور مصوتہ "ی" کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں کو مصوتہ "ا"، "و" "ی" کہ کہانی سنایئے اور قاعدے میں بتائے گئے رنگین الفاظ کی دہرائی کروایئے۔
- اس کے بعد بچوں کو مصوتہ "ا"، "و" "ی" کا تعارف کروایئے اور ان کی آواز ادا کرنے کے بارے میں بھی بتایئے۔ اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- اب طلبہ کا مصوتہ "ا" اور الفاظ پر مشتمل چارٹ دکھایئے۔ انھیں "ا" کا نام اور آواز بتایئے۔ انھیں بتایئے کہ جب 'ا' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / ا / ہوتی ہے، جیسے "امرود" کی شروع کی آواز۔ جب "ا" کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی اواز / آ / ہو جاتی ہے یعنی تھوڑی لمبی کر کے ادا کی جاتی ہے۔ جیسے تالا، باجا وغیرہ۔ یہ حرف باقی حروف سے ملتے ہوئے اپنی پوری شکل میں ہی رہتا ہے۔
- مصوتہ "و" سے متعلق پڑھائے گئے تصور کا اعادہ کرواتے ہوئے بچوں کو بتائیں کہ 'و' کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / و / ہوتی ہے، جیسے "وردی" کی شروع کی آواز۔ جب 'و' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / او / ہو جاتی ہے، جیسے، "طوطا"۔ اب بورڈ پر لفظ "طوطا" لکھیں اور طلبہ سے یہ لفظ دوبار پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں کہ "و" کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔
- مصوتہ "ی" سے متعلق پڑھائے گئے تصور کا اعادہ کرواتے ہوئے بچوں کو بتائیں کہ کسی لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز / ی / ہوتی ہے، جیسے "یخنی" کی شروع کی آواز۔ جب 'ی' کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز / ای / ہو جاتی ہے۔، جیسے، "ہاکی"۔ اب بورڈ پر لفظ "ہاکی" اور "بلی" لکھیں اور طلبہ سے یہ الفاظ دوبار پڑھوائیں۔

Publishers, Printers & Booksellers

- اس کے بعد بچوں کو مصوتہ "ا"، "و" "ی" کے اہم الفاظ کی پڑھائی کروائیے اور ارکان سازی کے بارے میں بھی بتائیے۔
- اس کے بعد بچوں ہدایت دیجیے کہ دو دو ارکان کو آپس میں ملائیں اور لفظ بنا کر پڑھیں۔ مصوتہ "ا"، "و" "ی" کے ارکان کو باری باری ملائیے اور ان کی پڑھائی کرنے کو کہیے۔
- بورڈ کے ایک جانب ارکان "کا، نا، را، بھا، غا، بو، مو، تو، لو، با، لا، ما، چا، ہا، بو، گا، رو" اور دوسری جانب ارکان "ن، ت، گ، ک، ر، لو، ڑو، لو، گو، نو، ٹھی ،لی، بی، تھی، ری، ٹی، ڑی" طلبہ سے یہ ارکان پڑھوائیے اور پھر ان ارکان کو آپس میں ملا کر الفاظ بنوائیے اور طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 31، 42، 53 کھلوائیے۔ پھر اس صفحے پر دی گئی تصویروں میں نظر آنے والے کرداروں اور اشیا کے نام پوچھیے۔
- طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے جملوں کو ایک ایک کر کے بلند آواز سے پڑھوائیے اور پھر جملوں پر لکھائی کی مشق کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 25 تا صفحہ نمبر 60 تک تمام اسباق پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے تمام اسباق میں مشکل الفاظ اور تصاویر کی پہچان کریں اور ان کے نام با آواز بلند ادا کریں۔

**جانچ:** طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 30، 36، 47 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

**گھر کا کام:** بچوں کو قاعدے کے صفحہ نمبر 25 تا 60 پر موجود مشقی سرگرمیوں کا کام دہرانے اور یاد کر کے آنے کو دیجیے۔

## تیسرا دن: مصوتہ "ے" تا ہمزہ "ء" کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- بچوں کو مصوتہ "ے" کہ کہانی سنائیے اور قاعدے میں بتائے گئے رنگین الفاظ کی دہرائی کروائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو مصوتہ "ے" کا تعارف کروائیے اور ان کی آواز ادا کرنے کے بارے میں بھی بتائیے۔ اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ سے کہیں کہ آج وہ "ے" سے ارکان سازی سیکھیں گے۔ انھیں تارے اور طوطے دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچوں کو بتائیں کہ 'ے' کسی بھی لفظ کے شروع میں نہیں آتا، یہ ہمیشہ الفاظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے۔ تو اس کی آواز / اے / ہوتی ہے، جیسے "چھوٹے" کی آواز۔ اب بورڈ پر لفظ "کھاتے" اور "سوتے" لکھیں اور طلبہ سے یہ الفاظ دوبار پڑھوائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو مصوتہ "ے" کے اہم الفاظ کی پڑھائی کروائیے اور ارکان سازی کے بارے میں بھی بتائیے۔
- اس کے بعد بچوں ہدایت دیجیے کہ دو دو ارکان کو آپس میں ملائیں اور لفظ بنا کر پڑھیں۔ مصوتہ "ے" کے ارکان کو باری باری ملائیے اور ان کی پڑھائی کرنے کو کہیے۔
- بورڈ کے ایک جانب ارکان "طو، گا، تا، با، کھا، دا، چا" اور دوسری جانب ارکان "ئے، رے، لے، طے، ئے، نے، جے" طلبہ سے یہ ارکان پڑھوائیے اور پھر ان ارکان کو آپس میں ملا کر الفاظ بنوائیے اور طلبہ سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 67 کھلوائیے۔ پھر اس صفحے پر دی گئی تصویروں میں نظر آنے والے کرداروں اور اشیا کے نام پوچھیے۔
- طلبہ سے اس صفحے پر دیے گئے جملوں کو ایک ایک کر کے بلند آواز سے پڑھوائیے اور پھر جملوں پر لکھائی کی مشق کروائیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ جس طرح ہمیں مختلف کھانے پسند ہیں اسی طرح ہمیں ان کو کھانے کا طریقہ بھی آنا چاہیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر 74 کھلوائیے۔ طلبہ کو اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو دیکھنے کی ہدایت کیجیے۔ اس کے بعد بچوں کو کھانے پینے کے آداب کی پڑھائی کروائیے۔
- کھانے سے پہلے ہاتھ دھوئیے۔
- بسم اللہ پڑھیے۔

- کھانا ہمیشہ دائیں ہاتھ سے کھایئے۔
- کھانا ختم کرنے کے بعد الحمد اللہ کہیے!۔
- ہمیشہ بیٹھ کر پانی پیئے۔
- اس کے بعد ننّھے منّے نشان نظم باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- اس کے بعد نظم میں رنگین الفاظ بورڈ پر لکھیے اور بچوں کو ساتھ ساتھ پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔
- اس کے لیے زبر، زیر اور پیش نشان کا تعارف کروایئے۔ ان کو بتایئے کہ "زبر" ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے اوپر لگتا ہے اور اس کی آواز کو اوپر کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "بستہ" کے شروع میں "بَ" پر زبر کا نشان اس کی آواز کو اوپر کھینچ رہا ہے۔
- اس کے بعد "زیر" ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے نیچے لگتا ہے اور اس کی آواز کو نیچے کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "بلی" کے شروع میں "بِ" پر "زیر" کا نشان اس کی آواز کو نیچے کھینچ رہا ہے۔
- طلبہ کو "پیش" کا اعادہ دوبار کرواتے ہوئے بتایئے کہ پیش ایک چھوٹا سا نشان ہے جو ہمیشہ حرف کے اوپر لگتا ہے اور اس کی آواز کو اوپر کھینچتا ہے۔ جیسے لفظ "اُوپر" کے شروع میں "اُ" پر پیش کا نشان اس کی آواز کو اوپر کھینچ رہا ہے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 76 تا صفحہ نمبر 78 تک حروف اور الفاظ کو زبر، زیر اور پیش کے ساتھ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے ان حروف اور الفاظ کو زبر، زیر اور پیش کی آواز کا خیال رکھتے ہوئے ان کی بلند خوانی سے پڑھائی کریں۔
- اس کے بعد بچوں کو "نون غنہ (ں)" اور "ہمزہ(ء)" سے بننے والے اہم الفاظ کا اعادہ کروایئے اور ان کو 'ن' اور 'ں' کے درمیان فرق کو واضح کیجیے۔ ان کو بتایئے کہ 'ن' کے درمیان میں نقطہ لگایا جاتا ہے جبکہ 'ں' میں کوئی نقطہ نہیں لگایا جاتا۔ اور اس کے علاوہ بچوں کو بتایئے کہ 'ء' الف کی آواز دیتا ہے۔ یہ عام طور پر "و، ی، ے" کے اوپر لگتا ہے اور ان کی آواز کو کھینچتا ہے۔
- اس کے بعد قاعدے میں "و، ی، ے" والے 'ء' کے الفاظ پڑھواتے ہوئے (ہمزہ) اور پھر اس کی آواز (/ء/) پڑھوایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 61 تا صفحہ نمبر 85 تک تمام اسباق پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے تمام اسباق میں مشکل الفاظ اور تصاویر کی پہچان کریں اور ان کے نام با آواز بلند ادا کریں۔

**جانچ:** طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 78، 77، 76، 61 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

**گھر کا کام:** بچوں کو قاعدے کے صفحہ نمبر 61 تا 85 پر موجود مشقی سرگرمیوں کا کام دہرانے اور یاد کر کے آنے کو دیجیے۔

## چوتھا دن: "گنتی" تا "نظم (سردی)" کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو نظمیں (گنتی، سردی) کو باری باری سنوایئے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوایئے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروایئے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 86 تا صفحہ نمبر 99 تک تمام اسباق پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے تمام اسباق میں مشکل الفاظ اور تصاویر کی پہچان کریں اور ان کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- اردو میں "ایک تا دس گنتی (1-10)" کا تعارف کروانے کے لیے فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جس طرح حساب یعنی Math میں Counting ہوتی ہے اسی طرح اردو میں اس کو گنتی کہتے ہیں۔ جیسے ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ، نو، دس۔

- بورڈ پر ایک طرف ہن سوں کی گنتی (12345678910) لکھے اور ان کے ساتھ ساتھ اردو کی گنتی (ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ، نو، دس) لکھیے۔ اس کے بعد بچوں کو ان کی دہرائی کروائیے۔
- بچوں کو بصری حرف "میں"، "ہوں" کی دہرائی کروائیے۔ ان کو بتائیے کہ ہم اپنے بارے میں بھی بتانے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔ جیسے میں ایک لڑکا ہوں۔ میں آئس کریم شوق سے کھاتا ہوں۔ وغیرہ۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیں کہ 'مذکر' لفظ نر کے لیے یعنی male افراد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے لڑکا، بھائی، باپ، گھوڑا، بکرا، وغیرہ۔ اور اسی طرح 'مؤنث' لفظ مادہ کے لیے یعنی female افراد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے لڑکی، بہن، امی، گھوڑی، بکری، وغیرہ
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیں کہ 'واحد' لفظ ایک چیز کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے پنسل، کاپی وغیرہ۔ اور اسی طرح 'جمع' لفظ ایک سے زیادہ چیزوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے پنسلیں، کاپیاں، وغیرہ۔
- اس کے بعد بچوں کو ایک قلم دیکھائیے اور ان کو بتائیے یہ واحد ہے یعنی اکیلا ہے۔ اور پھر بچوں کو تین قلم دیکھائیے اور ان کو بتائیے کہ یہ جمع ہے یعنی ایک سے زیادہ ہے۔
- اس کے بعد بورڈ پر دو کالم بنائیے اور بچوں سے کمرہ جماعت میں پڑی چیزوں کا نام پوچھیے اور ان کو واحد کے خانے میں لکھتے جائیے۔ جیسے دروازہ، کھڑکی، بستہ، کتاب، ٹوکری، گھڑی، وغیرہ۔ پھر ان کے 'جمع' کر کے جمع کے خانے میں لکھتے جائیے۔ جیسے دروازوں، کھڑکیوں، بستے، کتابوں، ٹوکریاں، گھڑیوں وغیرہ۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیں کہ 'الفاظ متضاد' کو الفاظ اُلٹ بھی کہتے ہیں جس کے معنی ہوتے ہیں کسی بھی چیز یا لفظ کے مخالف چیز یا لفظ لکھنا ہوتا ہے۔ جیسے اچھا، بُرا، نیا پرانا، صاف، گندا وغیرہ۔
- اس کے بعد کمرہ جماعت میں سے ایک پتلا بچے اور ایک موٹا بچے کو اپنے پاس بلوائیے اور تمام بچوں کو بتائیے کہ اس پتلے بچے کا متضاد (اُلٹ) یہ موٹا بچہ ہے۔ یعنی پتلا بچہ موٹے بچے کا متضاد (اُلٹ) ہے۔
- بچوں کو قاعدے کا صفحہ نمبر 86 تا صفحہ نمبر 99 تک تمام اسباق کی مکمل پڑھائی اور دہرائی کروائی جائے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 94، 92، 91، پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو قاعدے کے صفحہ نمبر 86 تا 99 پر موجود مشقی سرگرمیوں کا کام دہرانے اور یاد کر کے آنے کو دیجیے۔

## پانچواں دن: "کہانی (شیر اور چُوہا" تا "کس نے بنایا؟" کا اعادہ

- یہ دن اب تک پڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے مختص کیا گیا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو نظمیں (ریل) کو باری باری سنوائیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- متعلقہ حرف بورڈ پر لکھوائیے۔ ہر نظم پڑھنے کے بعد اس میں سے حرف کے ذخیرہ الفاظ کی نشان دہی کروائیے۔
- بچوں کو قاعدہ کھول کر صفحہ نمبر 100 تا صفحہ نمبر 120 تک تمام اسباق پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ بچے تمام اسباق میں مشکل الفاظ اور تصاویر کی پہچان کریں اور ان کے نام با آواز بلند ادا کریں۔
- بچوں کو قاعدے کا صفحہ نمبر 100 میں شیر اور چوہے اور صفحہ نمبر 106 میں کچھوا اور خرگوش کی تصاویر دیکھائیے اور بچوں کو آسان الفاظ پر مشتمل "شیر اور چوہا" اور "کچھوا اور خرگوش" کی کہانی سنائیے۔
- کہانی سناتے ہوئے بچوں کی دل چسپی برقرار رکھنے اور اعادہ کے لیے ان سے کچھ مختصر سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو جسم کے حصوں کا چاٹ دیکھاتے ہوئے جسم کے حصوں کا اعادہ کروائیے۔

- پھر کچھ جسم کے حصوں کے نام (آنکھ، ناک، کان، ہاتھ، ہونٹ، پاؤں، سر، ناک، گال، بازو، ٹانگ) بولیے اور بچوں سے ان کی خود شناخت کرنے کو کہیے۔ جیسے آپ بولیں گی کہ آنکھ کہاں ہے، تو بچہ اپنی آنکھ پر انگلی رکھ کر بتائے گا اور اس کا نام دہرائے گا۔
- اس کے بعد رنگوں، سبزیوں اور پھلوں کے نام باری باری بولیے اور انھیں ساتھ ساتھ مل کر پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچوں کو بتائیے کہ یہ ساری دنیا تین رنگوں (سرخ، پیلا، نیلا) سے مل کر بنی ہوئی ہے۔ اور باقی رنگ جو ہمیں نظر آتے ہیں۔ وہ بھی ان تین رنگوں کو ملا کر ہی بنے ہوتے ہیں۔
- قاعدے میں موجود سبزیوں اور پھلوں کے الفاظ اور آسان جملوں کی بچوں کو پڑھائی کروائیے اور لکھنے کی بھی مشق کروائیے۔
- اس کے بعد بچوں کو جملے کی درست ترتیب کے بارے میں بتائیے۔ اور مزید آسان جملوں کے الفاظ کو بے ترتیب کر کے بورڈ پر لکھیے اور ان کی درست ترتیب بچوں سے کروائیے۔
- بچوں کو نئے الفاظ پڑھنے، ان کے جوڑ کرنے، ان کی آوازوں کی پہچان کرنے اور لکھنے کی مشق کروانے کا ہے۔
- بچوں کو بتائیے کہ آج ہم نئے الفاظ سیکھنے والے ہیں۔ اس کے بعد بورڈ میں حروف تہجی لکھیے اور بچوں سے ان کی آوازوں کے بارے میں پوچھیے۔ اور بعد ازں تمام حروف تہجی کی آوازوں بتائیے۔
- اس کے بعد بورڈ پر الفاظ "ہونٹ"، "سورج"، بستہ "لکھیے۔ بچوں سے پوچھیے اس الفاظ "ہونٹ"، "سورج"، "ٹھنڈا" میں کون کون سے حروف تہجی کے حرف شامل ہیں؟
- اس طرح بچوں کو توڑ، جوڑ کی مشق کا اعادہ کرواتے ہوئے ان کی رہنمائی بھی ساتھ ساتھ کرتے جائیے۔
- اس کے بعد بچوں سے ان کے پالتوں جانوروں کے بارے میں پوچھیے اور ان کو "مچھلی" اور "بلی" کی تصویر دیکھائیے اور ان کے متعلق آسان جملے لکھنے کی مشق بھی کروائیے۔
- اعادہ کی مشق کو جاری رکھتے ہوئے بچوں سے ان کے گھر کے بارے میں پوچھیے جیسے ان کے گھر میں کتنے کمرے ہیں۔ ان کے گھر میں کون کون رہتا ہے۔ ان کے گھر میں کون سا رنگ ہوا ہے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیے کہ ہمیں ارد گرد جو بھی چیزیں نظر آتی ہیں وہ سب کی سب اللہ تعالیٰ نے بنائی ہیں۔ جیسے سبزیاں، پھل، پھول، پانی، ہوا، روشنی، چاند، انسانوں، جانوروں، پرندوں، آسمان، تارے، یہ زمین، پہاڑ، وادیاں، دریا، سمندر، درخت، وغیرہ۔
- بچوں کو بتائیے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ اس نے ہمیں اور تمام چیزوں کو پیدا کیا ہے۔ وہ ہمارا مالک ہے۔ اور ہمیں اس کی عبادت کرنی چاہیے اور اس کے بتائے ہوئے حکم کے مطابق زندگی گزارنی چاہیے۔
- بچوں کو قاعدے کا صفحہ نمبر 100 تا صفحہ نمبر 120 تک تمام اسباق کی مکمل پڑھائی اور دہرائی کروائی جائے۔

جانچ: طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 120، 106109، 105، 101، 100 پر دیے گئے "لسانی مشق" کے سوالات پوچھیے اور ان کے زبانی جوابات لیجیے۔

گھر کا کام: بچوں کو قاعدے کے صفحہ نمبر 100 تا 120 پر موجود مشقی سرگرمیوں کا کام دہرانے اور یاد کر کے آنے کو دیجیے۔